مسخ انسانی ہم حیوانی بن جاتا ہے مگر اگلوں میں قانونی طور پر یہ تبدیلی ہوتی ہے کہ جسم انسانی تو قائم رہا یا پھر مرد و عورت کے ذریعہ بچہ پیدا ہوتا ہے بعد میں جوان دو صورتیں یہ کہ اگر لوگوں حق ہو تو چاہئے تھا کہ دنیا میں انسان بڑھتے رہتے کیونکہ انسان ہی توالد و تناسل کرتا رہا ہے اور اس مناسبت سے جانور بڑھتے رہتے مگر ہو یہ رہا ہے کہ انسان گھٹتا جا رہا ہے اور جانور بڑھتے جا رہے ہیں۔ پھر یہ کہ اگر بد کار انسان اپنے گناہوں کی وجہ سے حیوان بن جاتے ہیں تو بہت سے انسان ایسے ہیں کہ کوئی گناہ نہیں کیا ہمیشہ اچھے اعمال ہی کئے جیسے نبی ولی یا تمہارے رشتہ دار مرنے کے بعد کس شکل میں دنیا میں آتے ہیں یہی زندگی دکھلا دیں میں حاضر ہیں ہو تکلیف کا شائبہ بھی نہ ہو دنیا میں ایسی مخلوق کہیں نہ ہے گی کہ سب ہی رنج و غم میں مبتلا رہتے ہیں لہٰذا یہ داخل نہیں آخرت ادار الجزاء ہے جہاں تکلیف بھی خالص سے آرام بھی خالص۔ **ساتواں اعتراض** مسخ تعزیری ہوتا ہے یا گناہوں پر بھی ہوتا ہے۔ **جواب** مسخ ایک طرح کا دنیاوی عذاب ہے اور عذاب الٰہی کو رنج و غم پہچانے سے آتا ہے خواہ وہ کفر ہو یا گناہ پر قادر ہو مومن تھا صرف رکوۃ نہیں دیتا تھا کہ موسیٰ علیہ السلام کو اس سے غم ہوا تو اس میں دو صورتیں ہیں۔

پیچ قومے را خدا رسوا نہ کرد ۔۔۔ تا نرنجد صاحب دلے بندۂ

قوم شعیب ہم تو نے قوم لوط غلام رہنے پر ہلاک کی گئی یہ چیزیں گناہ ہیں مگر چونکہ ان سے نبی کو دکھ پہنچا تو عذاب آیا۔ **آٹھواں اعتراض** خنثیٰ مسخ ہوا جو مرد سے بیوی ہو تو اس کا نکاح باقی رہے گا نہیں اگر نہیں تو عورت عدت وفات کرے یا عدت طلاق۔ **جواب** اگر خنثیٰ مسخ ہو کر انسان ہی رہے مثلاً خوبصورت تھا گناہوں کی وجہ سے بدشکل ہو گیا تو نکاح قائم رہے اور اگر انسان کی شکل پر نہ رہے تو مثلاً جیسے جل کر لکڑی پتھر بن گیا ہے تو عورت عدت وفات گزارے جیسے انسان کو پتھر بنا دیا گیا تھا اور اگر جانور بن گیا ہے تو چونکہ وہ غیر جنس ہو گیا اور غیر جنس سے انسان کا نکاح نہ تو منعقد ہوتا ہے نہ باقی رہتا ہے لہٰذا یہ نکاح فسخ ہو گیا اور فسخ نکاح کی عدت طلاق کی نہیں۔ خیال رہے کہ یہ تو حضرت سلیمان کا نکاح جنات سے ہوا تھا حضرت علی علیہ السلام کا نکاح پری سے ہوا تھا محض بے اصل ہے انسان کا نکاح پری جن وغیرہ سے نہیں ہو سکتا کہ وہ غیر جنس ہیں۔ **نواں اعتراض** یہاں قرینہ کے ساتھ **خاسئین** فرمایا کہ ذلیل ہو اب وہ بندر بنا دیئے گئے تو رہے ہوئے خود ہی ہو گئے۔ **جواب** اس کا جواب بھی تفسیر میں دیا گیا کہ بندروں کو بعض لوگ پال لیتے ہیں ان کی خاطر کرتے ہیں مگر وہ ایسے بندر بنے کہ ان کے پاس کوئی آدمی ٹھہر نہیں سکتا تھا اس میں محنت ہوتی تھی لہٰذا یہیں ہو گیا کہ ذلیل تھا وہی اسیں اپنے پاس نہیں ٹھہرنے دیتا تھا اس لئے فرمایا **خاسئین**۔

تفسیر صوفیانہ مسخ صورت اللہ تعالیٰ سب کو اس سے محفوظ رکھے مسخ سیرت یعنی دل مسخ کرنا اس سے بدتر عذاب ہے یہ عذاب قیامت تک رہے گا۔ انسان کا دل اچھائی سے برائی کی طرف مائل ہو جائے جیسے بنی اسرائیل نے ناحائز طور پر مچھلی کھائی تو مسخ صورت کے عذاب میں گرفتار ہوئے ویسے ہی ناحائز طور پر کسی سے دل لگا لینا بھی مسخ ہے حدیث میں آیا ہے دنیا ملعونہ ملعون ما فیہا الا ما ابتغی بہ وجہ اللہ یعنی دنیا ملعون ہے جو اللہ کے لئے ہو وہ اچھا ہے انسانی صفات کو دو اس بستی سے باہر ہیں یہ صفات انسانی تین قسم کے ہیں۔ صفات روحانی۔ صفات جبلی (قلبی) صفات حسانی۔ ان سب کو بشری دوائی سے شکار سے منع کیا گیا یہ صفات دو قسمیں ہو گئیں صفات روحانیہ تو اس شکار سے باز رہے بلکہ دوسروں کو منع بھی کرتے رہے اور جبلی صفات خاص رہے اور حسان

www.alahazratnetwork.org

صفت سے یہ شکار ہو رہے ہیں۔ سے اصل یہ شکاری رات تو تیرے اندر ہو رہا ہے اپنا آنچہ سوچ سے ہیں ہو صفت ہستی فاعلہ سے ہیں سے سے ہیں روحانی صفات فاعلہ سے اس سے سے روحت ہیں اور جس پر تجلی صفات فاعلیہ سے اس سے سے رشت ہیں ہو نا فرماتے ہیں ۔

جس تا ... است و ذرہ ... قرہ ... واقف روحت خلسہ تیبی ندھد
... ما ... است رس ... ور ... التجا فی منک من دار الغرور

وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكَ لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ يَّسُوْمُهُمْ

اور جب اعلان کر دیا رب نے تمہارے البتہ ضرور بھیجتا رہے گا اور ان کے روز قیامت تک ایسے جو چکھائے گا انہیں

اور جب تمہارے رب نے حکم سنا دیا کہ وہ قیامت کے دن تک ان پر ایسے کو بھیجتا رہوں گا جو

سُوْٓءَ الْعَذَابِ ۭ اِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيْعُ الْعِقَابِ ۚ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

سخت عذاب کی تحقیق رب تمہارا البتہ جلد عذاب دینے والا ہے اور تحقیق وہ البتہ مغفرت فرمانے والا ہے

بیس برے عذاب چکھائے بیشک تیرا رب البتہ ضرور جلد عذاب دینے والا ہے اور وہ البتہ بخشنے والا مہربان ہے

تعلق اس آیت کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق پچھلی آیت میں یہود کی بد عملیوں اور ان کی سزا کا بیان تھا اور یہ ہے کہ ان کی سزا کا تذکرہ ہو رہا ہے گویا وقتی بد عملیوں کے ذکر کے بعد دیرپا دائمی سزا کا ذکر ہو رہا ہے۔ دوسرا تعلق پچھلی آیت میں یہود کی سزا کا ذکر ہوا یعنی ان کا بدترین حالت ہر طرف سے پھٹکارا جانا اب ان کی سزا کا بیان قیامت تک ہوتا رہے گا گویا بتایا جا رہا ہے کہ ان کی ذلیل سزا اس وقت ختم نہیں ہوگی بلکہ ان کی قوم پر ابد الآباد تک پھٹکار پڑتی رہے گی۔ تیسرا تعلق پچھلی آیت میں یہود کے محض عذاب کا ذکر تھا یہاں عذاب کے ساتھ ان پر عمومی عذاب کا ذکر ہے یعنی ساری قوم پر لعنت و پھٹکار کا

تفسیر **واذ تاذن ربک** یہ بھی اسی کلام کا ابتدائی حصہ ہے اور اس سے پہلے **اذکر** فعل پوشیدہ ہے یعنی اے محبوب آپ موجودہ اور آئندہ نسلوں سے یہود کی بد عملیوں سے تذکرہ کریں۔ **تاذن** بنا ہے **اذن** سے۔ معنی اطلاع یا باب افعال سے ہے جس میں کسی کام کا حکم دینا سب کو اطلاع دے دی جیسے **توعد**۔ معنی **ایعاد** آتا ہے ایعاد کے معنی میں ہے جس کا اذن رب تعالیٰ سے ہو اور فرمایا **ربک** سے فرمایا تاکہ حضور ﷺ کی قدر و منزلت اور آپ کی محبوبیت معلوم ہو۔ رب تعالیٰ اپنے محبوب کے پتہ سے فرماتا ہے اس میں نور بہت عیش ہیں غالباً رب تعالیٰ کا یہ اعلان یہود کی ذلیل و رسوا ہونے کی صورت میں ہوا **لیبعثن علیہم اذ تاذن** جواب ہے **اذ تاذن** قسم کے معنی تھے یہ قسم کا جواب ہے **یبعثن** بنا ہے بعث سے اس سے بعد **فی دالی** ہو تو مراد ہر بار رحمت کے لیے بھیجنا مراد ہوتا ہے جیسے

www.alahazratnetwork.org

اذ بعث فیھم رسولا اور اگر ان کے بعد **علی** تو قہر و غضب سے ہے **منھم** سے مراد تو بدر جانے والے یہودی ہیں ان کی نسل ہی ہے اور **بنی اسرائیل** مراد ہوتے ہیں یہودان پر قتل و قتیں نازل ہوئیں جس سے ان کی قوم ہوئی **الی یوم القیمۃ** سے **الی یوم القیمۃ** حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کا زمانہ ہے آپ کی تشریف آوری قیامت کی علامت ہے قیامت شروع ہو جائے گی کیونکہ عیسیٰ علیہ السلام یہود کے خاتمہ پر مامور ہیں سلاطین مقرر ہوتے رہیں گے جن کے درمیان وقفے ہوں گے **یبعثن** آتا رہتا ہے اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہر آنے **من یسومھم سوء العذاب** سے مراد بادشاہ سلاطین ہیں **یسوم** بنائے **سوم** عمل چلانا ہے مگر یہ بنائے **سوم** ہیں ہے **سوم** اور **یسومونکم سوء العذاب** سے **سوء العذاب** ہے یہودی قتلیں ہیں یہودی طاقت سے یا وہ ہیں جن قتل قدس

رہا چنانچہ یہود حضرت عیسیٰ علیہ السلام سلطان مقرر ہوئے ان کے بعد **بخت نصر** سلاطین پھر مجوسی سلاطین حتی کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کو مجوسیوں سے پالا پڑا ہے پھر حضور انور نے اسی عہد مبارک سے خیبر کی طرف نکالا پھر حضرت عمر کے زمانہ میں شام سے یہود کو نکالا ان کی قتلیں ہی ایسی ہیں کہ کوئی سلطنت اپنے ملک میں رکھنے کو تیار نہیں ہوتی ہے مدینہ طیبہ کی بھی سلطنت نے اپنے ملک میں نہ رکھا بلکہ اسی فلسطین میں مسلمانوں کے ہیں پر سیدالوری مسلمانوں کے ہاتھوں سے ان شاء اللہ یہ واقعات یہودی کی بھی ست کا پیش خیمہ ہیں۔ اللہ سچا ہے اس سے ڈرنے والے سچا ہے

اے رضا ہر گاہ کہ یہ وقت ہے

یہ تو یہود کے دنیاوی عذاب کا ذکر تھا اب اخروی عذاب کے متعلق ارشاد **ان ربک لسریع العقاب** آخرت یہود پر ان دنیاوی عذاب کے علاوہ ہر کافر کی موت سے شروع ہو جاتے ہیں عذاب صراط پل صراط پر پہلے عذاب تو ہوتے اور ختم ہوتے رہیں گے عذاب دوزخ ابدی ہے یہ دنیا میں بلکہ قبر میں قیامت قریب ہے لیکن یہ تمام عذاب ان کے مرجاویں یہود ایمان لاویں **وانہ لغفور رحیم** اللہ تعالیٰ ہو گی ہے اس سے ڈرنے والے کا اور دوزخ ہو گی ہے ان کے لئے ہے

معفرت و رحمت ہوں ان عذاب اور عذاب میں فرق ہم پہلے دنیاوی تعمیر میں عرض کر چکے ہیں یہ آیت عذاب کی

خلاصہ تفسیر اے محبوب یاد کرو جب یہ یہود یا سارے لوگوں سے

www.alahazratnetwork.org

عذابوں کا مستحق اس مسیح پر نہیں ہوا یا اللہ تعالیٰ نے گذشتہ نبیوں ان کے منکروں اس کی کتابوں سے ریہ معلوم فرمایا تھا کہ جو ظلم یہ دل عادی مجرم ہیں اس سے قیامت اور سخت بادشاہ مسلط ہوتے رہیں گے جو انہیں سخت تکلیف دیتے رہیں گے۔ قتل غارت ذلت خواری مقرر کر دی ہے ان سے سخت تر کام لیا وغیرہ چنانچہ ان پر سخت تر حملے بادشاہ مسلط ہوئے جنہوں نے انہیں تباہ برباد رکھا یہ سلسلہ وقتاً فوقتاً قیامت یعنی عیسیٰ علیہ السلام کی تشریف آوری تک رہے گا پھر یہ دنیوی عذاب ان کے ان عذابوں سے موت و قبر و حشر کے عذاب اس کے علاوہ ہیں ان عذابوں کو دیکھ کر نہ سمجھیں اللہ تعالیٰ جلد عذاب بھیجنے والا ہے بلکہ توبہ کریں تو ہم ان کے سارے گناہ بھی معاف کر دیں گے اور ان پر رحمتوں کی بارشیں بھی فرمائیں گے یہ ہے ہمارا مطلب بھی میں نے کہا کہ بحمد نصرہ شاہ **بعلبک** اور انہوں نے مرکب ہوا ہے بعل معنی مالک اور بک ایک بت کا نام تھا جس کی مالک ایک عورت تھی وہ بت اس عورت کے پاس ڈال گئی تھی وہاں سے وہاں کے باشندے اس عورت کی عزت کرنے لگے۔ **بعلبک** کی طرح یہ مضاف ہے **علمیت** کا یہ سب صرفی وجوہ سے تفسیر صاوی ایک ہزاری پایا شاہ ہوا۔

فائدے اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ۔ محض یا قوی تر قدرت خدا تعالیٰ کا ہے اور ارادہ خود مختاری اللہ تعالیٰ کی ہے۔ دوسرا فائدہ **لیبعثن علیھم** سے حاصل ہوا کہ یہود خدا کا ایسا مجرم ہے کہ وہ ہمیشہ دوسری قوموں سے رعایا بن کر رہیں گے کبھی آزادی نہ رہے گی آزادی اور بے قیدی میں فرق ہے یہود کی حکومت ہے اور بے قیدی عذاب۔ دوسرا فائدہ۔ عالم بادشاہ عالم بادشاہ کا تسلط اللہ تعالیٰ کا عذاب ہے جس سے سرشوئی ہوتی ہے۔ حضرت سعدی فرماتے ہیں۔ شعر

چوں خواہد کہ ویراں کند عالمے ۔۔۔ فگند ملک در پنجہ ظالمے

یہ فائدہ **یسومھم سوء العذاب** سے حاصل ہوا یہود پر **بخت نصر سنجاریب** سلاطین روم مسلط ہوئے ان کے جرموں کی پاداش میں۔

حکایت: کسی شخص نے ایک پرچہ جس پر یوسف کو کسی ذریعہ سے پہنچایا جس میں لکھا تھا تاج تمہارے لئے ہیں تو حضرت تم بن جاتاج سے ہیں۔ جواب دیا کہ **تبذرو تمر**۔ تم ابوذر غفاری بن جاؤ میں عمر بن جاؤں گلہ چرائے رہے یہ سب ہوئے ظالم حاکم مقرر ہوئے مالک تھے جس کو چاہتے دیتے جس کو چاہتے روک لیتے اور جرم میں ایک ہی چیز گنہگاروں کے لئے عذاب ہوتی ہے یہ کاروں سے رحمت اللہ آیت صحیح ہے یہ ظالم۔ تیسرا فائدہ یہود کے متعلق فیصلہ الٰہی ہو چکا ہے کہ وہ تاقیامت حکیم طالم حاکم مقرر ہوتے رہیں گے اور کبھی انہیں سلطنت دی گئی تو وہ ایک عارضی چیز ہوگی آخر کار پھر محکومیت۔ فائدہ **الی یوم القیمۃ** سے حاصل ہوا۔ چوتھا فائدہ کبھی باپ دادوں کی سرکشی کا نتیجہ اولاد کو بھی بھگتنا پڑتا ہے خصوصاً جبکہ اولاد ان سے راضی ہو جیسا کہ بہت سے شواہد یہ حاصل ہیں اولاد نے مگر اس کی یہ سزا تاقیامت ان کے ہم قوم اسرائیلیوں نے یوں ہی بھگتی یہ کارنامے باپ دادوں کی سزا کا نتیجہ ان کی اولاد کو بھی مل جاتا ہے رب فرماتا ہے **وکانوا وھما صالحا**۔ پانچواں فائدہ۔ بنی اسرائیل پر دنیا کے سینکڑوں عذاب ان کی پوری سزائیں بلکہ اسمیں آخرت میں بھی دوزخ کی سزائیں ہوں۔

www.alahazratnetwork.org

ں یہ فائدہ **لسریع العقاب** سے حاصل ہوا جیسا کہ ابھی تفسیر میں عرض کیا گیا ہوں ہی نیک لوگوں کو بھی دنیا میں کبھی آرام مل جاتے ہیں مگر یہ آرام اس کو پورا العام نہیں پورا انعام تو آخرت میں ملے گا چھٹا فائدہ بڑے سے بڑے مجرم اگر توبہ سے تو اس کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں تو وہ ملیں ہے جس سے بندہ پاک صاف ہو جاتا ہے یہ فائدہ **وانہ لغفور رحیم** سے حاصل ہوا اگر خیال رہے کہ جیسا کہ ابھی تو اس کی تفصیل ہم اس تفسیر میں توبہ کے بیان میں دے چکے ہیں۔ **ساتواں فائدہ** اللہ تعالیٰ ایسا کریم و رحیم ہے کہ توبہ کرنے والوں کے صرف گناہ ہی معاف نہیں فرماتا بلکہ اس کے علاوہ اپنی رحمتوں کی بارشیں بھی کرتا ہے یہ فائدہ غفور کے بعد رحیم فرمانے سے حاصل ہوا ہم نے عرض کیا ہے۔ شعر

اے کریم ار ما جفا از تو وفا اے رحیم ار ما خطا از تو عطا

پہلا اعتراض اس آیت معلوم ہوا کہ یہود کے ہاتھ سے جو بدر بنا دیئے گئے تھے ان کی نسل چلی اسی نسل پر تا قیامت سخت گیر بادشاہ مسلط ہوں گے ورنہ **لیبعثن علیہم** فرمانا کیسے درست ہوا **جواب** ابھی تفسیر میں عرض کیا گیا کہ **لیبعثن علیہم** میں **ہم** سے مراد لیلہ والے ہوگ نہیں بلکہ ان کے ہم قوم یہود ہیں اگر اس مسخ شدہ لوگوں کی نسل چلتی تو وہ بندری ہوتی بندروں پر سخت بادشاہ مقرر ہونے کے کیا معنی ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ ان مسخ شدہ لوگوں کی دولت، جوان کے مسخ ہونے سے پہلے ہو چکی تھی اور وہ ذکار سے محفوظ رہی ان پر تا قیامت سخت سلاطین مقرر ہوں۔ **دوسرا اعتراض**۔ یہاں فرمایا گیا کہ یہود پر تا قیامت سخت بادشاہ مقرر ہوں گے حالانکہ ہیں بہت سخت تکلیف دیں گے مگر قیامت سے پہلے دجال کے ساتھ یہود ہوں گے جنہیں دجال کی وجہ سے بہت ہی ترقی ہوگی پھر یہ آیت کیونکر درست ہوئی۔ **جواب** وہ یہود دجال کی پیروی کر کے یہود نہ رہیں گے بلکہ دجال کو خدا مان کر اپنے مذہب سے نکل جائیں گے ان کی ترقی یہود کی ترقی نہیں بلکہ دجال کے گروہ کی ترقی ہوگی پھر وہ ترقی بھی محض عارضی ہوگی چالیس دن کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور مومنین کے ہاتھوں سارے قتل کرا دیئے جائیں گے نہایت خواری سے۔ **تیسرا اعتراض** اس آیت سے معلوم ہوا کہ یہود قیامت تک دوسروں سے ماتحت رہیں گے مگر آج فلسطین میں یہود کی بادشاہت قائم ہو گئی اور وہ مسلمانوں کے لئے ہاں رہیں گے ہیں یہود نے مسجد اقصیٰ کا حصہ جلا دیا قرآن مجید کی یہ خبر درست نہیں ہوئی۔ **جواب** اس کا جواب ابھی تفسیر میں گذر گیا کہ ان کی یہ سلطنت شان و شوکت محض عارضی اور چند روزہ ہے اور اب بھی ایسی چیں بجبیں ہیں اور اب ساری دنیا کے یہود فلسطین میں جمع ہو رہے ہیں اور وہاں ہی آباد ہو رہے ہیں تاکہ یہاں ہی سب کے سب حاضر ہو کر ان پر یہ سلطنت ان سے چھن جائے سب کے سب آ کر یہاں جمع ہو جانے کا ذریعہ ہے پھر ان پر اجتماعی کی مکمل تباہی کا ذریعہ ہو گا حدیث شریف میں یہود کے عورت اور بچہ دجال کی ساتھ موجود ہیں اس آیت کے معنی یہ ہیں کہ ہم ان پر سخت سلاطین مقرر رکھتے رہیں گے یہ سلسلہ قائم رہے گا درمیان میں وقفہ ہو گا کہ اللہ تعالیٰ اس کو بیکار فاسد خیال کر کے توڑ دے اپنے کانوں سے ان ظالموں کی تباہی و بربادی کی خبریں سن رہے ہیں اس وقت عرب پر یہود نے بہت ظلم کئے ہیں۔ **چوتھا اعتراض**۔ دنیا میں یہ اگرچہ جلاوطن ہر قوم کے ساتھ ہے کبھی عورت کبھی دجال پھر ان میں یہود کی کیا خصوصیت جس کی وجہ سے ان کے متعلق فرمایا **لیبعثن علیہم** کہ وقتاً فوقتاً ڈیڑھ سو سال سے مسلسل انگریزوں کے غلام رہے اب آزاد ہوئے اور پاکستان بنا ہندوستان کے مسلمان اب بھی ہندوؤں کے غلام ہیں رب فرماتا ہے و

www.alahazratnetwork.org

تلک الایام نداولھا بین الناس۔ جواب سوموں کے لئے غلام غنائم کی عارضی حالت ہے جو ان کی اپنی غلطیوں نافرمانیوں غفلتوں عیاشیوں کا نتیجہ ہے ان کا اصل حال عند اللہ تعالیٰ سلطنت ہے **وانتم الاعلون ان کنتم مؤمنین** پھر اس گئے گزرے زمانہ میں بھی مسلمان عمومی طور پر غلام ہیں قومی لحاظ سے اب بھی سلطان ہیں میں سے زیادہ خوشحال مسلمان کی اب بھی ہیں **اقامھا اللہ وادامھا** یہود کی سلطنت عارضی ہے ان کا اصل حال علامیت ہے نیز ان کی سلطنت شخصی ہے اور غلامیت قومی اس عارضی سلطنت کا زوال انشاء اللہ عنقریب معلوم ہو جائے گا اللہ تعالیٰ سچا ہے اس کے رسول سچے حقیقتیں ہماری اپنی ہیں۔ **پانچواں اعتراض** ہیں آیت کے آخر میں عقاب کو مغفرت و رحمت کے ساتھ جمع کیوں فرمایا جمع مدیں کی طرح معلوم ہو رہا ہے۔ **جواب** اللہ تعالیٰ سرکش کفار کے لئے سریع العقاب ہے اور مومنوں کے لئے غفور رحیم مقصد یہ ہے کہ اے یہود یو اگر تم یہودی رہے تو تم تمہارے لئے سریع العقاب ہیں اور اگر تم اتنے جرم کرنے کے بعد اب بھی اس رحمت والے رسول پر ایمان لے آؤ تو سب کچھ بخش دیں گے تم پر رحم کریں گے کیونکہ ہم غفور بھی ہیں رحیم بھی۔

تفسیر صوفیانہ سرکشی و خاردار درخت ہے جو بویا جاتا ہے ایک بار مگر کاٹنے دیتا ہے ہمیشہ اور رب کی اطاعت و فرمانبرداری وہ بار دار درخت ہے جو بویا جاتا ہے ایک بار مگر پھل دیتا ہے بونے والے کی اولاد در اولاد اس کے دوست و احباب اس کے پھل کھاتے رہتے ہیں بنی اسرائیل نے مخالفت انبیاء اور سرکشی کا درخت خاردار بویا اب تاقیامت اس کے کانٹے ان کی نسل و پیسے رہیں گے سخت گیر بادشاہوں فاسط ہونے کی مستقل حکومت قائم نہ ہو سکی ذلیل و خوار رہے ان میں اولیاء صالحین بھی نہ ہوئے یہ سب کچھ اس درخت خاردار کے کانٹے ہیں۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ شیطان کو قیامت تک مہلت دی گئی کہ وہ سرکشوں کو سخت عذاب یعنی رب تعالیٰ سے دوری گمراہی میں پھنسا رہا ہے اور صراط مستقیم سے الگ رہنا ہمیشہ سخت عذاب دلاتا ہے کہ وہ مجرموں کو ڈھیل دیتا رہتا ہے تاکہ وہ اور گناہ زیادہ کر لیں یہ ڈھیل اس قہار جبار کا سخت عذاب ہے آخرت کا عذاب دوزخ اس کے علاوہ ہے۔ وہ غفور رحیم بھی ہے کہ جو قلب و روح نفس کی اتباع سے رجوع کرے اللہ کی طرف آئے تو اسے بخش دیتا ہے۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ سخت عذاب دلاتا ہے دنیا میں مومنوں پر کہ انہیں دنیا میں مختلف بلاؤں آزمائشوں بھوک جان و مال کے نقصان میں مبتلا کرتا رہتا ہے اور غفور رحیم بھی کہ انہیں ان بلاؤں پر صبر کی توفیق دیتا ہے تاکہ یہ بلائیں ان کے گناہوں کا کفارہ ہو جائیں اور یہ دنیا سے پاک و صاف جائیں۔ شیخ سعدی فرماتے ہیں شعر

نہ یوسف کہ چندان بلا دید بند ۔۔۔ جو حلقش روان گشت و قدرش بلند
گر خود نہ دیدی آں یعقوب را ۔۔۔ کہ معنی بود صورت خوب را
بگرد ار بدشاں مقید نہ کرد ۔۔۔ بضاعت مزجات شاں رد نہ کرد
ز لطفت ہمہ چشم داریم نیز ۔۔۔ مرا ایں بہ بضاعت مستش مگریز

یوسف علیہ السلام سے تو پیارے بھائیوں کو جب وہ حد لے آئے فیدکیا نہ گذشتہ ظلموں کا ان سے بدلہ لیا ان کی کھوٹی پونجی رد فرمائی اے مولیٰ وہ تو عزیز مصر تھا تو عزیز عالمین ہم بے پونجی والوں کو بھی بخش دے ہمارے کھوٹے عمل رد نہ فرما ایک شاعر کہتا ہے شعر

www.alahazratnetwork.org

کف من الناس جانبا ورض بالله صاحبا
قلب الناس کیف شئت تجد هم عقا ربا

یا لوگوں سے ... کنارہ کر اور اللہ پر ... ساتھی بن رہنے کیلئے ... ہیں

وَقَطَّعْنٰهُمْ فِی الْاَرْضِ اُمَمًا مِنْهُمُ الصّٰلِحُوْنَ وَمِنْهُمْ دُوْنَ ذٰلِكَ

اور ٹکڑے کر دیا ہم نے ان کو زمین میں جماعت جماعت ان میں سے کچھ نیک ہیں اور کچھ علاوہ اس کے

اور الگ الگ ہم نے زمین میں متفرق کر دیا گروہ گروہ ان میں کچھ نیک ہیں اور کچھ اور طرح کے

وَبَلَوْنٰهُمْ بِالْحَسَنٰتِ وَالسَّیِّاٰتِ لَعَلَّهُمْ یَرْجِعُوْنَ

اور آزمائش کی ہم نے ان کی ساتھ اچھائیوں کے اور برائیوں کے شاید کہ وہ لوٹیں

اور ہم نے انہیں اچھائیوں اور برائیوں سے آزمایا کہ وہ رجوع کریں

تعلق اس آیت سے پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق پچھلی آیت میں بنی اسرائیل پر بیرونی عذاب کا ذکر ہوا اس آیت میں وہ بیان ہوا کہ عذاب اندرونی بھی ہے اور بیرونی بھی۔ جس طرح ان کا ایک حصہ بیرونی عذاب سے ہلاک ہوا اسی طرح اندرونی عذاب سے بھی۔ دوسرا تعلق پچھلی آیت میں فرمایا گیا تھا کہ اس دنیا میں ایسے بادشاہ مسلط ہوں گے جو انہیں سخت مار دیں گے۔ اس آیت میں اس سخت مار کی کچھ تفصیل بیان ہو رہی ہے کہ ان کو ایک جگہ نہیں رہنے دیں گے بلکہ یہاں وہاں نکالتے رہیں گے جس سے یہ دربدر ہو جائیں گے گویا یہ آیت پچھلی آیت کے اجمال کی تفصیل ہے۔ تیسرا تعلق پچھلی آیت کے آخر میں فرمایا گیا کہ اللہ تعالیٰ جلد سزا دینے والا بھی ہے اور غفور رحیم یعنی بخشنے والا بھی یہاں بتایا جا رہا ہے کہ جلد سزا دے گا اور مغفرت و رحمت بھی برسائے گا گویا عذاب ثواب کا پرچہ ہوا ان کے مستحقین کا ذکر ہو رہا ہے۔ **منهم الصلحون ومنهم دون ذلك**

تفسیر **وقطعنهم فی الارض امما** یہ جملہ اس کلام کا ابتدائیہ ہے **قطعنا** قطع سے ماضی کا صیغہ جمع متکلم ہے معنی کاٹ دینا ٹکڑے ٹکڑے کر دینا یہاں تین معنی میں سے یعنی بھیج دینا متفرق کر دینا مراد ہے جیسا کہ گذشتہ صفحات میں یہ بتایا گیا کہ اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو ان کی سخت سرکشی کی وجہ سے بیت المقدس سے نکال کر ان کی طرف کی **ہم** کا مرجع سارے اسرائیلی ہیں نہ بعد میں آنے والے یہود و نصاریٰ جیسا کہ بعض نے کہا ہے کیونکہ ان کے متعلق یہ بات بعد میں بتائی جائے گی **امما** حال ہے **ہم** کی ضمیر سے **امة** کے معنی جماعت ہیں جیسا کہ **ان ابراهیم کان امة قانتا لله حنیفا** میں ہے۔ یہ تعلق ہے **الا امم امثالکم** سے یعنی جماعت جماعت بنی اسرائیل تمام دنیا میں مختلف طور پر بھیجے گئے کچھ نیک تھے اور کچھ بد بعض طبعی طور پر نیک تھے کسی کی ایک جماعت میں دو تین میں ان سب کو بھیجا گیا ان میں طاقت تو تھی ہی اجتماع میں طاقت ہے یہاں **فی الارض** فرما کر یہ بتا دیا

کہ ان اسرائیلیوں کا متفرق ہونا صرف عقیدہ میں ہی نہ تھا بلکہ زمینی علاقوں میں بھی تھا کہ ان کے فرقے بھی بہت ہوگئے اور الگ الگ علاقوں میں بٹ بھی گئے سیدنا عبداللہ ابن عباس نے فرمایا کہ زمین کا کوئی بڑا حصہ مشکل ہی سے ملے گا جس میں بعد کی جماعت نہ ہو ان کے اس فرمان سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ حالت ہی اسرائیل کی تاقیامت رہے گی اور ہو سکتا ہے کہ اس آیت میں گزشتہ حال کا ذکر ہو کہ ہم نے آپ سے پہلے اے محبوب انہیں زمین میں بکھیر دیا تھا لہذا حضور انور کے زمانہ میں یا آپ کے بعد اگر ان کا اجتماع کسی جگہ ہو جائے تو اس فرمان عالی کے خلاف نہیں **منھم الصلحون** یہ عبارت **امما** کی صفت ہے لہذا **منھم** کا مرجع وہی امم ہے اور من تبعیضیہ کا ہے **صالحون** بنا ہے صلاح سے۔ یعنی درستی یہاں درستی سے مراد ہے ایمان و اعمال کی درستی یعنی ان اسرائیلی جماعتوں میں بعض لوگ مومن متقی ہیں اس میں گفتگو ہے کہ وہ کون لوگ ہیں بعض مفسرین نے فرمایا کہ حضرت عیسی علیہ السلام تک بعض اسرائیلی ایمان و تقوی پر قائم رہے ان میں سے اکثر جنہیں کے آخری حصہ میں پائے گئے بعض نے فرمایا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو حضور انور کی تشریف آوری سے پہلے حضور کی بشارتیں لوگوں کو دیتے تھے اور حضور انور کی تشریف آوری پر حضور پر ایمان لے آئے جیسے سیدنا عبداللہ ابن سلام اور انکے ساتھی اور حضور انور کے بعد حضرت کعب احبار اور ان کے ساتھی جو ایمان و تقوی کے اول درجہ میں رہے حضور انور نے جناب ابن سلام کے متعلق فرمایا کہ جسے کسی جنتی آدمی کے دیکھنے کا شوق ہو وہ انہیں دیکھ لے **ومنھم دون ذلک** اس عبارت کی نحوی ترکیب میں بہت اختلاف کی گئی ہے قوی ترکیب یہ ہے۔ **منھم** ایک پوشیدہ لفظ کے متعلق ہو کر خبر مقدم ہے اور **دون ذلک ناس** پوشیدہ کی صفت ہے چونکہ دون ظرف ہے اسم نہیں ہے نیز اس کا مضاف الیہ **ذلک** مبنی ہے اس لئے اسے نصب ہوا ورنہ یہ پیش کی جگہ میں ہے کہ **منھم** کی مبتدا کے ساتھ میں ہے (روح المعانی وبیان) اس کے علاوہ اس کی اور بہت ترکیبیں کی گئی ہیں اس میں گفتگو ہے کہ **دون ذلک** سے کون لوگ مراد ہیں اس میں چند احتمال ہیں۔ 1 اس سے مراد کفار بنی اسرائیل ہیں۔ 2 اس سے مراد فساق اسرائیلی ہیں جن کے عقیدے درست ہوں مگر عمل خراب۔ 3 اس سے مراد کفار فساق سب ہیں تیسرا احتمال قوی ہے کہ یہ مقابل **صالحون** کے ہے بہرحال سارے اسرائیلی یکساں نہ سب اچھے ہیں نہ سب برے **و بلونھم بالحسنات والسیئات** ظاہر یہ ہے کہ یہ عبارت یا جملہ ہے اور اس کا واؤ ابتدائیہ ہے اس میں سارے اسرائیلیوں کا حال بیان فرمایا گیا ہے **بلونا** بنا ہے **بلوی** سے بلاء سے۔ یعنی جانچ و امتحان اس لفظ کی تحقیق ہم دوسرے پارے میں **و لنبلونکم بشیء من الخوف والجوع** کی تفسیر میں عرض کر چکے ہیں ظاہر یہ ہے کہ **ھم** کا مرجع کافر و فاسق اسرائیلی ہیں جو آگے **یرجعون** فرمانے سے معلوم ہو رہا ہے اور ہو سکتا ہے کہ **ھم** کا مرجع سارے اسرائیلی ہوں صالحین بھی اور **دون ذلک** سے بھی یہ مراد رب تعالے کی طرف سے آزمائش نیکی و بدی مومن و کافر سب ہی کی ہوتی ہے۔ حسنات سے مراد دینی نعمتیں ہیں جیسے روزی، تندرستی، مال، امن، عافیت وغیرہ اس لئے اسے تم فرمایا گیا اور سیات سے مراد دنیاوی مصیبتیں ہیں جیسے قحط سالی، بیماری، تنگدستی، ملکی آفات و انقلابات یعنی ہم نے اسرائیلیوں کو مذکورہ نعمتوں اور مصیبتوں سے آزمایا **لعلھم یرجعون** یہ عبارت **بلونا** کی علت غائیہ ہے **لعل** یعنی شاید نہیں بلکہ رب تعالی کی طرف سے ہر جملہ جو **علم الغیب والشھادۃ** ہے **ھم** سے مراد تو کافر و فاسق اسرائیلی ہیں یا یکساں سارے رجوع سے مراد ہے رب

www.alahazratnetwork.org

کی طرف رجوع کرنا کفر و فسق سے توبہ کر کے یا للہ کی طرف راجع رہنا یعنی اگر بنی اسرائیل پھر حضور سے توبہ کر کے تعالیٰ کی طرف رجوع کریں اچھے بن جاویں اور اچھے لوگ اس رجوع الی اللہ پر قائم رہیں رجوع نہ رہیں کیونکہ اللہ کی نعمتیں رغبت کا ذریعہ ہیں جس کا نتیجہ شکر ہے اور مصیبتیں رہبت یعنی خوف کا ذریعہ ہیں جس کا نتیجہ گناہوں سے توبہ ہے پہلی شکر کے ذریعہ رب تک پہنچنا ہے کوئی صبر کے راستہ سے اس لئے نعمتیں اور رحمتیں آتیں سب پر آتی رہتی ہیں۔

خلاصہ تفسیر یہی اسرائیل کی مسلسل سرکشیوں مذکاریوں کی وجہ سے ہم نے انہیں زمین میں بٹا ہوا رکھا بلکہ انہیں زمین کے متفرق حصوں میں ایسا بھیر دیا کہ ان کی کوئی جماعت کہیں اور کوئی جماعت کہیں ہے کہ یہیں بھی قوت و طاقت نہ پکڑ سکیں دنیا میں کمزور رہیں اے محبوب ہمارے سارے اسرائیلیوں کا یہی حال ہے ان میں سے بعض صدق سے بھرے مومن پیدار متقی پرہیزگار ہے وہ لوگ حضور آپ کا دامن پاکر ایمان لے آئے اگرچہ وہ تھوڑے ہیں اور ان میں بعض ایسے سرکش اور بدکار حال پر ہیں کہ کافر بدکار سرکش وہ زیادہ ہیں ہم نے ان کا ہر قسم کے انتظام بھی کیا کبھی ان کو دیا بھی ان سے عشرت رزق فراوانی ارزانی صحت سلامتی اولاد مال سب کچھ عطا فرمایا کبھی ان پر کرانی رزق کی تنگی بیماری تنگدستی وغیرہ مسلط کی کہ وہ لوگ رجوع الی اللہ کریں جس میں شکر کرنا کی کلاوہ ہے وہ نعمتوں کے ذریعہ اور جس میں صبر کا وہ ہے وہ آفتوں مصیبتوں کے ذریعہ ہم تک پہنچیں ہم سے دور نہ بھاگیں۔

فائدے اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ قوم کا تفرق تکثیر کا قصداً اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور نا اتفاق قوم کا بکھرا ہونا رب تعالیٰ کا عذاب ہے یہ فائدہ **وقطعناهم في الارض** سے حاصل ہوا۔ دوسرا فائدہ ایک اعمال کا نتیجہ قوم کا اتحاد و اتفاق ہے مذکاریوں کا نتیجہ قوم کی نااتفاقی اور بکھرا ہوا ہونا ہے اللہ تعالیٰ ایک عمل کی توفیق دے مسلم قوم میں اتفاق و اتحاد پیدا کرے۔ **تیسرا فائدہ**: مسلمانوں کو چاہئے کہ کفار میں رلے ملے نہ رہیں بلکہ اپنے لئے علیحدہ بنا لیں ہو سکے تو اپنی بستیاں اپنا ملک علیحدہ کریں جس میں وہ بیکار ہیں کہ اس سے قوم میں قوت ہوتی ہے رب تعالیٰ فرماتا ہے **واوحينا الى موسى واخيه ان تبوا لقومكما بمصر بيوتا واجعلوا بيوتكم قبلة واقيموا الصلوة** ہے قوم موسیٰ فرعونیوں میں رلے ملے نہ رہو اپنے محلے الگ بناؤ اپنے گھر آمنے سامنے بنا لو اس کا تجربہ بارہا ہو چکا ہے یہ فائدہ بھی **وقطعناهم في الارض** سے حاصل ہوا۔ **چوتھا فائدہ** رمین کے ہر خطہ میں کچھ نہ کچھ یہودی پائے جاتے ہیں اور پائے جائیں گے زمین کا کوئی خطہ ان سے بالکل ہی خالی ہو گا یہ فائدہ بھی **قطعناهم في الارض** سے حاصل ہوا بعض نے فرمایا کہ یہ واقعہ حضور علیہ السلام کی تشریف آوری سے پہلے ہوا کہ یہودی ہر خطے میں رہے بعض نے فرمایا کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ یہود ایک جگہ مجتمع نہ رہے متفرق رہے یہ ضروری ہوا کہ رمین کے ہر خطہ میں موجود ہوں۔ **پانچواں فائدہ** سارے اسرائیلی گروہ نہیں ہوئے بعض ان میں سے ایمان و تقویٰ پر قائم رہے آخر کار حضور اور پر ایمان لے آئے اگرچہ وہ تھوڑے تھے یہ فائدہ **منهم الصالحون** سے حاصل ہوا اگر اب کوئی شخص اسرائیلی ہو یا غیر اسرائیلی یہودی رہ کر نیک و صالح نہیں ہو سکتا کہ اب ایمان و صلاح صرف اسلام میں ہے۔ **چھٹا فائدہ** اللہ تعالیٰ نیک و بد بندوں کا امتحان فرماتا ہے اس سے گھبرانا نہیں چاہئے خواہ

میں پاس ہوا وہی فائدہ یہ **وبلونھم** سے حاصل ہوا اس کی تحقیق ہم دوسرے پارے میں **ولنبلونکم بشیء من الخوف** کی تفسیر میں کر چکے ہیں۔ **ساتواں فائدہ**: رب کی آزمائش صرف بلاؤں کے ذریعہ ہی نہیں ہوتی کبھی نعمتوں راحتوں آسائشوں کے ذریعہ سے بھی ہوتی ہے جو ان کو پاکر غافل نہ ہو گیا وہ مرد کامل ہے یہ فائدہ **بالحسنت والسیئات** سے حاصل ہوا بلکہ بلاؤں کے امتحان سے نعمتوں کا امتحان بہت سخت ہے بلاؤں میں اکثر اسباب متوجہ الی اللہ ہو جاتا ہے مگر نعمتوں میں اکثر غافل۔

ہوا خوشیدن و ہشیار شمس سہل است گر دولت ربی ہشیار نشینی مردی

شراب پی کی ہوشیار رہنا آسان ہے مگر دولت پاکر ہشیار رہنا مردانگی ہے۔

ظفر آدمی اس کو نہ جانے گا ہو وہ کتنا ہی صاحب فہم و ذکا
جسے عیش میں یاد خدا نہ رہی جسے عیش میں خوف خدا نہ رہا

اس لئے یہاں باحسنت فرما کر پہلے ہوا کہ یہ ہی امتحان سخت تر ہے۔ **آٹھواں فائدہ**: سارے امتحانوں کا اصل مقصد رجوع الی اللہ ہے کہ بندہ رب کی طرف متوجہ رہے کبھی اس سے غافل نہ رہے یہ فائدہ **لعلھم یرجعون** سے حاصل ہوا۔

پہلا اعتراض: اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ یہودی کبھی کسی جگہ مجتمع نہ ہوں گے بکھرے ہی رہیں گے کہ ارشاد ہوا **وقطعنھم فی الارض** مگر اب دیکھا جا رہا ہے کہ فلسطین میں دنیا بھر کے یہودی جمع ہو رہے ہیں انہوں نے وہاں اپنی ریاست قائم کر لی یہ آیت کیونکر درست ہوئی۔ **جواب**: اس کا اجتماع ان پر رب تعالیٰ کا دوسرا عذاب ہے، انشاء اللہ یہاں اس لئے جمع ہو رہے ہیں کہ ان کو مسلمان یہ آسانی ہلاک کر سکیں ایک وقت آوے گا جبکہ ان کا قحم دنیا سے مٹ جاوے گا جیسا کہ حدیث شریف میں ہے ان سے مسلمانوں کی سخت جنگ ہوگی جس میں یہ اس طرح مارے جائیں گے کہ اگر یہودی کسی پتھر کی آڑ میں چھپے گا تو پتھر پکارے گا کہ اے مسلمان میرے پیچھے یہودی ہے اسے مار دے یہ اجتماع انشاء اللہ اسی پیش گوئی کے پورا ہونے کی تمہید ہے۔ **دوسرا اعتراض**: اس آیت کریمہ سے معلوم ہوتا ہے کہ زمین کے ہر خطہ میں یہودی رہیں گے مگر دیکھا جا رہا ہے کہ بہت خطوں میں نہیں رہتے یا ستائے ہوئے ہیں یہودی نام بھی نہیں حضور انور کے زمانہ میں مکہ معظمہ تو اس کے علاقہ میں ایک یہودی نہ تھا پھر یہ آیت کریمہ کیونکر درست ہوئی۔ **جواب**: اس اعتراض کے بہت جواب ہیں آسان جواب یہ ہے کہ یہ آیت کریمہ خاص طلب یہ نہیں کہ ہر خطہ زمین میں یہودی ہوں گے بلکہ مطلب یہ ہے کہ لوگ ایک جگہ نہ رہیں گے بھیر دیئے جائیں گے کوئی نہیں کوئی نہیں اب تک ایسا ہی ہوتا رہا بادشاہ بھی حکومتیں بعض قوموں کو بھیر دیتی ہیں تاکہ وہ تنہا ہو کر قوت نہ پکڑ لیں ہندوستان نے مسلمانوں کو بھیر دینے میں بہت کوشش کی تارکین وطن مسلمانوں کو مختلف صوبوں میں بسا گیا۔ **تیسرا اعتراض**: نحوی قاعدے سے **منھم دون ذلک** درست نہیں کیونکہ **منھم** بھی ظرف ہے اور **دون ذلک** بھی ظرف مبتدا اور خبر دونوں ظرف نہیں ہو سکتے۔ **جواب**: یہ قاعدہ ہی غلط ہے مبتدا خبر دونوں ظرف ہو سکتے ہیں اگر ان سے معنی درست ہوں علامہ تفتازانی نے فرمایا کہ ہم نے ایسی ترکیبیں عرب میں بہت دیکھی ہیں (روح البیان) ہاں بعض نحوی لکھتے ہیں کہ ایسی صورت میں پہلے ظرف کو خبر مقدم مانو اور آخری ظرف کو مبتدا موخر مگر اس تکلف کی کوئی ضرورت نہیں۔

www.alahazratnetwork.org

چوتھا اعتراض: **دون ذلک** غیر، دنیا پوشیدہ کی صفت سے ہوتا ہے نہیں چاہئے تھا۔ مقدار ہو
بیٹی ہوتا ہے۔ **جواب**: **دون** سے مغایرت مطلق مراد ہیں اور ظرف ومحل فتحہ ہوتی ہے اس سے یہاں بھی
فتحہ ہی رہا۔ اس کا حال ہونا ہوئے رب ہوا۔ **لقد تقطع بینکم** یہ اس آیت میں **بینکم** فاعل
ہے **تقطع** کا فعل سے فعل نہیں رہا بلکہ یہ ہم اسم ہو گیا ہیں ہوا ہیں ہوا ہوں ہوا ہوا ہوا

www.alahazratnetwork.org

اَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِمْ مِّيْثَاقُ الْكِتٰبِ اَنْ لَّا يَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا
کیں رسے کیا نہیں لیا گیا ان پر مضبوط وعدہ کتاب کا یہ کہ نہ کہیں اللہ تعالے پر مگر
کہ ان پر کتاب میں عہد نہ لیا گیا کہ اللہ کی طرف نسبت نہ کریں مگر
الْحَقَّ وَدَرَسُوْا مَا فِيْهِ ؕ وَالدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ
حق بات اور پڑھا ہوں نے وہ جو اسی میں ہے اور آخری جگہ بھلی ہے واسطے ان کے جو
حق اور ان سے پڑھا اور بیشک بھلا گھر بہتر ہے پرہیزگاروں کو
اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾
ڈرتے ہیں تو اس کیا نہیں سمجھتے تم
تو کیا تمہیں عقل نہیں

تعلق اس آیت کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق گزشتہ آیات میں اگلے اسرائیلیوں کا ذکر تھا اب اس آیت میں پچھلے اسرائیلیوں کا ذکر ہے۔ معلوم ہو کہ سارے زہریلے ہیں خواہ اگلے ہوں یا پچھلے دوسرا تعلق پچھلی آیت میں ارشاد ہوا کہ گذشتہ اسرائیلیوں سے ہفتہ کے دن مچھلیوں کا شکار نہ کرنے کا عہد لیا تو انہوں نے اس عہد کو توڑ دیا اور حیلہ سازیوں کے ذریعہ ہفتہ کے دن شکار کرتے ہیں اس طرح ظاہر طور پر رشوت کے ذریعہ کھاتے ہیں یہود ان کے وقتی شکار کے ذریعہ حلال کرتے ہیں کئی شکار کرتے ہیں اس کا فسادوں کا تیسرا تعلق پچھلی آیت میں فرمایا گیا تھا کہ گذشتہ اسرائیلی جب ملاتے تھے تو کہتے تھے کہ موجودہ اسرائیلی بہت ذلیل ہیں کہ بدترین گناہ کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم پر کوئی وبال نہ پڑے گا ہم بالکل بچ جائیں گے۔

تفسیر: **فخلف من بعدهم خلف** میں حرف معطوف **وقطعناهم** پر محذوف ہے یعنی فرمایا نہیں۔ **خلف** بفتحہ لام وہ ہوتا ہے جو پیچھے آیا ہو اس سے ہوتا ہے خلیفہ بنتا ہے **خلوف** سے جو کہ پیچھے آنے والوں کے لئے فرمایا جاتا ہے۔ یہاں بنائے خلوف سے ہے کہ آگے ناخلف اور نکما کہا ہے خلف میں آتے ہیں **بعدهم** میں هم ضمیر کا مرجع یا تو صالحین ہے یا اسرائیلی خلف سکون لام اور فتحہ سے دونوں صفت مشبہ ہیں خلف بمعنی پیچھے کے مگر اس میں فرق یہ ہے کہ خلف بفتحہ لام اچھے پیچھے والے کے لئے اور خلف سکون لام سے برے پیچھے والے کے لئے بولا جاتا ہے حاشیہ ہوتا ہے کہ ناخلف اولاد کے لئے بولا جاتا ہے معنی میں اس کے برعکس بھی استعمال ہوتا ہے۔ حضرت حسان فرماتے ہیں۔

شعر

لنا القدم الاولی الیک و خلفنا ۔۔۔ لا ولنا فی طاعتہ اللہ تابع

www.alahazratnetwork.org

دیکھو یہاں **خلف** نالائق جانشینی کے لئے بولا۔ یہاں شاعر کہتا ہے۔ شعر

فغب الذین یعاش فی اکنافھم و بقیت فی خلف کجلد الاجرب

یہاں **خلف**، معنی نالائق اور استعمال ہوا (ارفارن۔ معانی۔ کبیر وغیرہ) یعنی ان مذکورہ اسرائیلیوں کے بعد ان کے نالائق جانشین ہوئے **ورثوا الکتب** یہ عبارت صفت ہے خلف کی **ورثوا** ہے وراثت سے، **ارث** سے جس کے معنی ہیں کسی کے مرنے بعد اس کے مال کا مالک ہونا یہ مصدر ہے حسب کسب کا کبھی خود اس مستفاد مال کو بھی وراثت یا ارث کہہ دیتے ہیں معنی میراث یہ توارث کے لغوی معنی تھے پھر استعمال میں کسی کی چیز کا درست مالک ہو جانا بھی ارث کہا جانے لگا چنانچہ یعنی لوگ دوزخ والے کفار کا حصہ لیں گے اسے بھی ارث کہا گیا ہے **واورثنا الارض** پھر کسی کے حال یا کمال میں اس کا جانشین ہونے کو وارث کہا جاتا ہے یہاں یہ ہی تیسرے معنی مراد ہیں **الکتاب** سے مراد توریت ہے جس پر یہود ایمان رکھتے ہیں یعنی اگلے اسرائیلیوں کی موت کے بعد توریت ان کے پچھلوں کو ملی اور یہ توریت کے عالم بے عمل ہوئے امام حسن کی قراءت میں **ورثوا** ہے توریث سے ماضی مجہول یعنی وہ لوگ توریت کے وارث بنائے گئے۔ **یاخذون عرض ھذا الادنی** یہ عبارت یا تو یہ جملہ ہے یا **ورثوا** کے فاعل کا حال ہے **یاخذون** سے مراد ان کا رشوتیں لینا اور توریت سے ادنیٰ دنیوی اغراض کے عوض توریت کے مضامین بدلنا مضارع فرما کر یہ بتایا کہ ان کی یہ حرکت عادتاً ہے وہ یہ کرتے رہتے ہیں عرض سے لغوی معنی ہیں ہر وہ چیز جو قریب الفناء ہو اس کے بے بقاء ہونے سے ہے عرض مقابل جوہر کا استعمال میں عرض کے سکوں سے معنی سامان ہوتا ہے یعنی روپیہ پیسہ کے علاوہ دوسری دنیاوی چیزیں جائداد وغیرہ یعنی متاع اور عرض کے فتحہ سے ہر دنیاوی چیز خواہ روپیہ پیسہ یا اور کوئی مال (بیان و معانی) **ھذا** سے اشارہ ہے موجودہ عالم کی طرف۔ ادنیٰ صفت ہے موصوف محذوف یعنی **ایشئی** کی یہ تانیث **دنو** سے بنا ہے۔ معنی قرب یعنی قریب **الفناء یا دناءۃ** سے۔ معنی حقارت و خساست جس میں کوئی بھلائی نہ ہو اس سے مراد دنیا ہے کیونکہ دنیا قریب الفناء بھی ہے اور آخرت کے مقابلہ میں نفیس اور حقیر بھی یعنی وہ لوگ احکام توریت کے عوض دنیاوی سامان لیتے رہتے ہیں **ویقولون سیغفر لنا** یہ عبارت معطوف ہے **یاخذون** پر اس میں ان کی بد عقیدگی یعنی رب تعالیٰ پر امن کا ذکر ہے معطوف علیہ میں ان کی بد عملی یعنی توریت پر رشوت لینے کا ذکر تھا قول سے مراد یا تو دل سے سوچنا خیال کرنا یا زبانی قول جیسے جب ان کو کوئی ان کی اسی رشوت ستانی پر ملامت کرتا ہے تو وہ یہ کہہ دیتے ہیں کہ یہ چھوٹے سے گناہ ہیں اگر ہماری اس پر پکڑ نہ ہوگی کیونکہ ہم نبیوں کی اولاد ہیں **نحن ابنؤا اللہ واحباؤہ** ہم اللہ کے بیٹے اور دوست ہیں ہم پر عذاب یا عتاب کہاں ہم تو سمندر کی طرح ہیں کہ سمندر گندگی پڑنے سے ناپاک نہیں ہوتا ہم گناہ سے گنہگار نہیں ہوتے مگر ان کی حالت یہ ہے کہ **وان یاتھم عرض مثلہ یاخذوہ** یہ عبارت حال ہے یا **یقولون** کے فاعل **ھم** سے یا **لنا** کی ضمیر سے اس میں ان کے اصرار گناہ پر توبہ نہ کرنے اور حرص دنیا کی بھی بڑی ملامت اور ان کے اس جواب کے بعد بھی ان کی حالت یہ ہے کہ اگر پھر بھی ایسی تحریف توریت اور رشوت ستانی کا موقعہ آجائے تو ہرگز نہیں چوکتے بلکہ حکم توریت بدل دیتے یا چھپا لیتے ہیں اور اس کے عوض روپیہ اور دیگر سامان لے لیتے ہیں تو بہ نہیں کرتے یہ ہے گناہ پر اصرار اور اصرار جس سے گناہ صغیرہ بھی کبیرہ بن جاتا ہے چہ جائیکہ یہ رشوت ستانی تو بذات خود کبیرہ بلکہ کفر ہے **الم یؤخذ علیھم میثاق الکتب** عبارت

www.alahazratnetwork.org

نیا جملہ ہے اس میں سوال انکاری ہے اس سے اقرار کرانے کیلئے خیال رہے کہ اس فرمان حال میں **علیھم** کا متعلق **لم یؤخذ** نہیں بلکہ میثاق سے ہے۔ کیونکہ **اخذ** علی نہیں چاہتا۔ رب فرماتا ہے **واذاخذ اللہ میثاق النبیین**۔ میثاق کے معنی ہے وعدہ عہد اور میثاق میں فوق ہم تیسرے پارہ میں عرض کر چکے ہیں **الکتاب** سے مراد توریت شریف ہے یہاں توریت میں اسرائیلیوں سے عہد لیا گیا ہے مراد یہ ہے کہ ان کو تاکیدی حکم دیا جو یہودی دین اختیار کرتا تھا وہ توریت کے احکام پر عمل کرنا تھا جیسے آج جو مسلمان ہوتا ہے تو وہ احکام قرآنی احکام نبوی مانے ان پر عمل کرنے کا عہد کرتا ہے وہی یہاں مراد ہے لہٰذا آیت بالکل واضح ہے اس پر کوئی اعتراض نہیں۔ خیال رہے کہ یہاں میثاق کی اضافت کتاب کی طرف فی کی ہے اصل عبارت یوں ہے میثاق اودع فی الکتاب (عہد جو کتاب میں رکھا گیا) یہ بات خیال میں رہے **الا یقولوا علی اللہ الا الحق** یہ عبارت یا تو میثاق الکتاب کا عطف بیان ہے یا اس کا بدل یا اس سے پہلے ایک جملہ پوشیدہ ہے اور یہ میثاق کے متعلق ہے یعنی **الا یقولوا** میں لا نافیہ بھی ہو سکتا ہے اور زائدہ بھی دونوں معنی درست ہیں حق باطل کا مقابل ہے جیسے صدق کذب کا مقابل ہے ان اور توریت شریف میں تاکیدی حکم دیا گیا تھا کہ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی طرف حق بات منسوب کرنا اور توریت میں لکھا ہوا اس سے متعلق یہ کہنا رب عزوجل سے یہ فرمایا گیا تھا کہ حکم تو دے کر فرمایا اور یہ کہ توریت میں یہ ہے رب نے یہ حکم دیا ہے **درسوا ما فیہ** یہ عبارت سابق سے معطوف ہے **الا یقولوا** کا معنی اور ہو سکتا ہے کہ یہ معطوف ہو **لم یؤخذ** پر اور یہ بھی مذکورہ سوال کے ماتحت ہو سکتا ہے ہوں گے کہ یا ان لوگوں سے یہ عہد وہاں نہیں لیا گیا تھا اور یہاں لوگوں نے یہ حکم اس کتاب میں پڑھا تھا یعنی حکم دیا گیا تھا اور انہوں نے یہ حکم پڑھ بھی لیا یہ اس سے بے خبر تھے پہلے جو میں حکم کافر ہے اس میں ان کی اطلاع اور خبر کا ذکر کہ یہ لوگ احکام سے بے خبر نہیں خود اپنے یہ جان بوجھ کر جرم کر رہے ہیں۔ **والدار الاخرۃ خیر للذین یتقون** یہ جملہ سابقہ ہے جس میں رشوت خور اسرائیلیوں کی نفسانی اندیشوں کا جواب دیا گیا ہے وہ ڈرتے تھے کہ اگر ہم توریت کے صحیح احکام سنا دیں تو ہماری آمدنی اور سرداری جاتی رہے گی اس میں دار آخرۃ سے مراد ہے عالم برزخ، حشر اور محشر کے بعد کا عالم بعد کو جنت خیر صفت مشبہ ہے بمعنی اہم جملہ اس کے بعد **من الدنیا وما فیھا** پوشیدہ ہے تقویٰ سے مراد ہے برے عقیدوں برے اعمال سے بچنا تو جملے اعمال القلوب کرنا اور ممکن ہے تقویٰ سے مراد ہو تحریف اور رشوت سے بچنا کہ وہ لوگ ایسی حرکتوں کے مجرم تھے پہلے معنی زیادہ مناسب ہیں کہ اس میں یہ معنی بھی آجاتے ہیں اس سے ثابت ہوا کہ غیر متقیوں کے لئے دار آخرۃ بہت ہی زیادہ خطرناک ہے اگر یہ لوگ رشوت ستانی تحریف توریت سے باز آ جائیں تو آگے ان کے لئے معیشت ہی معیشت ہے **افلا تعقلون** اس میں خطاب ان اسرائیلیوں سے ہے جس نے توریت میں مذکور عہد لیا گیا تھا اس جملہ میں عاب سے حاضر کی طرف التفات ہے کہ **یتقون** غائب کا صیغہ تھا اور **تعقلون** حاضر جمع کا یعنی اے مذکور اسرائیلیو تم میں اتنی بھی عقل نہیں کہ جنت باقی نعمتوں اور رحمت والے دائمی سے اچھی ہوتی ہے پھر ان حرکتوں سے باز کیوں نہیں آتے۔

خلاصہ تفسیر: اس آیت کریمہ میں گذشتہ اسرائیلیوں کے ناخلف جانشینوں کے عیب بیان ہوئے رشوت لے کر احکام توریت بدل دینا، پڑھا لکھا ہونے کے باوجود جاہلوں کی طرح معافی کی امید رکھنا، یہ گناہ معاف کر دیئے جانے کے باوجود پھر ویسا ہی جرم کرنا، اس جرم پر قائم

www.alahazratnetwork.org

رہنا کہ جب رشوت ملے لے لینا حکم شرعی ہیں ویسے ہی ہے جیسے حرام ملوثی ہے حرمی ہے نہیں بلکہ دیدہ دانستہ کرتے رہنا چنانچہ ارشاد ہے کہ جن اسرائیلیوں کو علم اور سماں کے بعد ان کے مخالف ملائق ہوئے نہیں بلور وراثت کتاب کا علم اور کتاب توریت کی حفاظت سپرد ہوئی انہوں نے یہ غضب ڈھایا کہ دنیاوی ادنیٰ مال و منافع لیتے اور حکم توریت بدلنے لگے اور جب کوئی ان کو ان کی اس حرکت پر ملامت کرتا ہے تو کہہ دیتے ہیں کہ ہم تو اولاد انبیاء میں اللہ کے پیارے ہیں ہم کوئی گناہ کریں ہماری پکڑ نہ ہوگی سب کو کش دیدہ جیسے گاہم اس سمندر کی طرح ہیں جو گندگی پاخانے سے مدا ہیں ہو جاتا کوئی گناہ کریں گنہگار نہیں ہوتے۔ شریعت کے احکام اور ممانعتیں تو امت کے لیے ہیں ہم تو اولاد انبیاء ہیں پھر ان کی اصلی علیہ حال نے کہ لوگوں کی تعلیم کرنے کے بعد بھی جب انہیں رشوت ملتی ہے تو لے لیتے ہیں احکام الہیہ میں دیتے ہیں یہ ان کی جرأت پر ڈنے رہتے ہیں غور تو کر لیا ہم نے توریت میں ان لوگوں سے یہ عہد لیا تھا کہ صحیح باتیں اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب نہ کیا کریں حق بات ہی اس کی طرف سنت ایں ہو توریت میں حکم ہو وہی بیان کریں اور کیا یہ لوگ اس عہد و پیمان سے بے خبر نہیں انہیں سب کچھ معلوم ہے ان مدعیوں نے یہ سمجھا کہ حق بات کہنے سے صحیح احکام کی تبلیغ رہے ہماری چودھراہٹ ہماری کمائی میں فرق پڑ جائے گا اور یہ کہ ہمارے دوست متقی اور پرہیزگار موسموں کے لئے آخرت دنیا سے بہتر ہے کہ دنیا قلیل ہے آخرت کثیر اور دنیا فانی ہے آخرت باقی تو تم نے یہ بات سمجھتے کیوں نہیں ہے کچھ ہے سب کچھ بھی حاصل ہو دنیا سے باقی بہتر ہے۔

فائدے اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ مال کی طرح علم، علم وغیرہ بھی میراث جاری ہوتی ہے یہ فائدہ **ورثوا الکتاب** سے حاصل ہوا علماء دین کو وارث رسول جانب رسول ماننا اس خطاب کا مقصد یہ آیت کریمہ بھی ہو سکتی ہے دیکھو اس آیت میں رب تعالیٰ نے متاخرین علماء یہود کو ان کے متقدمین علماء کا وارث بتایا دوسرا فائدہ ان لوگوں کی اولاد بزرگوں کی طالب ہو ہیں کے لئے مفید ہے جو ان کے علم نہیں رکھتے یہ چیز رب کو اب میں دیکھو رب تعالیٰ نے ان وارثین علماء کو مخاطب فرمایا یہ فائدہ **خلف** فرمانے سے حاصل ہوا اسی لئے اقبال نے یہ جواب کہا ہے۔

یوں تو سید بھی ہو مرزا بھی ہو افغان بھی ہو تم سبھی کچھ ہو بتاؤ تو مسلمان بھی ہو؟

تیسرا فائدہ مال و دولت سے آیت کی تحریف کرنا احکام شریعت بدلنا توریت کھا کے کہ اس میں رشوت سخت حرام ہے گرانی بھی کمراتوری بھی یہ فائدہ **یاخذون عرض ھذا الادنی** سے حاصل ہوا اس آیت کی تفسیر دوسری آیت ہے **ولا تشتروا بایاتی ثمنا قلیلا** ان دونوں آیتوں میں یہ مرقوم ہے۔

مسئلہ قرآن مجید پڑھ کر فروخت کرنا قرآن کی تعلیم دین تعویذ فتوی کی تحریر پر اجرت لینا جائز ہے یا ناجائز ہے حضرات علماء راشدین نے اپنی خلافت کے زمانہ میں بیت المال سے تنخواہیں خلافت پر مقرر فرمائیں حالانکہ خلافت اسلامیہ خصوصاً خلافت راشدہ بہترین نیکی ہے اس کی تحقیق ہم پہلے پارہ میں اس آیت **لا تشتروا بایاتی** کی تفسیر میں کر چکے ہیں یہ اعادہ کی ضرورت نہیں۔ **چوتھا فائدہ** حرام آمدنی ایک عارضی چیز ہے جس میں برکت نہیں

www.alahazratnetwork.org

اور اولی یعنی حقیر اور قریب الفناء بھی دیکھو رب تعالیٰ نے اسے عرض بھی فرمایا اور دنیا بھی۔ اس کے برعکس خلاں روزی اللہ تعالیٰ کی اعلیٰ نعمت ہے خصوصاً جبکہ وہ اللہ کی راہ میں خرچ ہو وہ دولت غیر فانی اور دائمی ہے رب تعالیٰ فرماتا ہے **والباقیات الصالحات** اور فرماتا ہے **وما عند اللہ باق** جو خدا کرے دولت اچھی راہ سے آئے اور اچھی راہ جائے۔ **پانچواں فائدہ** مغفرت کی امید پر گناہ کرنا کفر ہے کہ یہ امید نہیں بلکہ رب تعالیٰ پر امن ہونا ہے جو نبی ہے یہ فائدہ **سیغفر لنا** سے حاصل ہوا نبی کرنا اور ڈرنا کامل ایمان ہے گناہ کرنا اور بے پروا ہو جانا خوف سے کرنا بدترین کفر ہے۔ **چھٹا فائدہ** بزرگوں کی اولاد ہونے پر فخر کرنا اور گناہ پر دلیر ہو جانا کفر ہے کہ چونکہ ہم فلاں بزرگ کی اولاد ہیں ہمارے گناہ معاف ہو جائیں گے یہ فائدہ بھی **سیغفر لنا** سے حاصل ہوا یہ وہی طریقہ یہود ہے جو کہتے تھے **نحن ابناء اللہ واحباءہ** ایمان و تقویٰ کے ساتھ بزرگوں کی اولاد ہونا اللہ کی رحمت ہے کفر و فجور کے لئے بزرگوں کی اولاد ہونا نافقہ کلعدم ہے قابیل اور کنعان ابن نوح کی مثالیں سامنے ہیں آج اس بیماری میں بہت سے مسلمان گرفتار ہیں رب تعالیٰ ہر خوف نصیب کرے **ساتواں فائدہ** گناہ کا ایک گناہ ہے اور گناہ پر گناہ کئے جانا یعنی اس پر اصرار کرنا قابل گناہ یہ فائدہ **وان یاتھم** سے حاصل ہوا خیال رہے کہ ہر گناہ صغیرہ ہمیشہ کرنے سے کبیرہ بن جاتا ہے رب فرماتا ہے **ولم یصروا علی ما فعلوا** اور گناہ کبیرہ بار بار کرنے سے اکبر یعنی بہت بڑا بن جاتا ہے۔ **آٹھواں فائدہ** اسلی علم پڑھ کر مسلمان ہوتے ہی اسلام کے سارے احکام کا پابند ہو جاتا ہے اور اس پابندی کا رب تعالیٰ سے عہد و پیماں کر لیتا ہے پھر وہ عہد توڑنا بد عہدی ہے یہ فائدہ **ان لا یقولوا علی اللہ الا الحق** سے حاصل ہوا۔ **دسواں فائدہ** عالم کا گناہ جاہل کے گناہ سے سخت تر ہے کہ جاہل اپنی بے خبری کی وجہ سے شدید چھٹکارا پا جائے مگر عالم کیا عذر کرے گا نیز عالم گناہ کر کے اسے جائز ثابت کرنے کی کوشش کرتا ہے جاہل ملوم ہوتا ہے تیرہ عمل عالم دوسروں کو بھی بد عمل بنا دیتا ہے کہ اس کے مقتدیوں کی پیروی کرتے ہیں۔ یہ فائدہ **ودرسوا** سے حاصل ہوا۔ **گیارہواں فائدہ** آخرت مومن متقی کے لئے دنیا سے بہتر ہے وہاں اس کے لئے راحت ابدی ہے اور کافر و بد کار کے لئے کہیں بدتر ہے کہ وہاں اس کے لئے عذاب دائمی ہے یہ فائدہ **خیر للذین یتقون** سے حاصل ہوا اسی لئے حدیث شریف میں فرمایا گیا کہ دنیا مومن کے لئے قید خانہ ہے اور کافر کے لئے جنت۔ **بارہواں فائدہ** جو عقل ہیں نہ سمجھے خدا تک نہ پہنچے وہ عقل کا بڑا مقصد اللہ رسول کو اس کے درجہ بتایا ہے یہ فائدہ **افلا تعقلون** سے حاصل ہوا۔

پہلا اعتراض میراث قریب ہی ہوتی ہے وہ بھی میت کے خاص قرابتداروں کو ملتی ہے مگر یہاں کتاب کو میراث فرمایا یہ اور یہ میراث گذشتہ عالموں کی طرف سے پچھلوں کو دے جانے کا ذکر فرمایا یہ کیونکر درست ہوا۔ **جواب** یہ غلط ہے بلکہ مال کے علاوہ کمال، کمال، احوال، علم، پیروی بھی میراث ہوتی ہے ہی میراث حسبی قرابت داروں کو ملتی ہے باقی میراثیں دینی روحانی قرابتداروں کو ملتی ہیں اگرچہ وہ نسبی بالکل اجنبی ہو الحمد للہ خیر میں ہر مومن حضور انور کا وارث اور علم میں ہر عالم میں حضور انور کا وارث ہے پچھلے سرائیلی اگلوں کے دینی روحی قرابت دار تھے **حسبا** قریبی ہوں یہ ہوں اس لئے وہ نسبی وارث بنے۔ **دوسرا اعتراض** اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ کتب اللہ پر دیوی بیل حرام ہے دیکھو اسرائیلیوں کی بے ایمانی کے سلسلے میں ذکر ہوا **یاخذون** رشوت بھی علماء قرآن پڑھانے نماز پڑھانے تعویذ دم پر اجرتیں لیتے ہیں وہ سب بھی مجرم ہوئے

www.alahazratnetwork.org

چاہیں۔ جواب اس اعتراض کا جواب ابھی تفسیر میں گذر گیا کہ وہ وقت توبہ کے بعد کا تھا اس کے احکام جیسے کہ معلوم ہو چکے تھے یہ دونوں علماء ہم نے تو اس پر معلوم ہونا بھی حرام تھا اس کی تفسیر وہ آیت ہے **یحرفون الکلم عن مواضعہ** الحمد للہ آج علماء ہیں یہ کام نہ کریں گے ان شاء اللہ کریں گے ان مذکورہ خدمات تعلیم وغیرہ پر حضرت دنیا ایسا ہی ہے جیسے قرآن مجید لکھنے چھاپنے پر حضرت دنیا قرآن مجید کی جو حضرت نے تیسرا اعتراض جملہ تعالیٰ سے معافی و بخشش کی امید رکھنا ہے مگر اس آیت میں اسے گناہ قرار دیا کہ اسرائیلیوں کے گناہوں کے سلسلے میں اس آیت **ویقولون سیغفر لنا** اس کی یہی وجہ ہے۔ جواب اگر بھول سے گناہ ہو جائے پھر بخشش کی امید پر توبہ کی جائے تو یہ عبادت ہے قرآن ہم اس کی تصریح فرماتا ہے **انما التوبۃ علی اللہ للذین یعملون السوء بجھالۃ ثم یتوبون من قریب** مغفرت کی امید پر گناہ کرنا کہ شراب پی لیں اللہ بخش دے گا یہ کفر ہے کہ اس میں دین کا مذاق اڑانا ہے اور اللہ تعالیٰ سے ہنسی۔ چوتھا اعتراض **یاتھم عرض مثلہ** سے یہی ہے۔ جواب یہاں مثلہ میں حرام ہونے میں شبہ ہے نہ کہ مقدار مال میں یعنی اس سوال و جواب کے بعد اگر پھر بھی اسی طرح حرام رشوت کمال ان کے پاس آئے تو پھر تب اللہ لوگوں کو اس پھر مال دوں پر لیتے ہیں یعنی وہ حرام ہیں گناہ کے ہوئے ہیں گویا ان قربانیوں میں کے ہوئے گناہ قائم رہے۔ پانچواں اعتراض یہاں ارشاد ہوا کہ دار آخرت متقیوں کے لئے بہتر تو یا متقیوں کے لئے بہتر نہیں ان کے لئے تو زیادہ آخرت دونوں ہی کے لئے ہیں **ربنا اتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الاخرۃ حسنۃ** پھر یہ آیت کیونکر درست ہوئی۔ جواب اس کا مطلب یہ ہے کہ متقیوں کے لئے آخرت دنیا سے اچھی ہے اس لئے کہ دار العمل ہے اور آخرت اس سے بھی اچھی ہے کہ وہ دار الجزاء ہے یعنی کھیت ہوئے اس کی خدمت کی جگہ ہے اور پھل لینے کا زمانہ اس کی جگہ آخرت ہے اللہ تعالیٰ عیب کرے۔

تفسیر صوفیہ خوش نصیب آدمی معمولی حقیر چیز سے بڑا فائدہ حاصل کر لیتا ہے عقل مند کسان گندے کوڑے کو کھیت میں ڈال کر اسے زبردست بنا دیتا ہے مگر بد نصیب بے وقوف اعلیٰ چیز سے بھی بڑا نقصان ہی اٹھاتا ہے اللہ کی آیتوں سے معنی نہیں نکالتا بلکہ اس میں اپنی زندگی برباد کر دیتا ہے تورات شریف حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پہلی شاندار کتاب تھی۔ موسیٰ علیہ السلام علیم اور پہلے صاحب کتاب نبی اس تورات کے ذریعہ بہت سے خوش نصیب لوگ نبی یا ولی بنائے گئے۔ بہت سے بد نصیب لوگ جن کا ذکر اس آیت میں ہے اسی تورات سے بدبختی کی راہ لی۔ اس کتاب کے ذریعہ سچ اللہ تعالیٰ کی شان عظمت سے ناواقف رہے اللہ کی پاک کتاب پر پھول کی طرح اس کی عظمت کو دیکھ کر سجدہ کرنے پر ذلیل ہو گئے۔ اس سے دنیا بھی خراب ہوئی آخرت بھی۔ موسیٰ صاحب رضی اللہ عنہ کو ذلیل و حقیر حاصل کرنے کا ذریعہ بنایا۔ شعر

تہی دستان قسمت را چہ سود از رہبر کامل — کہ خضر از آب حیواں تشنہ می آرد سکندر را

www.alahazratnetwork.org

وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ بِالْكِتٰبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ

اور وہ لوگ جو مضبوطی سے پکڑتے ہیں کتاب کو اور قائم کی انہوں نے نماز ہم نہیں ضائع کرتے

اور وہ جو کتاب کو مضبوط تھامتے ہیں اور نماز کو قائم رکھتے ہم بگاڑنے والے نہیں

الْمُصْلِحِيْنَ ۝ وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهٗ

نیک کاروں کا اور جبکہ ہم نے اوپر کیا پہاڑ اوپر ان کے گویا وہ سائبان ہے اور گمان

نیکوں کا اور جب ہم نے پہاڑ اوپر اٹھایا گویا وہ سائبان ہے اور سمجھے کہ ان پر گرے گا وہ جو ہم

وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۚ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝

کہ انہیں پر گرنے والا ہے پکڑو جو ہم نے تمہیں دیا زور سے اور یاد کرو جو اس میں ہے کہ کہیں تم پرہیزگار ہو

تعلق اس آیت کا پچھلی آیت سے چار طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: پچھلی آیت میں ان بدنصیب اسرائیلیوں کی سزا کا ذکر ہوا جنہوں نے توریت شریف ضائع کردی اسے دنیا کمانے کا ذریعہ بنایا دوست کے لئے کتاب میں تحریف کی اب ان خوش نصیب بنی اسرائیل کا ذکر ہے جنہوں نے توریت شریف سے صحیح فائدہ اٹھایا اسے ضائع نہ کیا اسے سنبھالا جیسے سیدنا عبداللہ ابن سلام اور ان کے ساتھی کہ وہ مدینہ پر چڑھائی کے ضد سے بچ جاتی ہے گویا مجرموں کے بعد مخلصوں کا ذکر ہے۔ دوسرا تعلق: پچھلی آیت میں ان اسرائیلیوں کا ذکر تھا جنہوں نے اپنی کتاب توریت بگاڑی اب امت محمدیہ کا ذکر ہے جنہوں نے قرآن مجید کو سنبھالا اور اسے خدا رسی کا ذریعہ بنایا جیسا کہ اس آیت کی دوسری تفسیر سے معلوم ہوگا انشاء اللہ۔ تیسرا تعلق: پچھلی آیت میں ان اسرائیلیوں کا ذکر تھا جنہوں نے توریت کو دنیاداری کا ذریعہ بنایا اب ان کا ذکر ہے جنہوں نے اس توریت کو مصطفےٰ رسی کا ذریعہ بنایا۔ چوتھا تعلق: پچھلی آیت میں ذکر ہوا کہ اسرائیلیوں نے توریت کو سنبھالا نہیں اب دوسری آیت میں ذکر ہے کہ انہوں نے جو خوشی قبول ہی نہیں یا نہیں جو انہوں نے منوائی تھی۔ گویا بقایات کے بعد عطایات کا ذکر ہے تاکہ پتہ لگے کہ جس چیز کو خوشی قبول میں یہ لوگ اس کی قدر بھی نہیں ہوتی۔ **پانچواں فائدہ:** پچھلی آیت کے آخر میں ارشاد ہوا کہ متقی پرہیزگاروں سے آخرت بنتی ہے اب ارشاد ہو رہا ہے کہ متقی وہ ہے جو اللہ کی کتاب مضبوطی سے پکڑے کتاب اللہ کے بغیر کسی ذریعہ سے متقی نہیں بن سکتے گویا پہلے بتایا کہ آخرت کی بھلائی کا مستحق کون ہے جو متقی ہو۔ اب بتایا جارہا ہے کہ متقی کون ہے وہ جو کتاب الٰہی کو مضبوط تھامے نماز قائم کرے وغیرہ۔

شان نزول یہ پچھلی آیت اس علاقہ کے متعلق نازل ہوئی جنہوں نے نہ قرآن لیا نہ توریت شریف میں تحریف کی بلکہ صحیح معنی میں یہودیت پر قائم رہے اور حضور انور کا زمانہ پایا توریت شریف کی روشنی میں حضور پر ایمان لے آئے جیسے بعد ہجرت حضرت عبداللہ بن سلام ان کے ساتھی نور رسالت کی روشنی میں حضرت کعب احبار ان کے ساتھ رضی اللہ عنہم اجمعین

www.alahazratnetwork.org

(تفسیر خازن)۔

تفسیر **والذین یمسکون بالکتب** ظاہر یہ ہے کہ یہ عورت یا جملہ سے اس کا واو ابتدائیہ ہے اور **الذین یمسکون** مبتداء ہے اس کی خبر پوشیدہ ہے **لا نضیع اجرھم** اور **انا لا نضیع** اس خبر کی علت ہے مگر بعض مفسرین نے فرمایا کہ یہ عبارت معطوف ہے **للذین یتقون** پر لہٰذا اس کا واو عاطفہ ہے۔ اس صورت میں **الذین** جر کی حالت ہے اور **للذین یتقون** کی تفسیر ہے عام مفسرین فرماتے ہیں کہ اس **الذین** سے مراد خاص یہود ہیں جو اصلی یہودیت پر قائم رہے اور کتاب سے مراد توریت شریف ہے مگر عطاء فرماتے ہیں کہ اس سے مراد حضور ﷺ کی امت ہے اور **الکتاب** سے مراد قرآن مجید ہے رب تعالیٰ نے یہود پر مسلمانوں کی فوقیت دکھائی ہے مگر پہلی تفسیر قوی ہے کہ پچھلی آیت میں بھی اسرائیلیوں ہی کا ذکر تھا اور اگلی آیت میں بھی انہیں کا ذکر آرہا ہے (روح المعانی) ہماری قراۃ میں **یمسکون** سین کے شد سے ہے باب تفعیل سے مگر ابو عمرو کی قراۃ میں **یمسکون** باب فعل سے ہے اور حضرت ابن مسعود کی قراۃ میں **استمسکوا** ہے باب استفعال کا ماضی اور ابی ابن کعب کی قراۃ میں مسکوا ہے حمد فرماتے ہیں کہ قرآن مجید میں امساک باب فعل سے بمعنی تھامنا ہی آیا ہے جیسے ارشاد ہوتا ہے **فامساک بمعروف** اور **امسک علیک زوجک** اور **فکلوا مما امسکن علیکم** مگر ظاہر ہے **یمسکون** باب تفعیل سے ہے تو اس میں ایسا مبالغہ ہوگا جو باب افعال میں نہیں۔ معنی ہوں گے جو خوب مضبوطی سے کتاب کو پکڑے رہتے ہیں عقائد و اعمال اس کے مطابق اختیار کرتے ہیں رشوت لے کر اس میں تحریف نہیں کرتے اپنے کو کتاب کے سانچے میں ڈھالتے ہیں کتاب کو اپنی رائے و عقل کے سانچے میں نہیں ڈھالتے اس کی اس حالت کا دوام بتانے کے لئے مضارع ارشاد ہوا (از تفسیر کبیر، روح المعانی) **واقاموا الصلوۃ** یہ عبارت معطوف ہے **یمسکون** پر اگرچہ کتاب اللہ کو مضبوطی سے پکڑنے میں نماز کی پابندی بھی آگئی تھی مگر چونکہ تمام سارے اسلامی ارکان میں اہم ترین حکم ہے جو نماز قائم کرے وہ دین کو سنبھال لیتا ہے اس وجہ سے نماز کا ذکر خصوصیت سے علیحدہ دیا چونکہ کتاب اللہ کو مضبوطی سے پکڑنا ہر وقت ہوتے جاگتے چلتے پھرتے بلکہ جیتے مرتے ضروری ہے اور نماز مقررہ اوقات میں پڑھی جاتی ہے اس لئے وہاں **یمسکون** مضارع ارشاد ہوا یہاں **اقاموا** ماضی ارشاد ہوا نماز پڑھنے اور قائم کرنے کا بہت فرق ہم شروع سورہ بقر **یقیمون الصلوۃ** کی تفسیر میں عرض کر چکے ہیں اگر **الذین** سے مراد بنی اسرائیل ہیں تو یہاں **الصلوۃ** سے مراد نماز موسوی ہے اور اگر وہاں اس سے مراد مسلمان ہیں تو یہاں **الصلوۃ** سے مراد اسلامی نماز ہے **انا لا نضیع اجر المصلحین** یہ فرمان باری تعالیٰ **والذین یمسکون** کی خبر ہے **المصلحین** سے بعد **منھم** پوشیدہ ہے جس کا تعلق مبتدا سے قائم ہے یہ **المصلحین** کا اسم ہو کا کلام سے رہا ہے یا یہ خبر نہیں بلکہ پوشیدہ خبر کی وجہ ہے (روح المعانی) مصلحین سے مراد ہیں اپنے عقیدے اپنے معاملات اپنی عبادات صحیح رکھنے والے کہ کامل مصلحین وہی ہیں **واذ نتقنا الجبل فوقھم** یہ فرمان خاص یا جملہ سے اس کا واو ابتدائیہ ہے واؤ کے بعد **اذکروا** پوشیدہ ہے **نتقنا** **نتق** سے **نتق** کے معنی ہیں اکھیڑنا ہلانا۔ محاورہ میں آخری معنی میں ہے **نتق** کے معنی ہیں اٹھانا بعض نے فرمایا۔ معنی اکھیڑنا ہیں بعض نے فرمایا کہ اس کے معنی ہیں اکھیڑ کر اٹھانا (از تفسیر کبیر و معانی وغیرہ) مگر قوی یہی ہے کہ معنی اٹھانا ہے پہاڑ

www.alahazratnetwork.org

مراد طور پہاڑ ہے بعض حضرات نے مختلف پہاڑ مراد لئے مگر صحیح یہی ہے کہ طور پہاڑ مراد ہے اس کی تفسیر وہ آیت ہے **ورفعنا فوقهم الطور** اس آیت ۔۔۔ **نتق** کے معنی اوپر کی طرف کھینچنا فرمائی **فوقهم** بھی یہی بتا رہا ہے کہ **نتق** معنی اٹھانا ہے **کانه ظلة** یہ عبارت متعلق ہے **نتقنا** کے **ظلة** بنا ہے **ظل** سے معنی سایہ **ظلة** سائبان شامیانہ یعنی جیسے سائبان ساری قوم پر ہوتا ہے لوگوں سے قریب ہوتا ہے یوں ہی طور پہاڑ اس سب پر چھایا ہوا وہ بادل کی طرح زیادہ پھیلا تھا بلکہ اس نے لوگوں سے قریب تھا شامیانہ کی طرح یہ دو باتیں بتانے کے لئے سائبان سے تشبیہ دی گئی۔ یاد رہے کہ چھت شامیانہ جیسے سب **ظلة** ہیں یعنی سایہ کرنے والی چیز **وظنوا انه واقع بهم** یہ عبارت معطوف ہے **نتقنا** پر اس کے وہ حاصل ہے اور **ظن** معنی یقین ہے کہ معنی مکمل یاد ہم **بهم** میں ب۔ معنی علی ہے یعنی انہیں یقین ہو گیا کہ پہاڑ ان پر گر جاوے گا اور وہ سب مر جائیں گے کیونکہ اتنی وزنی چیز بھیر کسی پر رکھے ہوئے بغیر کسی سے لگے ہوئے یعنی ٹھہر سکتی ہے فضا اسے سنبھال نہیں سکتی۔ **خذوا ما اتيناكم بقوة** یہاں **خذوا** سے پہلے **قلنا** پوشیدہ ہے یعنی ہم نے ان اسرائیلیوں سے فرمایا یہ تو فرشتوں کی زبان پر موسیٰ علیہ السلام کی زبان پر **خذوا** کے معنی ہیں میں یعنی قوی ہو **ما** سے مراد ہے تورات شریف چونکہ کتاب الٰہی کی معرفت امت ہی کو دی جاتی ہے اس سے یہ عمل کرانا مقصود ہوتا ہے اس لئے **اتيناكم** فرمایا اور دوسری جگہ **واتينا موسى الكتب** فرمایا درست ہے ان دونوں میں کوئی اختلاف یا تعارض نہیں۔ **بقوة** کا تعلق **خذوا** سے ہے یعنی اس کتاب کو اپنی طاقت و قوت سے پکڑو اس کے سخت احکام پر عمل کرو۔ واقعہ یہ ہوا تھا کہ جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم بنی اسرائیل کو تورات شریف پہلی بار دکھائی اور سنائی تو ان لوگوں نے ماننے اور عمل کرنے سے انکار کر دیا ان پر چالیس بہت اور سخت احکام آگئے جس سے وہ گھبرا گئے تب انہیں منوانے کے لئے یہ عمل کیا یہ واقعہ سورہ بقرہ میں گذر چکا ہے **واذكروا ما فيه** یہ عبارت معطوف ہے **خذوا** پر ذکر سے مراد ہے یاد رکھنا عمل کرنے کے لئے **ما** سے مراد سارے احکام ہیں عقائد کے ہوں یا اعمال کے **فيه** ای فی الکتاب کی طرف ہے یعنی جو احکام سخت ہوں یا نرم اس کتاب میں وہ سارے کے سارے یاد رکھو ان پر عمل کرو **لعلكم تتقون** یہ فرمایا **خذوا** اور **اذكروا** کی وجہ ہے یا مقصد عمل بندوں کے لحاظ سے معنی شاید ہوتا ہے اور رب تعالیٰ کی نسبت سے معنی تاکہ۔ تقویٰ کے معنی ڈرنا بھی ہیں اور بچنا بھی یہاں معنی بچنا ہے اس کا معنوں پوشیدہ ہے یعنی تم عمل دوزخ سے یا اپنی اپنی خصلتوں بد عقیدگیوں سے بچ جاؤ یہ ہو کہ تورات پر عمل تقویٰ و پرہیزگاری کی اصل ہے۔

خلاصہ تفسیر اس تفسیر سے معلوم ہوا کہ اس پہلی آیت کی دو تفسیریں ہیں ایک وہ کہ یہ آیت مسلمانوں کی تعریف و توصیف میں ہو دوسرے وہ کہ یہ اصل یہود پر قائم رہنے والے اسرائیلیوں کے متعلق ہو دوسری بات قوی ہے ہم اس تفسیر کا خلاصہ عرض کرتے ہیں اب تک جن اسرائیلیوں پر عذاب ہوا یہ وہ تھے جنہوں نے تورات میں تبدیلی کی اس پر شامل نہیں۔ مگر وہ اسرائیلی جو تورات شریف کو مضبوطی سے تھامے رہے اس کے بتائے ہوئے عقائد و اعمال اختیار کئے رہے ان کے دل میں جو نماز تھی اسے صحیح طور پر ہمیشہ پڑھتے رہے حتیٰ کہ حضور علیہ السلام کی آخر الزماں پر ایمان لے آئے ہم ان سب کو ثواب ضرور دیں گے کیونکہ ہم کریم ہیں رحیم ہیں کسی کا اجر و ثواب برباد ضائع نہیں کیا کرتے جو کچھ حالات عام اسرائیلیوں سے ہم نے

www.alahazratnetwork.org

سنے یہ تو بعد کے ہیں انہوں نے ابتداء میں ہی سرکشی کی تھی کہ جب موسیٰ علیہ السلام توریت لائے اور انہوں نے ہمارے اسرائیلیوں کو سنائی تو وہ کہنے لگے کہ **سمعنا وعصینا** ہم نے سن تو لی مگر عمل نہ کریں گے تب ہم نے ان پر طور پہاڑ اپنی جگہ سے اکھیڑ کر ان کے سروں پر لا کھڑا کیا جو شامیانہ کی طرح ہمارے لوگوں پر چھایا اور ان کے سروں سے قریب ہو گیا انہیں یقین ہو گیا کہ اب ہم پر گرا ہی جاتا ہے پھر ہم نے ان سے کہا کہ جو احکام تم کو دیئے جا رہے ہیں انہیں خوب مضبوطی سے قبول کرو اور اس کتاب میں جو کچھ ہے اسے یاد رکھو عمل کرو تاکہ تم متقی پرہیزگار ہو۔

لطیفہ: جب طور پہاڑ ان لوگوں پر معلق کیا گیا تو یہ لوگ اظہار اطاعت کے لئے سجدہ میں گر گئے اور یہ کہا کہ مولیٰ ہم نے سب کچھ قبول کر لیا مگر سجدہ والے رخسارہ پر کیا تاکہ پہاڑ کی طرف رکھی کہ کہیں ہم پر گر نہ جائے اب بھی یہود یہاں رخسارہ ہی سجدہ کرتے ہیں کہتے ہیں کہ ہم کو اسی طرح کے سجدے نے پہاڑ سے بچایا تھا سب کا سجدہ پیشانی پر ہوتا ہے مگر یہود کا سجدہ رخسار پر (تفسیر کبیر)

فائدے: اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ**: ہدایاتی کلا ذریعہ کتاب اللہ کو ماننا اس پر عمل کرنا ہے اس کے بغیر کتنی ہی بیاں رہے وہ محض بیکار ہے یہ فائدہ **والذین یمسکون** سے حاصل ہوا دیکھو اس آیت میں پہلے فرمایا **یمسکون بالکتاب** پھر فرمایا **واقاموا الصلوۃ** دوسرا فائدہ: جب تک توریت و انجیل منسوخ نہیں ہوئی تھیں تب تک ان کو مضبوطی سے پکڑنا ان پر عمل کرنا ہدایت تھی اب ان پر عمل گمراہی ہے مثلاً انجیل میں شراب حلال کی گئی تھی اب جو اسے حلال جانے کافر ہے ہاں ان کے عقائد کے غیر منسوخ اعمال پر اب عمل ہو مگر اس لئے کہ یہ قرآن کے احکام ہیں دیکھو توریت و انجیل میں حضور انور پر ایمان لانے کا حکم تھا اس حکم پر اب بھی عمل واجب ہے قرآن کریم نے بھی یہی حکم دیا **آمنوا باللہ ورسولہ** یہ فائدہ بھی **یمسکون بالکتاب** سے حاصل ہوا دیکھو تفسیر۔ **تیسرا فائدہ**: قرآن مجید تاقیامت لائق عمل ہے ہر شخص پر واجب ہے کہ اسے اپنا دستور العمل بنائے یہ فائدہ الکتاب کی دوسری تعریف سے حاصل ہوا جبکہ کتاب سے مراد قرآن مجید ہو۔ **چوتھا فائدہ**: تمام دینی کاموں میں مداومت اہم چیز ہے یہ فائدہ **اقاموا الصلوۃ** سے حاصل ہوا کہ رب تعالیٰ نے یہ **یمسکون بالکتاب** کے ساتھ یہاں فرمایا مگر خیال رہے کہ نماز پڑھنا کمال نہیں بلکہ نماز قائم کرنے کا حکم ہوا۔ **پانچواں فائدہ**: مسلمان کو چاہئے کہ کسی نیکی کے بجا لانے سے ضائع ہونے کا خیال نہ کرے کہ رب نے ضائع نہ کرنے کا وعدہ فرمایا ہے اس وعدے سے پہلے ہیں وعدہ خلافی لازم ہے یہ فائدہ **انا لا نضیع** فرمانے سے حاصل ہوا خیال رہے کہ نیکیوں کا ضائع ہونا ان کی اپنی غلطی سے ہوتا ہے رب فرماتا ہے **ان تحبط اعمالکم وانتم لا تشعرون**۔ **چھٹا فائدہ**: عاملین کار کے لیے اعمال صالحہ دیکھ ہیں ان میں قومیت کے چل چلاؤ نہیں ملتے کہ اس پر ٹوٹ پڑے یہ فائدہ **اجر المصلحین** سے حاصل ہوا کہ صالح کرنے کے لئے مصلحین کی قید لگائی رب فرماتا ہے **وقدمنا الی ما عملوا من عمل فجعلنٰہ ھباء منثورا**۔ **ساتواں فائدہ**: جزا ملنی ہوئی قبول کی ہوئی چیز کا ملنا ان میں سے ملنی ہوئی چیز کا ملنا ہے دیکھو مسلمانوں نے قرآن ہی سے مانا کہ رب تعالیٰ اب تک سنا رہے ہیں اور انشاء اللہ مانتے قبول کرتے رہیں گے بنی اسرائیل نے توریت ہی کر مانی تھی بہت جلد اسے چھوڑ بیٹھے یہ فائدہ **واذ نتقنا** سے حاصل ہوا۔ **آٹھواں فائدہ**: اللہ تعالیٰ قادر ہے کہ

پہاڑ کو اس کی جگہ سے عبرت سے اٹھائے اور پھر وہاں ہی قائم کردے۔ معلوم یہ فائدہ بھی **واذ نتقنا الجبل** سے حاصل ہوا۔ لہٰذا احسور کا یہ فرمانا بالکل درست ہے کہ اگر میں چاہوں تو میرے ساتھ ہونے کے پہاڑ چلیں یہ بھی درست ہے۔ حصور علیہ السلام فرمان پر درست چل کر آئے اس تمام احادیث کی تائید اس آیت سے ہوتی ہے۔ **نواں فائدہ** قرآن مجید کا تیئس سال میں آہستگی سے نازل فرمانا اللہ تعالیٰ کی خاص رحمت ہے کہ اس سے مسلمانوں کو سارے احکام پر عمل کرنا آسان ہو سارے احکام پر عمل سے انکار کرنے کی یہ وجہ نہ تھی کہ اس پر یکدم سارے احکام آگئے یہ فائدہ بھی **واذ نتقنا الجبل** سے حاصل ہوا۔ **دسواں فائدہ** کتاب اللہ کو مضبوطی سے پکڑنا اس کو یاد رکھنا اس پر عمل کرنا پرہیزگاری اور بچنے کا ذریعہ ہے یہ فائدہ **لعلکم تتقون** سے حاصل ہوا۔

پہلا اعتراض کتاب اللہ کو مضبوطی سے پکڑنے کی ساری عبادات آگئیں پھر اس کے بعد **اقاموا الصلوٰۃ** کیوں فرمایا نماز تو وہ میں مذکور نہ تھی۔ **جواب** نماز ذکر علیحدہ یا تو اس لئے کیا گیا کہ نماز سارے شرعی احکام میں اہم ہے کہ یہ ہے آسان تکرر نفس پر زیادہ گراں ہے رب فرماتا ہے **وانہا لکبیرۃ** یا اس لئے کہ عمل کی پابندی ساری عبادات معاملات سے آسان تر دیتی ہے چونکہ سب قوت کو مضبوطی سے پکڑنا مشکل کام تھا اس لئے فرمایا کہ نماز قائم کرو تاکہ تم پر یہ مشکل آسان ہو جائے۔ **دوسرا اعتراض** یہاں **یمسکون** مضارع ارشاد ہوا اور **اقاموا** ماضی اس فرق کی وجہ کیا ہے۔ **جواب** یہ ہے اس لئے تاکہ معلوم ہو کہ کتاب اللہ کو مضبوط تھامنا ہر وقت ضروری ہے اور نماز کو اگر کبھی کبھی کبھی

www.alahazratnetwork.org

اشارہ تھا کہ توریت سے مدد لو یہ تمہارے قابل عمل رہیں گے ان میں ترمیم تحریف نہ ہوئی انہیں خوب مضبوطی سے پکڑنا کہ ان میں سے بہت سی چیزیں تم نے چھپا رکھی ہیں ان کے ظاہر کرنے کی بہت تاکید فرمائی کہ کلام الٰہی سے علماء یہود نے بہت کچھ چھپا رکھا تھا کہ ان کی خرمستیاں توریت کی فرمائشوں میں حائل تھیں۔ ان کی بہت سی تحریفیں بھی یہاں ترتیب دی۔

تفسیر صوفیانہ کتاب الٰہی کو دیکھنا اور اسے پڑھنا پڑھانا اور اسے چھونا اور اسے پکڑنا اور مگر مضبوط پکڑنا کچھ اور ہی چیز ہے عمل اور حد ہے مضبوط پکڑنے کی عام طور پر جس چیز کو سخت مضبوط پکڑا ہوتا ہے تو سخت سے پکڑتے ہیں مگر وہ حالی اور ہلکی چیز کو مضبوط پکڑا ہوتا ہے تو نرمی سے پکڑتے ہیں۔ اسی طرح عمل کے بارے میں فرمایا کہ اس کو سخت سے بلکہ محبت سے خلوص دل سے مضبوط ہوتی ہے عشق و محبت والی اطاعت قوی اس سے یہاں **یمسکون** فرمایا یہ ان حال نمازوں کے لئے ہے صرف جسم سے ادا کی نمازیں پڑھنے والوں کے خشوع و خضوع کے ساتھ اور دل سے نماز قائم کرنے والوں نے نماز قائم کی تو چھت قائم ستون اگر کر گیا چھت جیسے رہے۔ شعر

خانہ دیں ویراں راز خدا ۔۔۔ ستوں نماز ۔۔۔ بنا

ہے ستوں باقی جائے ۔۔۔ خدا دیں حق ۔۔۔ ہے

صوفیاء کے روشن مصلح وہ ہے جو قول افعل عمل عقیدہ خواہ اس کا ذکر فیہ وسب کو اس طرح درست کرے کہ وہ الٰہی فیض ربانی قبول کرنے کے قابل ہو جائے، شوارع علیہ اصلح ہے اصلاح آنی قابلیت صلاحیت کے حد کمال حاصل ہو سکتا ہے جب وہ گرم ہو کر نرم ہو صلاحیت پانے والا ہے تو چاہو بناؤ اس صلاحیت و قابلیت کے لئے نکاح شیخ کامل ضروری ہے صوفیاء فرماتے ہیں کہ کسی چیز کو یا تو خوف سے مانا جاتا ہے یا ذوق سے یا شوق سے خوف سے ماننا ناقص ہے نہ خوف جائے میں ماننا بھی ختم ہو جائے گا مگر ذوق یا شوق سے ماننا کامل ہے اس کے لئے تمام مسلمانوں نے قرآن مجید ذوق یا شوق سے پڑھا اور اس پر قائم رہے بنی اسرائیل نے ماننا خوف سے اس لئے وہ توریت کو چھوڑ بیٹھے بلکہ اگلا بیٹھے اللہ تعالیٰ ذوق و شوق نصیب کرے۔

وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ

اور جب میں رب نے تمہارے آدم کی اولاد سے ان کی پیٹھوں سے ان کی ذریت اور گواہ بنا

اور اے محبوب یاد کرو جب تمہارے رب نے اولاد آدم کی پشت سے ان کی نسل نکالی اور انہیں

عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا بَلٰى شَهِدْنَا اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ

ان کو اوپر جانوں سے ان کے کہ نہیں ہوں میں رب تمہارا وہ بولے ہاں گواہ ہے ہم کہ کہو تم دن قیامت کے

خود ان پر گواہ کیا کیا یہ تمہارا رب نہیں سب بولے کیوں نہیں ہم گواہ ہوئے کہ کہیں قیامت کے

اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷۲﴾

کہ ہمیں تجھے ہم اس سے بے خبر تھے۔

دن کہو کہ نہیں اس کی خبر نہ تھی۔

www.alahazratnetwork.org

تعلق اس آیت اور اس کے پچھلی آیت سے چند طرح متعلق ہے۔ پہلا **تعلق** پچھلی آیت میں اس عہد و پیماں کا ذکر ہے جو اسرائیل سے عطاء توراۃ کے وقت جبراً "میثاق" پہاڑ اٹھا کر اب اس عہد و پیماں کا ذکر ہے جو سارے انسانوں سے بخوشی لیا گیا تھا یعنی میثاق کے دن گویا خاص اور جبری عہد و پیماں کے بعد عام اور خوشی والے عہد کا ذکر ہے۔ دوسرا **تعلق** پچھلی آیت میں بنی اسرائیل پر حجت قائم کی گئی تھی کہ انہوں نے عہد و پیماں ہم سے کئے پھر انہیں توڑ کر عذاب کے مستحق ہوئے اب اس آیت میں سارے انسانوں پر حجت قائم فرمائی گئی ہے کہ تم سب ہم سے عہد و پیماں کر گئے ہو اگر اس کی خلاف ورزی کرو گے تو سزا پاؤ گے۔ تیسرا **تعلق** پچھلی آیت میں ان لوگوں کی تعریف کی گئی تھی جو کتاب الٰہی کو مضبوطی سے تھامیں اور نماز قائم کریں اب اس تعریف کی وجہ بیان ہو رہی ہے کہ وہ وفاء عہد میں ان لوگوں نے میثاق والا عہد پورا کیا۔ چوتھا **تعلق** پچھلی آیت میں حضور علیہ السلام کی نبوت آپ سے علم غیب سے ثابت کی گئی کہ بنی اسرائیل کا ابتدائی واقعہ توراۃ ملنے اور ان کے انکار کرنے پھر پہاڑ اکھیڑے جانے کا بیان فرمانا اس سے معلوم ہوا کہ جو باتیں بنی اسرائیل نے چھپائی تھیں وہ حضور انور پر روشن ہیں اب اس آیت میں اس سے بھی بڑھ کر حضور کا علم غیب بیان ہو رہا ہے کہ حضور انور پر انسان کی اول پیدائش سے وقت کے واقعات پوشیدہ نہیں کہ جو میثاق سے دن رہے عہد و پیماں یہ وہ بھی حضور انور سے مخفی نہیں گویا حضور انور کا یہ معجزہ بیان فرمانے کے بعد دوسرا عجیب تر معجزہ بیان ہو رہا ہے۔ غرض نبی علیہ السلام کی ابتداء اتنی ظاہر ہے اس پر بنی اسرائیل کی انتہاء اتنی چھپ سکتی ہے (تفسیر صاوی)۔

تفسیر واذاخذربک قوی یہ ہے کہ یہ عہد نیا ہے لہٰذا اس کا واؤ ابتدائیہ ہے اور یہ **اذکر** پوشیدہ کا معمول ہے بعض مفسرین نے فرمایا کہ یہ معطوف ہے **واذنتقنا الجبل** پر لہٰذا واؤ عاطفہ ہے مگر پہلی بات ظاہر ہے (معالم) اگر یہ **اذنتقنا** پر معطوف ہے تو یہی اسرائیل پر دوسرا الزام ہے کہ انہوں نے میثاق کے دن ہم سے یہ وعدہ کیا تھا کہ بنی اسرائیل حاضر ہوں تو عزیر علیہ السلام کو اور عیسائی عیسیٰ علیہ السلام کو خدا مان بیٹھے جیسے کہ توراۃ سے عہد کر کے اسے توڑ بیٹھے **اذکر** کا معمول **بعہد** یعنی اے محبوب ان لوگوں سے اس وقت کا ذکر فرما دیں رہے کہ یہاں **اخذ** ماضی ہوا اخبر یا مضارع ہو تاکہ اس عہد و پیماں کی عظمت لوگوں کے دلوں میں بیٹھ جائے کہ اس **اخذ** میں انسان کی اشرفیت اس کے خاص چنے جانے کی طرف اشارہ ہے کہ وہ حالت ایسے کے لائق ہے اس لئے اس کے ساتھ **ربک** ارشاد ہوا تاکہ حضور انور کی عظمت بھی اشارہ معلوم ہو کہ ہم نے لوگوں سے یہ عہد و پیماں اس شان سے لیا کہ ہم اے محبوب تمہارے رب ہیں وہ مجھے اس طرح جانیں مانیں پہچانیں کہ میں رب محمد ہوں (روح المعانی) گویا اس عہد میں نبی الوہیت کے ساتھ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت سے اقرار کا بھی ذکر ہے **من بنی آدم** یہ عبارت **اخذ** متعلق ہے یا آدم سے مراد انسان ہے یعنی بشر انسان آدم کی طرف سے آدم بھی انسان کا نام ہے یا آدم سے مراد آدم علیہ السلام بھی داخل ہیں کیونکہ پہلے تو اسی کی پشت سے ان کی اولاد نکالی گئی پھر اولاد کی پشت سے اولاد اسی طرح قیامت تک (تفسیر صاوی وغیرہ) **من ظہورھم** یہ عبارت **من بنی آدم** سے بدل بعض سے ظہور جمع ہے ظہر کی معنی پشت (پیٹھ) اپنے ابا "باپ کی پیٹھ میں رہتا ہے پھر وہاں سے منتقل ہو کر ماں کے پیٹ میں پھر وہاں سے منتقل ہو کر تمام کو

www.ahazratnetwork.org

باپ کی پیٹھوں سے نکالا یا قدرت سے ماں کے پیٹ سے اس کے حضور فرمادیا **ھم** ہم ہوئے نہیں سب کی جان میں
اس فرمان عالی نے انہیں علیہ السلام سے مستفسی ہیں یہ حضرت آدم کو ملتا ہے کریم سے پیدا کیا ہاں کی
راستے سے واپس لیا۔ حدیث شریف میں ہے اس سے دو سال پہلے ہوئے ہیں جو پیدا ہوئے ہیں ان سب سے
ان کی شادی سے ہوئی ہے۔ نبی علیہ السلام ہیں جس کے لوگ سے ہوئی ہے ان سے لاکھ سے ہوئی تھی ان کی ہے
روح البیان وغیرہا) **ذریتھم** یہ اجمالہ ضمیروں ہے **ذریت** سے مفتی بعض سے بیان سے
وہ ہیں اس لئے کہتے ہیں کہ وہ میثاق سے ان چھوٹی چیونٹی کی مثل طاقتوں تھی ان میں کر سے ہیں سے داخل ہیں۔ خیال
رہے کہ فقط روحیں نہیں نکالی گئیں بلکہ جسم بھی بقدر ہیئت میں لوہا ہوتا ہے کہ روحوں کو اس سے میں چلا
جائے پر عالم ارواح سے کہ یاد کی جاتی ہے اس میں لوہا **جبر لایتغیری** کا گیا اس میں وہ روحیں ہیں
اٹھا جانے والی تھی ان کو عقل و ہوش سے دیکھنے کی قوت دی گئی ہے کہ ایک وقت پر اس میں کو ہے ان طاقت دی ان کو
سوں نے والد علیہ السلام کے ساتھ تسبیح ان سے نکالیں نے حضور ہوا شریف عبادت حضور سے کہ چل
ہوتوں نے حضور کو بجدہ بایہ تمام واقعات ان پر تھے کہ ان پر ان میں عقل و ہوش دی گئی ہے کہ
لہٰذا آیت پر کوئی اعتراض نہیں حق یہ ہے کہ روحیں میں نظرات میاہ ہر عقل میں یہ کہ ان سے
گیا تھا دلیل ان نظرات کو ان سے علیحدہ سمجھنا درست نہیں **وانشھدھم علی انفسھم** عبارت سے **اعنی**
پر **اشھد** کا فاعل رب تعالیٰ ہے **ھم** کا مرجع **ذریت** یونکہ لفظ ذریت آدم موجود ہے مگر اس سے معنی ہیں
معنی ہیں لوگ۔ انفس جمع ہے نفس کی جس کے بہت معنی ہیں جن میں سے اصل معنی ہیں ذات
معنی ذات ہے **انفسھم** کا مطلب یہ ہے کہ ایک دوسرے پر گواہ بنوائی اپنے معنی میں سے اور یہ مطلب ہے
ہر شخص اپنے پر گواہ بنوائی معنی اقرار سے چونکہ یہ گواہی یا اقرار سب لوگوں پر قیامت میں ان سے معاف کا
ہے یہاں **علی** ارشاد ہوتا ان سب کو ایک دوسرے پر گواہ بنایا ہدایت اقرار خدایا۔ **الست بربکم** میں **قال**
پوشیدہ ہے ظاہر یہ ہے کہ رب تعالیٰ نے ان سب پر اپنی تجلی ان پر حمل اعضاء پھر ان سے یہ سوال یا بعض سے
فرماتے ہیں کہ کفار پر تجلی قہر ان اور مومنین پر تجلی رحمت روح المعانی **الست** میں سوال سوال کا ان سے ہوا
حس سے یہ ثبوت بن گیا یاد رہے کہ رب تعالیٰ عالم ارواح میں ان کی پرورش فرماتا تھا اور ان میں ان کی
ان اپنے باپوں کی پشت سے ظاہر ہوئے یہ روایت ظاہر تھی تو رب تعالیٰ کا یہ سوال بالکل درست ہے ان سے
اور ہو تو یہاں تمہارا رب نہیں ہوں ضرور ہوں۔ **قالوا بلی شھدنا** ان سب کا جواب سے سب نے پہلے صاف اور
بلی فرمایا پھر آپ سے ان ہر ایک سے جدا جدا ہوئے پھر ہوئی تمام ہوگوں نے مگر مومنین سے تو خوشی **بلی** سے اور
مشرکین نے ناچار مجبوراً **بلی** سے بعض علماء فرماتے ہیں کہ مومنین سے بچوں سے ہوئے ہیں وہ ان میں
میثاق والے ایمان پر پیدا ہوئے ہیں اسے اس پر مرے مگر عارضے بچوں سے مرجانے والے پیدا ہوئے ہیں کہ وہ میثاق سے
علق کفر پیدا ہوئے اس پر مرے مگر یہ قول اس حدیث کے خلاف ہے کہ **کل مولود یولد علی الفطرۃ** ہر بچہ

www.alahazratnetwork.org

اسلام بھی پیشتر والے عہد دیاں پر پیدا ہوتا ہے **فابواہ یھودانہ او ینصرانہ او یمجسانہ** پھر اس کے ماں باپ اسے یہودی یا عیسائی یا مجوسی وغیرہ بنا دیتے ہیں اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سب سے کوئی **بلیٰ** کا اقرار کفار نے نہ کیا کچھ بچے دوزخی نہیں رہے کہ بلیٰ میں منفی کا اقرار ہوتا ہے اور **نعم** میں بھی کا اقرار مثبت **نعم** سے معنی یہ ہوتے کہ ہاں تو ہمارا رب نہیں ہے یہ معنی ہوتا **بلیٰ** کے معنی ہوئے کہ ہاں تو ہمارا رب ہے یہ ایمان ہوا اور روح الیماں (معانی وغیرہ) **بلیٰ** تو جواب ہے **الست بربکم** کا اور **شھدنا** یہ تو اس اقرار کا بیان ہے تو **بلیٰ** پر وقف نہیں ہو سکتا اقرار کا نتیجہ ہے تب **بلیٰ** پر وقف ہے اس سے **بلیٰ** جیم کا وقف ہے۔ لفظ **بلیٰ** کی تحقیق۔ کہ یہ ایک ہی لفظ ہے یا یہ اصل میں بل تھا الف زیادہ کیا یا پھر وہ الف تانیث قلب جیسے تحت اور ربت کی تاء تانیث کا ہے یہاں روح المعانی میں دیکھو۔ **ان تقولوا یوم القیمۃ** تو کی یہ ہے کہ یہ عبارت **اخذ بکم** اور **اشھدھم** کا مفعول **لہ** ہے یا تو اس سے پہلے پوشیدہ ہے یا اس سے پہلے **کراھۃ** پوشیدہ یہ فرمان حال یا تبوک کا ہے جو حضور انور کے زمانہ میں تھے یا اس وقت یعنی عہد دیاں لیتے وقت سب سے ارشاد ہوا تھا یعنی ہم نے تم سے یہ عہد دیاں اس لئے لیا تھا کہ تم قیامت کے دن عذر نہ کر سکو اور یہ کہہ سکو **انا کنا عن ھذا غفلین** یہ عبارت **تقولوا** کا مفعول ہے **کیلا** سے مراد ہے کہ ہم دنیا میں یہ جبر ہے **ھدا** سے اللہ تعالیٰ کی ربوبیت الوہیت توحید بلکہ ایمان کی طرف اشارہ ہے **ھذا** عہد الست اہم شرعی امر میں مشغول رہے ہے قصور ہیں ہمیں خبر تھی نہ ہمیں تو ہی ہمارا رب ہے تیرے سوا اور کوئی رب نہیں اور ہے رب کریم تو بے خبری پکڑتا نہیں ہم کو چھوڑ دے عذاب نہ دے۔

خلاصہ تفسیر اس آیت کریمہ کی تفسیر میں مفسرین نے عموماً اور بعض اہل سنت مفسرین نے خصوصاً بہت مختلف ہے کسی نے کہا کہ یہ محض ایک دیاں پر ہے جو طور تصور ظاہر پیش کی گئی ہے کسی نے کہا کہ حضرات انبیاء کرام کا جیسا کہ ان کا یہ اقرار ہے کسی نے کہا کہ یہ کلام حالیہ ہے کہ متقابلہ ظاہری اقرار وغیرہ نہ تھا تاہم اللہ تعالیٰ اس آیت کی وہ تفسیر عرض کرتے ہیں جو جمہور مفسرین اور علماء سلف خصوصاً حضرت عمر و ابن عباس رضی اللہ عنہم نے کی ہے اور جس کی تائید حدیث مرفوع صحیح سے ہے اور جو بالکل ظاہر آیت سے مطابق ہے جس میں کسی تاویل اور اینچ پینچ کی ضرورت نہیں اللہ تعالیٰ نے تین عہد دیاں لئے تھے ایک تو اپنی ربوبیت کا دوسرا سب انبیاء سے دیا کہ وہ حضور ﷺ پر ایمان لائے تیسرا حضرات انبیاء کرام سے دیا جس کا ذکر اس آیت میں ہے **واذ اخذ اللہ میثاق النبیین** تیسرا عہد لقب اللہ کو نہ چھپانے کا ہے جس کا ذکر علماء بنی اسرائیل سے لیا جس کا ذکر اس آیت میں ہے **واذ اخذ اللہ میثاق الذین اوتوا الکتب لتبینہ للناس ولا تکتمونہ** یہاں اس آیت میں پہلے عہد کا ذکر ہے اے محبوب ﷺ آپ ان لوگوں سے اس واقعہ کا بیان کریں جب اللہ تعالیٰ نے ملہ عظمہ کے ماحول میں عرات مارا کے نیچے سیدنا آدم علیہ السلام کی پشت پر ان قدرت پھیر اس سے اس کی اولاد نکالی پھر اولاد سے اس کی اولاد نکالی تا قیامت پیدا ہونے والے لوگ کسی ترتیب سے نکالے جس ترتیب سے پیدا ہوئے سب چیونٹیوں کی شکل میں تھے پھر ان پر اپنی تجلی ذاتی چمکائی اور ان سے فرمایا کہ میں تمہارا رب ہوں سب نے یک زبان ہو کر کہا کہ ہاں تو ہمارا رب ہے ہم اس کی گواہی دیتے ہیں یہی اقرار ربوبیت ہے رب تعالیٰ نے فرمایا کہ ہم نے یہ عہد دیاں اس لئے لیا تھا کہ تم قیامت میں یہ نہ کہہ سکو کہ ہمیں تیری ربوبیت سے

www.alahazratnetwork.org

ہے جو رہے تمہیں معلوم ہو گیا ہے کہ یہ کچھ نہ کچھ ہیں رہتے۔

تحقیقات امام قطب الدین شعرانی نے اپنی کتاب **القواعد الکشفیہ فی الصفات الالٰہیہ** میں اس آیہ کے متعلق بارہ تحقیقات سوال و جواب کی شکل میں بیان فرمائیں ہم اس کا خلاصہ پیش کرتے ہیں۔ (سعدی) سوال 1- یہ عہد کہاں کس سے لیا گیا۔ **جواب** حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ عرفات پہاڑ کے متصل میدان نعمان میں تمام اولاد آدم سے بعد بعض نے فرمایا مقام نعمان مدینہ میں جہاں آدم علیہ السلام اترے تھے امام کلبی کہتے ہیں کہ ملہ معظمہ و طائف کے درمیان ہے۔ حضرت علی فرماتے ہیں کہ جنت میں ہی لیا گیا آپ فرماتے ہیں کہ آدم سے پہلے **سوال 2** اس **ذریت** کو کیسے نکالا گیا؟ **جواب** حدیث صحیح میں ہے کہ رب تعالیٰ نے حضرت آدم کی پشت پر اپنا دست قدرت پھیرا جس سے دو رویں آپ پر روشنے کی جڑوں سے چیونٹیوں کی شکل میں ایسے نکلیں جیسے بارش کے ساتھ میں مل نکلتا ہے مگر ہاتھ کا پھیرنا وہ تھا جو رب کی شان کے لائق تھا پھر آدم کی اولاد سے ان کی اولاد اسی طرح قیامت تک نکالے گئے۔ **سوال 3**- ان لوگوں نے **بلیٰ** کیسے کہا؟ **جواب** حق یہ ہے کہ اس زبان **قال** سے کہا جس سے آج باتیں کرتے ہیں اسی وقت انہیں تمام اعضاء عقل گویائی وغیرہ سب چیزیں بخش دیا گیا تھا۔ **سوال 4**- جب یہاں سب نے یہ اقرار کیا تھا تو دنیا میں آ کر بعض لوگوں کافر کیوں ہوئے سب ہی کو مسلمان ہونا چاہئے تھے۔ **جواب** حکیم ترمذی نے فرمایا کہ رب تعالیٰ نے مومنوں پر رحمت کی تجلی ڈالی تو ان سے خوشی **بلیٰ** نکلا دنیا میں مومن ہوئے کفار و منافقین پر غضب کی تجلی ڈالی تو انہوں نے صرف خوف سے **بلیٰ** کہہ دیا وہ دنیا میں کافر رہا۔ (حکیم ترمذی کی رائے ہے) **سوال 5**- یہ عہد کسی کو یاد بھی رہا یا نہیں؟ **جواب** ہاں بعض بندوں کو یاد رہا حضرت علی فرماتے ہیں کہ مجھے وہ عہد و پیماں سارا کا سارا یاد ہے مسلم سری فرماتے ہیں کہ میں نے اسی دن سے اپنے مریدوں شاگردوں کو پہچان لیا ہے ذوالنون مصری سے پوچھا کہ کیا وہ عہد آپ کو یاد ہے فرمایا کہ وہ اب بھی میرے کانوں میں گونج رہی ہے میں اس وقت سے اب تک (اللہ اکبر) **جواب** کے حضرت قدس سرہ پر صرعہ شیخ صاحب قدس سرہ فرماتے ہیں۔ شعر

قالوا بلیٰ سے کل وہی گل ہے اساں اے ہی پرت گانی

مرحلی جدوں بیٹھے سن دتی سی میم گولی!

ہاں عام لوگ دنیا میں آنے کی وجہ سے بھول گئے کیونکہ حضرات انبیاء کرام اور آسمانی کتابوں کے ماننے والے یاد رکھتے ہیں ان کا ماننا ضرور ہے۔ **سوال 6**- اس وقت یہ چیونٹیاں مثل انسانی میں تھیں یا کسی اور شکل میں؟ **جواب** اس کے متعلق کوئی صریح نص نہیں ملی ہاں یہ معلوم ہے کہ ان میں اتنے بولنے سمجھنے کی طاقت دی گئی تھی روح انسان ان میں ڈال گئی۔ **سوال 7**- ان جسموں میں روح کب ڈالی گئی پشت سے نکلنے سے پہلے یا بعد میں۔ **جواب** ظاہر یہ ہے کہ پشت میں ہی روح ڈال دی گئی وہ ایسے زندہ ذمہ دار ہوئے جیسے آج ہیں۔ پیٹ سے بچہ زندہ نکلتا ہے یہ نکتہ ہمیں فرما دیا **ذریتھم** اور قرآن مجید میں جاندار اولاد کو ذریت کہا جاتا ہے جیسے **انا حملنا ذریتھم فی الفلک المشحون** اور **ومن ذریتنا امۃ مسلمۃ لک** حیران رہے کہ روح انسانی چار بار جسموں میں پڑتی ہے ایک مشیق سے دوسرے ماں کے پیٹ میں پھر موت کے وقت نکال لی جاتی ہے پھر قبر میں سوال و جواب کے لئے پھر حشر میں حساب کے وقت اس کے بعد

www.alahazratnetwork.org

جنت دوزخ میں۔ نکالی جائے گی مال جس کنارہ موس دوزخ میں ہوا کردیے جائیں گے پھر نکال کر جنت میں بھیجے جائیں گے۔ **سوال 8**۔ یہ عہد لینے میں فائدہ کیا ہے۔ **جواب** تاکہ دنیا میں کوئی عہد کی وفائی کرنے والوں کو قیامت میں پکڑ جاوے وہیں اس پر کوئی عذر نہ ہو۔ **سوال 9** ان لوگوں کو جب اپنے اصول یعنی باپوں کی پشت میں دیکھا یا تو کہ پہلے ان کی روح نکال عہد میں والیں ہوا ہوں وہ سے جدا ہوئی ہاں۔ **جواب** علامہ یہ ہے کہ پہلے روح نکل عہد میں والیں ہوا جیسے چھ ماں سے پیدا ہونے کے بعد نکلتی ہے اور قبر میں جاتی ہے جدا جاتے قبر میں جان نکل جاتی ہے۔ **سوال 10** ان لوگوں کی روحیں سب نکل گئے عہد میں ہیں۔ **جواب** جہاں سے بھی ہیں تھیں ہاں کی دلائل ہیں ظاہر یہ ان ہے حقیقت حال جدا جانے **سوال** اے یہاں تو یہ فرمایا ہے کہ آدم کی پشت سے اولاد نکالی ہے اور حدیث میں آدم علیہ السلام کی پشت سے بھی ان کی اولاد نکالی ہے **جواب** یہ بیت ہے بھی حدیث ہے معلوم ہوا کہ پہلے آدم علیہ السلام کی پشت سے بھی ان کی اولاد نکالی ہے پھر اس کے بعد آدم علیہ السلام کی پشت سے نکالی ہے **سوال 12** وہ کلمہ جس پر عہد لیا گیا کیا ہے۔ **جواب** حدیث شریف میں ہے کہ وہ عہد نامہ لکھا گیا ہے جو کہ ہے تک وہ عہد نامہ عہد میں منصب ہے قیامت میں یہ پتھر اس طرح کے کاغذ اس سے نکلیں گے اور ہر ایک کو پڑھنے کا حکم ہوگا یہ بھی اللہ تعالیٰ کی قدرت والے ہے۔

فائدہ اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے پہلا فائدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب شفیع و مشفع کریم علیہ السلام کی ابتدا آفرینش سے وقت کی تین حضور کی معرفت دیا کہ اس میں یہ فائدہ **واذاخذ ربک** پر شیدہ سے حاصل ہوا۔ دوسرا فائدہ اس سے ثابت ہوا کہ یہ عہد بنی صرف انسان سے یا بنی فرشتوں سے یا بنی حیوانات سے یا جمادات سے یا کسی اور مخلوق سے یہ فائدہ اس آیت کے **من ظہورہم** سے حاصل ہوا۔ **تیسرا فائدہ** عورت سے مرد افضل ہے یہ عورت ہاں کی جس سے پیدا ہوئے ہے کہ کاغذ یا صحیفہ باپوں کی پیٹھ سے نکالا گیا معلوم ہوا کہ باپ کو ماں سے یہ فائدہ **من ظہورہم** عورت سے حاصل ہوا اس سے سب باپ سے چلتے نہ کہ ماں سے۔ **چوتھا فائدہ** اس اقرار کو اس پر متفق گواہی ہے یہ عورت سے اس اقرار کو گواہی فرمایا **اشہدہم علی انفسہم** سے شریعت نے قرار کو گواہی بنایا ہے۔ **پانچواں فائدہ** یہ عورت سارے انسانوں سے یا یا حتی کہ حضرت حیاء کرام سے بھی اور ان سے حضور پرنور سے بھی یہ فائدہ **ذریتہم** کے اطلاق سے حاصل ہوا حتی کہ تو بچے دنیا میں پیدا ہوتے ہی فوت ہو جاتے ہیں ان سے بھی یہ عہد یا گیا ہاں جو مرے ہوئے پیدا ہوتے ہیں یا بچے مر جاتے ہیں وہ اس عہد میں شامل نہ تھے کہ وہ عورت ہیں۔ **چھٹا فائدہ** اس عہد عورت سے زیادہ اہم اور عظیم وہ عہد تھا جو حضرات انبیاء کرام سے حضور پرنور سے متعلق یا گیا یہ بھی اس سے صرف **بلی** ثابت ہوئی مگر ہاں ارشاد **اقال ءاقررتم واخذتم علی ذلکم اصری** آپ سے عمل **یا قالوا اقررنا قال فاشہدوا وانا معکم من الشہدین** ان کی تعمیم ہم سے متعلق تیسرے عہد میں پہنچے ہیں۔ **ساتواں فائدہ** لفظ **بلی** سے معلوم ہوتا ہے کہ **نعم** سے بھی ہاں

www.alahazratnetwork.org

اگر کوئی کسی سے کہے **اما طلقت زوجتک** کیا تو نے اپنی بیوی کو طلاق نہیں دی تھی وہ کہے بلی تو طلاق دے کا اقرار ہو گا اور اس سے طلاق واقع ہو جائے گی۔ آٹھواں فائدہ یہ ہے کہ یہ واقعہ ایسے ہوتے ہیں جن میں کوئی شک و شبہ نہیں یہ فائدہ **عن هذا غافلين** سے حاصل ہوا اس میں عظمت کی نفی فرمائی حالانکہ وہ واقعہ ہم میں سے کسی کو یاد نہیں۔

پہلا اعتراض جب یہ عہد دنیا میں کسی کو یاد ہی نہ رہا تو اس سے لینے سے فائدہ کیا تھا یہ سے فائدہ کا نہ ہونا یہ **جواب** جب ماں باپ جوان بیٹے کو اس کے بچپن کی باتیں سناتی ہے تو وہ دل میں چوچال ہوتا ہے یہ شغل اسے ماں باپ اختیار سے یوں ہی جب حضرات انبیاء کرام سے آسمانی کتابوں نے وہ عہد یاد دلایا تو ہم کو بھی چاہئے کہ بلا تامل مان لیں یہ بات سے فائدہ ہوتی جب یاد بھی رہ جاتی۔ **دوسرا اعتراض** یا اس دن کا ایمان جیسی یہاں رد و مشاق شرعاً معتبر ہے اور یہ تمام انسان اس دن مومن ہو گئے تھے۔ **جواب** اس ایمان شرعی احکام مرتب نہیں لہٰذا کفار کے نومولود بچوں کو مومن نہ کہا جائے گا نہ ان کی نماز جنازہ ہو۔ ایسے مومنوں کے قبرستان میں دفن نہ کیا جائے بلکہ وہ اپنے باپ دادا کے تابع ہوں گے ورنہ جو اس سے پر ایسے مرتد کہا جائے گا یہ فرق وہ یہاں اطرفی سے پہلے یہاں شرعی سے ہیں پھر ایمان شرعی وہ ہے جس کا انسان یہاں مکلف ہوتا ہے ہاں بعض صورتوں میں ان اطرفی ایمان کے بنا پر نجات کی امید ہے چنانچہ عذاب کا کم ہونا ثابت ہو جائے وہ اس ایمان کی بناء پر دوزخ سے نجات پائیں گے یہ بالکل قوی ہے۔ **تیسرا اعتراض** بہت سے علماء فرماتے ہیں کہ کفار کے نابالغ فوت شدہ بچے اسی میں جائیں گے بلکہ بعض احادیث میں بھی یہ ہی وارد ہے اس قول کی بنا پر یہاں اطرفی کی بنا پر نجات یہاں رہے گی۔ **جواب** اس بارے میں احادیث مختلف ہیں بعض میں ہے کہ وہ اپنے ماں باپ کے تابع ہوں گے اور جنت میں جائیں گے بعض احادیث میں ہے کہ وہ بڑے ہو کر جیسے عمل کرتے ویسے ہی ان کی سزا جزا بعض میں ہے کہ وہ جنتیوں کے خادم ہو کر جنت میں رہیں گے قوی یہ ہے کہ آخری حدیث ناسخ ہے پچھلی احادیث منسوخ ہیں اس کی تائید آیات قرآنیہ سے ہے رب فرماتا ہے **انما تجزون ما كنتم تعملون** اور فرماتا ہے **ان الله لا يظلم مثقال ذرة** تو وہ حضرات یہ کہتے ہیں کہ میثاق کے دن بعض نے تو بخوشی کہا بعض نے ناخوشی سے جنہوں نے بخوشی سے **بلی** کہا وہ تو وہی ہیں مگر یہ قول قوی میں حضور انور ﷺ کے فرمان **مولود يولد على الفطرة** اس **بلی** کہنے کو فطرت قرار دیا اور ظاہر ہے کہ منافقت نہ تو منافقت کو فطرت سے کیا علاقہ۔ **چوتھا اعتراض** یہ اقرار خود آدم علیہ السلام سے بھی کرایا گیا تھا پھر اس کی اولاد سے ہی۔ **جواب** ظاہر ہے کہ ان سے نہیں کرایا گیا کیونکہ **اشهدهم** کی ضمیر ذریت کی طرف ہے پھر آدم علیہ السلام اس سے پہلے مجبور ملائکہ ہو چکے تھے اس قسم کے ساتھ اللہ کی عبادت کر چکے تھے وہ تو اس کا اقرار پہلے ہی کر چکے تھے تو یہ بھی عبادت تھی۔ **پانچواں اعتراض** اس آیت کریمہ سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام باپ سے پیدا ہوئے یہ عہد ست میں وہ بھی داخل ہیں اس سب سے متعلق رشد ہو **من ظهورهم** سے معلوم ہوا کہ وہ بھی باپ کی پیٹھ میں تھے۔ **جواب** اکثریت سے بعض فرد چھوٹ ہوتے ہیں اس قاعدے سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بھی دیکھو رب فرماتا ہے **انا خلقنا الانسان من نطفة امشاج** ہم نے انسان کو مخلوط نطفہ سے پیدا کیا اس قاعدے سے

عیسی عند اللہ کمثل آدم خلقہ من تراب ثم قال لہ کن فیکون الآیۃ اس آیت سے دو باتیں ثابت ہوئیں

وَلْيَقُولُوا دَرَسْتَ وَلِنُبَيِّنَهُ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ۝ اتَّبِعْ مَا أُوحِيَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ ۖ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ وَأَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِينَ ۝ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا أَشْرَكُوا ۖ وَمَا جَعَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا ۖ وَمَا أَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيلٍ ۝ وَلَا تَسُبُّوا الَّذِينَ يَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ فَيَسُبُّوا اللَّهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ كَذَٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ أُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۖ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّهِمْ مَرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَاءَتْهُمْ آيَةٌ لَيُؤْمِنُنَّ بِهَا ۖ قُلْ إِنَّمَا الْآيَاتُ عِنْدَ اللَّهِ ۖ وَمَا يُشْعِرُكُمْ أَنَّهَا إِذَا جَاءَتْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ وَنُقَلِّبُ أَفْئِدَتَهُمْ وَأَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوا بِهِ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَنَذَرُهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ۝ وَلَوْ أَنَّنَا نَزَّلْنَا إِلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتَىٰ وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَا كَانُوا لِيُؤْمِنُوا إِلَّا أَنْ يَشَاءَ اللَّهُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُونَ ۝ وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيَاطِينَ الْإِنْسِ وَالْجِنِّ يُوحِي بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُورًا ۚ وَلَوْ شَاءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوهُ ۖ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُونَ ۝ وَلِتَصْغَىٰ إِلَيْهِ أَفْئِدَةُ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ وَلِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوا مَا هُمْ مُقْتَرِفُونَ ۝ أَفَغَيْرَ اللَّهِ أَبْتَغِي حَكَمًا وَهُوَ الَّذِي أَنْزَلَ إِلَيْكُمُ الْكِتَابَ مُفَصَّلًا ۚ وَالَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْلَمُونَ أَنَّهُ مُنَزَّلٌ مِنْ رَبِّكَ بِالْحَقِّ ۖ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ ۝ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَعَدْلًا ۚ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِهِ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ وَإِنْ تُطِعْ أَكْثَرَ مَنْ فِي الْأَرْضِ يُضِلُّوكَ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ ۚ إِنْ يَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُونَ ۝ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ مَنْ يَضِلُّ عَنْ سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ۝ فَكُلُوا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ إِنْ كُنْتُمْ بِآيَاتِهِ مُؤْمِنِينَ ۝ وَمَا لَكُمْ أَلَّا تَأْكُلُوا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ إِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ إِلَيْهِ ۗ وَإِنَّ كَثِيرًا لَيُضِلُّونَ بِأَهْوَائِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِينَ ۝ وَذَرُوا ظَاهِرَ الْإِثْمِ وَبَاطِنَهُ ۚ إِنَّ الَّذِينَ يَكْسِبُونَ الْإِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوا يَقْتَرِفُونَ ۝ وَلَا تَأْكُلُوا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ وَإِنَّهُ لَفِسْقٌ ۗ وَإِنَّ الشَّيَاطِينَ لَيُوحُونَ إِلَىٰ أَوْلِيَائِهِمْ لِيُجَادِلُوكُمْ ۚ وَإِنْ أَطَعْتُمُوهُمْ إِنَّكُمْ لَمُشْرِكُونَ ۝ أَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَأَحْيَيْنَاهُ وَجَعَلْنَا لَهُ نُورًا يَمْشِي بِهِ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَثَلُهُ فِي الظُّلُمَاتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِنْهَا ۚ كَذَٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكَافِرِينَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَا فِي كُلِّ قَرْيَةٍ أَكَابِرَ مُجْرِمِيهَا لِيَمْكُرُوا فِيهَا ۚ وَمَا يَمْكُرُونَ إِلَّا بِأَنْفُسِهِمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ۝ وَإِذَا جَاءَتْهُمْ آيَةٌ قَالُوا لَنْ نُؤْمِنَ حَتَّىٰ نُؤْتَىٰ مِثْلَ مَا أُوتِيَ رُسُلُ اللَّهِ ۘ اللَّهُ أَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهُ ۗ سَيُصِيبُ الَّذِينَ أَجْرَمُوا صَغَارٌ عِنْدَ اللَّهِ وَعَذَابٌ شَدِيدٌ بِمَا كَانُوا يَمْكُرُونَ ۝ فَمَنْ يُرِدِ اللَّهُ أَنْ يَهْدِيَهُ يَشْرَحْ صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ ۖ وَمَنْ يُرِدْ أَنْ يُضِلَّهُ يَجْعَلْ صَدْرَهُ ضَيِّقًا حَرَجًا كَأَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَاءِ ۚ كَذَٰلِكَ يَجْعَلُ اللَّهُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ وَهَٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيمًا ۗ قَدْ فَصَّلْنَا الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَذَّكَّرُونَ ۝ لَهُمْ دَارُ السَّلَامِ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۖ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِنَ الْإِنْسِ ۖ وَقَالَ أَوْلِيَاؤُهُمْ مِنَ الْإِنْسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَبَلَغْنَا أَجَلَنَا الَّذِي أَجَّلْتَ لَنَا ۚ قَالَ النَّارُ مَثْوَاكُمْ خَالِدِينَ فِيهَا إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ ۗ إِنَّ رَبَّكَ حَكِيمٌ عَلِيمٌ ۝ وَكَذَٰلِكَ نُوَلِّي بَعْضَ الظَّالِمِينَ بَعْضًا بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ أَلَمْ يَأْتِكُمْ رُسُلٌ مِنْكُمْ يَقُصُّونَ عَلَيْكُمْ آيَاتِي وَيُنْذِرُونَكُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَٰذَا ۚ قَالُوا شَهِدْنَا عَلَىٰ أَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَشَهِدُوا عَلَىٰ أَنْفُسِهِمْ أَنَّهُمْ كَانُوا كَافِرِينَ ۝ ذَٰلِكَ أَنْ لَمْ يَكُنْ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرَىٰ بِظُلْمٍ وَأَهْلُهَا غَافِلُونَ ۝ وَلِكُلٍّ دَرَجَاتٌ مِمَّا عَمِلُوا ۚ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُونَ ۝ وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ۚ إِنْ يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ مِنْ بَعْدِكُمْ مَا يَشَاءُ كَمَا أَنْشَأَكُمْ مِنْ ذُرِّيَّةِ قَوْمٍ آخَرِينَ ۝ إِنَّ مَا تُوعَدُونَ لَآتٍ ۖ وَمَا أَنْتُمْ بِمُعْجِزِينَ ۝ قُلْ يَا قَوْمِ اعْمَلُوا عَلَىٰ مَكَانَتِكُمْ إِنِّي عَامِلٌ ۖ فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ مَنْ تَكُونُ لَهُ عَاقِبَةُ الدَّارِ ۖ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الظَّالِمُونَ ۝ وَجَعَلُوا لِلَّهِ مِمَّا ذَرَأَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْأَنْعَامِ نَصِيبًا فَقَالُوا هَٰذَا لِلَّهِ بِزَعْمِهِمْ وَهَٰذَا لِشُرَكَائِنَا ۖ فَمَا كَانَ لِشُرَكَائِهِمْ فَلَا يَصِلُ إِلَى اللَّهِ ۖ وَمَا كَانَ لِلَّهِ فَهُوَ يَصِلُ إِلَىٰ شُرَكَائِهِمْ ۗ سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ ۝ وَكَذَٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيرٍ مِنَ الْمُشْرِكِينَ قَتْلَ أَوْلَادِهِمْ شُرَكَاؤُهُمْ لِيُرْدُوهُمْ وَلِيَلْبِسُوا عَلَيْهِمْ دِينَهُمْ ۖ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا فَعَلُوهُ ۖ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُونَ ۝ وَقَالُوا هَٰذِهِ أَنْعَامٌ وَحَرْثٌ حِجْرٌ لَا يَطْعَمُهَا إِلَّا مَنْ نَشَاءُ بِزَعْمِهِمْ وَأَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُورُهَا وَأَنْعَامٌ لَا يَذْكُرُونَ اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهَا افْتِرَاءً عَلَيْهِ ۚ سَيَجْزِيهِمْ بِمَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ۝ وَقَالُوا مَا فِي بُطُونِ هَٰذِهِ الْأَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِذُكُورِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلَىٰ أَزْوَاجِنَا ۖ وَإِنْ يَكُنْ مَيْتَةً فَهُمْ فِيهِ شُرَكَاءُ ۚ سَيَجْزِيهِمْ وَصْفَهُمْ ۚ إِنَّهُ حَكِيمٌ عَلِيمٌ ۝ قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ قَتَلُوا أَوْلَادَهُمْ سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَحَرَّمُوا مَا رَزَقَهُمُ اللَّهُ افْتِرَاءً عَلَى اللَّهِ ۚ قَدْ ضَلُّوا وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ۝ وَهُوَ الَّذِي أَنْشَأَ جَنَّاتٍ مَعْرُوشَاتٍ وَغَيْرَ مَعْرُوشَاتٍ وَالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا أُكُلُهُ وَالزَّيْتُونَ وَالرُّمَّانَ مُتَشَابِهًا وَغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۚ كُلُوا مِنْ ثَمَرِهِ إِذَا أَثْمَرَ وَآتُوا حَقَّهُ يَوْمَ حَصَادِهِ ۖ وَلَا تُسْرِفُوا ۚ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِينَ ۝ وَمِنَ الْأَنْعَامِ حَمُولَةً وَفَرْشًا ۚ كُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ ۚ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُبِينٌ ۝ ثَمَانِيَةَ أَزْوَاجٍ ۖ مِنَ الضَّأْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ۗ قُلْ آلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ أَمِ الْأُنْثَيَيْنِ أَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ أَرْحَامُ الْأُنْثَيَيْنِ ۖ نَبِّئُونِي بِعِلْمٍ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۝ وَمِنَ الْإِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ۗ قُلْ آلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ أَمِ الْأُنْثَيَيْنِ أَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ أَرْحَامُ الْأُنْثَيَيْنِ ۖ أَمْ كُنْتُمْ شُهَدَاءَ إِذْ وَصَّاكُمُ اللَّهُ بِهَٰذَا ۚ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا لِيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ۝ قُلْ لَا أَجِدُ فِي مَا أُوحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلَىٰ طَاعِمٍ يَطْعَمُهُ إِلَّا أَنْ يَكُونَ مَيْتَةً أَوْ دَمًا مَسْفُوحًا أَوْ لَحْمَ خِنْزِيرٍ فَإِنَّهُ رِجْسٌ أَوْ فِسْقًا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ بِهِ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ فَإِنَّ رَبَّكَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝ وَعَلَى الَّذِينَ هَادُوا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِي ظُفُرٍ ۖ وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُومَهُمَا إِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُورُهُمَا أَوِ الْحَوَايَا أَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ۚ ذَٰلِكَ جَزَيْنَاهُمْ بِبَغْيِهِمْ ۖ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ ۝ فَإِنْ كَذَّبُوكَ فَقُلْ رَبُّكُمْ ذُو رَحْمَةٍ وَاسِعَةٍ ۚ وَلَا يُرَدُّ بَأْسُهُ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِينَ ۝ سَيَقُولُ الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا أَشْرَكْنَا وَلَا آبَاؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ شَيْءٍ ۚ كَذَٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ حَتَّىٰ ذَاقُوا بَأْسَنَا ۗ قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوهُ لَنَا ۚ إِنْ تَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ وَإِنْ أَنْتُمْ إِلَّا تَخْرُصُونَ ۝ قُلْ فَلِلَّهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۖ فَلَوْ شَاءَ لَهَدَاكُمْ أَجْمَعِينَ ۝ قُلْ هَلُمَّ شُهَدَاءَكُمُ الَّذِينَ يَشْهَدُونَ أَنَّ اللَّهَ حَرَّمَ هَٰذَا ۚ فَإِنْ شَهِدُوا فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَالَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ وَهُمْ بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُونَ ۝ قُلْ تَعَالَوْا أَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ ۖ أَلَّا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا ۖ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا ۖ وَلَا تَقْتُلُوا أَوْلَادَكُمْ مِنْ إِمْلَاقٍ ۖ نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَإِيَّاهُمْ ۖ وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۖ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ ۚ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُمْ بِهِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ۝ وَلَا تَقْرَبُوا مَالَ الْيَتِيمِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ حَتَّىٰ يَبْلُغَ أَشُدَّهُ ۚ وَأَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيزَانَ بِالْقِسْطِ ۖ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ۖ وَإِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَىٰ ۖ وَبِعَهْدِ اللَّهِ أَوْفُوا ۚ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُمْ بِهِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ۝ وَأَنَّ هَٰذَا صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا فَاتَّبِعُوهُ ۖ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيلِهِ ۚ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُمْ بِهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ۝ ثُمَّ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ تَمَامًا عَلَى الَّذِي أَحْسَنَ وَتَفْصِيلًا لِكُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً لَعَلَّهُمْ بِلِقَاءِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُونَ ۝ وَهَٰذَا كِتَابٌ أَنْزَلْنَاهُ مُبَارَكٌ فَاتَّبِعُوهُ وَاتَّقُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ۝ أَنْ تَقُولُوا إِنَّمَا أُنْزِلَ الْكِتَابُ عَلَىٰ طَائِفَتَيْنِ مِنْ قَبْلِنَا وَإِنْ كُنَّا عَنْ دِرَاسَتِهِمْ لَغَافِلِينَ ۝ أَوْ تَقُولُوا لَوْ أَنَّا أُنْزِلَ عَلَيْنَا الْكِتَابُ لَكُنَّا أَهْدَىٰ مِنْهُمْ ۚ فَقَدْ جَاءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ ۚ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَّبَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَصَدَفَ عَنْهَا ۗ سَنَجْزِي الَّذِينَ يَصْدِفُونَ عَنْ آيَاتِنَا سُوءَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوا يَصْدِفُونَ ۝ هَلْ يَنْظُرُونَ إِلَّا أَنْ تَأْتِيَهُمُ الْمَلَائِكَةُ أَوْ يَأْتِيَ رَبُّكَ أَوْ يَأْتِيَ بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ ۗ يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِي إِيمَانِهَا خَيْرًا ۗ قُلِ انْتَظِرُوا إِنَّا مُنْتَظِرُونَ ۝ إِنَّ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا شِيَعًا لَسْتَ مِنْهُمْ فِي شَيْءٍ ۚ إِنَّمَا أَمْرُهُمْ إِلَى اللَّهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ۝ مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا ۖ وَمَنْ جَاءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَىٰ إِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝ قُلْ إِنَّنِي هَدَانِي رَبِّي إِلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ دِينًا قِيَمًا مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝ قُلْ إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ لَا شَرِيكَ لَهُ ۖ وَبِذَٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ ۝ قُلْ أَغَيْرَ اللَّهِ أَبْغِي رَبًّا وَهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ ۚ وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ إِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ ۚ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُمْ مَرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ۝ وَهُوَ الَّذِي جَعَلَكُمْ خَلَائِفَ الْأَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَاتٍ لِيَبْلُوَكُمْ فِي مَا آتَاكُمْ ۗ إِنَّ رَبَّكَ سَرِيعُ الْعِقَابِ وَإِنَّهُ لَغَفُورٌ رَحِيمٌ ۝

www.alahazratnetwork.org

وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ۝
شاید اور باز آویں وہ سب لوگ
اور کہتے کہ کہیں وہ رجوع کریں

تعلق اس آیت کا پچھلی آیات سے چار طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق۔ پچھلی آیتوں میں مشرکوں کے ان سے ایک عمدہ [illegible] باتوں میں ایک حصہ بیان ہوئی **ان تقولوا یوم القیمۃ** ۔ اس عمدہ بیان کی دوسری حصہ یہاں سے [illegible] میں ہے۔ دوسرا تعلق پچھلی آیت میں کافروں سے [illegible] تھے۔ [illegible] کرتے تھے یا کرتے تھے [illegible] ہوئی چاہئے [illegible] سے تعلق رکھتے تھے۔ [illegible] سے [illegible] ان سے [illegible] ان سے [illegible] تیسرا تعلق پچھلی آیت میں [illegible] سے [illegible] ان سے [illegible] چوتھا تعلق پچھلی آیتوں میں [illegible] سے [illegible] ان سے [illegible] ان سے [illegible] ان سے [illegible] ان سے [illegible]

تفسیر او تقولوا۔ عبارت مقدر سے **ان تقولوا** [illegible] پر عطف ہے یا مقدر اس **تقولوا** [illegible] احتمال ہیں ایک پر۔ اس میں [illegible] ان میں سے جو [illegible] میں کچھ [illegible] ہوگئے وہ بھی [illegible] میں [illegible] ان کو وہی عمدہ [illegible] عمدہ [illegible] ہوئے گا یا ان [illegible] سے [illegible] کچھ [illegible] ان [illegible] سے [illegible] دوسرے یہ کہ اس میں خطاب عام ان لوگوں سے [illegible] باپ دادا میں [illegible] سے [illegible] اسلام [illegible] سے [illegible] ہیں [illegible] **تقولوا** میں [illegible] سے [illegible] **مکلف** ہیں۔ [illegible] خطاب قرآن میں [illegible] **تقولوا** میں [illegible] خطاب سے [illegible] میں [illegible] مشرکین [illegible] دو قسم کے ہیں ایک [illegible] مقلدین [illegible] سے [illegible] خیال رہے کہ شرک [illegible] کیا جاتا [illegible] عمدہ [illegible] قابل [illegible] کرنے سے [illegible] شیطان کی تعلیم سے [illegible] جیسا کہ ہم پہلے [illegible] میں [illegible] **یخرج المیت من الحی** [illegible] **اشرکنا اٰباؤنا من قبل** یہ عبارت **تقولوا** [illegible] پہلی تفسیر پر [illegible] ہے کہ ہمارے باپ دادا

www.alahazratnetwork.org

نے ہی شرک کیا ہم نے نہ کیا ہم تو لڑکپن ہی میں فوت ہو گئے دوسری تفسیر کی بنا پر معنی یہ ہیں کہ شرک و کفر تمہارے باپ دادوں نے ہی ایجاد کیا وہ بھی پہلے مشرک تھے انہوں نے ہی پہلے شرک کیا ہم نے نہ کیا ہم تو ان کی دیکھا دیکھی شرک کفر کرتے رہے۔ خیال رہے کہ یہاں **انما** حصر اضافی کے لئے ہے یہ کہ حصر حقیقی کے لئے یعنی ہمارے لئے موجد شرک وہ تھے ہم نہ تھے ورنہ حقیقی موجد شرک تو قائل ہے کہ پہلا مشرک وہی ہے **من قبل یا تو اشرک** کا عطف ہے یا تبیین کا طرف رد **اباؤنا** کی صفت پہلا احتمال قوی ہے **قبل** کا مضاف الیہ پوشیدہ ہے یعنی **من قبلنا** یہ تحقیق خیال میں رہے اس سے سارے اعتراض اٹھ جاتے ہیں۔ خیال رہے کہ من قبل کا مضاف الیہ پوشیدہ ہے **اصل میں من قبلنا** تھا اس سے **قبل** مبنی ہے کہ اس کا مضاف الیہ لفظوں میں پوشیدہ ہے حقیقت میں مراد ہے **وکنا ذریۃ من بعدھم** یہ عبارت **انما اشرک** پر معطوف ہے اور **تقولوا** کا مفعول معطوف علیہ میں اپنے باپ دادا کا قصور مند ہونا بیان کیا اور اس عرض معروض میں انہوں نے اپنا بے قصور ہونا بیان کیا **کنا** کے معنی ہیں تھے ہم یا ہیں یا ہیں ہم **ذریۃ** سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کلام عاقل کفار کا ہے جیسا کہ ہم بھی پچھلی آیت میں عرض کر چکے کہ **ذریت** کہتے ہیں اولاد کو کہا جاتا ہے **بعدھم من بعد** سے مراد یا تو زمانی بعدیت ہے یا رتبی بعدیت یعنی ہمارے باپ دادا نے پہلے شرک و کفر ایجاد کیا ہم ان کے رتبہ کے بعد دنیا میں پہنچے ان کی قبروں میں پڑے ہوئے دیکھے ہم نے بھی وہی کام کیا یا دنیا میں پہلے پیچھے ہم ان کے بعد پہنچے ان کی قبروں میں پڑے ہوئے دیکھے ہم نے بھی ایسا ہی کیا **افتھلکنا بما فعل المبطلون** یہ بھی انہیں کی گفتگو ہے ان کی عذر خواہی کا تتمہ اس میں سوال انکاری ہے **تھلک** میں ہلاکت سے مراد موت یا یہ ہیں کہ روح میں کسی کافر کو موت نہ آئے بلکہ اس سے مراد ابدی عذاب ہے **بما** میں **ب** سببیت کی ہے مراد شرک و کفر ہے **مبطلون** سے مراد ان کے باپ دادے ہیں کفر و شرک کے موجدین جس سے عقیدے اعمال افعال اقوال سب ہی باطل تھے یعنی ہے رب رحیم و کریم یا تو ہم کو ان جھوٹے کفار موجدین کفر کی بد عملیوں کی وجہ عذاب دے گا کیسی ہر گز نہ دے گا کہ ہم تو تھے ہی اصل مجرم تو وہ موجدین ہیں دوسری تفسیر والوں سے اس کے یہ معنی ہیں کہ کفار کے بچے گرفتاری کے وقت کہیں گے کہ خدایا ہم تو بچپن ہی میں مر گئے جرم تو ہمارے باپ دادوں نے کئے یا تو ہم کو ان کے جرم میں پکڑے گا مگر پہلی بات بہت قوی ہے **وکذلک نفصل الآیت** یہ فرمان حال رب تعالیٰ کا خود اپنا قول ہے یہ جملہ نیا ہے اس نے اس کلام کو ابتدا یہ ہے **کذلک** دو جز سے مرکب ہے **ک** تشبیہ اور **ذالک** اسم اشارہ ہے **ذالک** سے مذکور و بیان کی طرف اشارہ ہے اس سے پہلے ایک مختصر سی عبارت پوشیدہ مان لی جاوے تو بہتر ہے **کما بینا ھذا** اور **نفصل** بنا ہے **تفصیل** سے جس کا معنی ہے **فصل** یعنی جدائی تفصیل مقابل ہے اجمال کا آیت سے مراد قرآنی آیت ہیں یعنی جیسے ہم نے یہ مذکورہ بالا باتیں صاف صاف بیان فرما دیں اسی طرح ہم ہر قسم کی آیات قرآنیہ عقائد کی ہوں یا اعمال کی عبادات کی ہوں یا معاملات سب کی سب تفصیل وار ایک دوسری سے جدا جدا کر کے بیان فرماتے ہیں صرف اجمال پر کفایت نہیں ہوتی **ولعلھم یرجعون** یہ عبارت یا تو ما حصل ہے اور دادو بند کا یا کسی پوشیدہ عبارت پر معطوف ہے اور دادو بند کا محذوف اصل عبارت یوں ہے **لیقفوا علی ما فیھا** (روح البیان) **لعل** کے متعلق بارہا عرض کیا جا چکا ہے کہ یہ

www.alahazratnetwork.org

بندوں کے لحاظ سے امید کے لئے ہوتا ہے اور رب تعالیٰ کی نسبت سے معنی تاکید یعنی تم قصص و آیات اس سے بیان فرماتے ہیں تاکہ یہ وعظ ان کے مضامین پر مطلع ہوں اور تاکہ اپنے مدعا سے نیک اعمال کی طرف رجوع کریں تاکہ وہ ناری کی طرف رجوع کریں عمر سے ایمان کی طرف طغیان سے عرفان کی جانب فسق سے تقویٰ کی طرف ریا سے آخرت کی طرف تعلق سے خالق کی طرف ظلمانیات سے روحانیات کی جانب اس طرح کہ گزشتہ پر نادم ہوں آئندہ کی اصلاح کریں۔

خلاصہ تفسیر اے وہ امتی سے ہمارے یہ عہد دیاں تم نے اس لئے کئے تاکہ قیامت میں یوقت حساب تم یہ نہ کہو کہ ہمیں تو خبر ہی نہ تھی کہ ہم سے عہد و طاعت کے لئے جواب ہوتے تو بات ہوتی ہم تو بے قصور ہیں ورنہ یہ ہو سکتا کہ ہمارے شرک و تعلیل ہمارے باپ دادوں نے ایجاد کئے ہم تو ان کے بعد دنیا میں آئے ہم نے ماحول گندا پایا ایمان و اسلام سے دور تھے ہم عادی یا تقلیدی اور تھے تو ہمیں آپ نے بلاوہ بھی ہم نے کیا تو اے ہمارے قصور تو ہم موحدین کا ہے کہ مشرکین بتقلید ہیں سے یہ تو رحیم و کریم ہم تو ہمارے باپ دادوں کے جرم میں پکڑے ان قصور واروں کو پکڑ ہم بے قصوروں کو چھوڑ اے پیارے ہم سے یہ واقعہ میثاق صاف صاف بیان فرما دیا ایسے ہی ہم ہر قسم کی آیت عقائد اعمال عبادات معاملات معاشرت اخلاقیات ملکی سیاسیات کی آیت تفصیل وار صاف صاف بیان فرماتے ہیں تاکہ لوگ ان میں غور کریں اور کفر سے ایمان کی طرف طغیان سے عرفان کی جانب بدکاری سے نیکوکاری کی طرف نفس امارہ سے روح کی سمت رجوع کریں۔

فائدے اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ** شرعی احکام میں سے جزئی مقررہ میں کسی مومن کو خبر نہ ہو رب کے عذاب سے چھوٹ نہیں سکتا ہر شخص پر فرض ہے کہ بقدر ضرورت دینی مسائل سیکھے یہ فائدہ **انما اشرک اٰباؤنا** سے حاصل ہوا۔ آج حکومت اپنے قوانین مشتہر کردیتی ہیں اس کے بعد خلاف ورزی کرنے والے کو عذر نہیں سنتی کہ ہم کو ان قانون کی خبر نہ تھی رب تعالیٰ نے بذریعہ نبی علماء قرآن مجید احادیث جو اپنے قوانین مشتہر فرمائے ہیں ان سے جبری عذر نہیں۔ **دوسرا فائدہ** عقائد میں باپ دادوں کی تقلید درست نہیں اللہ تعالیٰ نے عقل دی ہے خود تحقیق کرو اور درست عقیدے اختیار کرو یہ فائدہ **وکنا ذریۃ من بعدھم** سے حاصل ہوا۔ تحقیق سے دین حاصل کرو تقلید صرف فروعی مسائل میں ہی ہو سکتی ہے وہ بھی جب جبکہ وہ علم میں مدون ہو گئے ہوں۔ **تیسرا فائدہ** گمراہ کرنے والے بھی مجرم ہیں گمراہ ہونے والے بھی مجرم ہوں گے وہ یہ عذر نہیں کر سکتے کہ ہمارے بڑوں نے ہمیں گمراہ کیا تھا یہ فائدہ **افتھلکنا بما فعل** سے حاصل ہوا۔ **چوتھا فائدہ** چونکہ قرآن مجید میں ہر مسئلہ کی آیت موجود ہیں اور قرآن مجید نہایت جامع کتاب ہے یہ فائدہ **نفصل الایت** سے حاصل ہوا۔ **پانچواں فائدہ** قیامت میں گمراہ باپ اور اہل قرابت سے بیزار ہو جائیں گے کہیں تعصب نہ فرمائیں گے یہ فائدہ **فعل المبطلون** سے حاصل ہوا۔ **چھٹا فائدہ** عقائد موحدین عرفانی اپنے مرشدوں کو معلمین دینی سے باطل سمجھیں گے یہ فائدہ **لعلھم یرجعون** سے حاصل ہوا۔ **ساتواں فائدہ** محبتیں جیسی دنیا میں کسی قائم رہیں قیامت کے دن ایسی نہ رہیں گی رب تعالیٰ فرماتا ہے **الاخلاء یومئذ بعضھم لبعض عدو الا المتقین**

www.alahazratnetwork.org

پہلا اعتراض: اس آیت کے عرض و معروض سے معلوم ہو رہا ہے کہ یہ معذرت مشرکین کے وہ چھوٹے نابالغ بچے کریں گے جو نابالغی میں مرگئے جنہیں نہ عقیدہ کی نہ عملی طاقت تھی۔ علاوہ ازیں وہ بھی دوزخ میں جائیں گے کہ ان کی یہ عرض قبول نہ ہوگی کیونکہ ارشاد ہوا **انما اشرک اٰباؤنا** ہمارے باپ دادوں نے شرک کیا یعنی ہم نے نہیں کیا اس آیت سے صاف معلوم ہو رہا ہے کہ کفار کے بچے جو بچپن میں فوت ہو جاویں وہ کافر ہیں دوزخی ہیں (بعض علماء) **جواب**: ہم بھی تفسیر میں عرض کر چکے کہ یہاں **اشرک** کے معنی ہیں شرک و کفر ایجاد کیا اور مطلب یہ ہے کہ ہم شرک کرنے میں بے قصور ہیں کہ ہم تو بری رسوم جو پا چکی تھیں اس کے حامل ہوئے اسی لئے **من قبل** ارشاد ہوا نیز یہاں یہ نہ فرمایا کہ مولیٰ ہم نے شرک نہیں کیا اپنے سے شرک کی نفی نہیں کی لہذا قوی یہ ہے کہ یہ معذرت حامل بلوغ کفار کی طرف سے ہوگی جو گذشتہ مشرکین کے مقلد تھے نیز اگر یہ معذرت ان کے بچوں کی ہو تو وہ بظاہر اس میں حق بجانب ہوں گے کہ میرے مولیٰ تیرا قانون یہ ہے کہ بغیر جرم کئے تو سزا نہیں دیتا ہم نے کوئی جرم کرنا تو کیا جرم کا جاننا بھی نہیں کیا پھر ہم سزا کس چیز کی پا رہے ہیں۔ **دوسرا اعتراض**: یہ یہ معذرت صرف مشرکین ہی کریں گے دوسرے نہ کریں گے آخر دوزخ میں تو ہر کافر جاوے گا مشرک ہو یا دہریہ کافر۔ **جواب**: ہم نے بارہا عرض کیا ہے جس آیت میں شرک کا معنی کفر ہوتا ہے یعنی بولنے سے محض مراد ہوتی ہے مراد فریق ہی معذرت ہوگا۔ یہ مطلب نہیں کہ مشرک سے مشرک بخشے جائیں گے تو اس کا مطلب یہ نہیں۔ باقی سارے کافر بخش دیے جائیں نہیں بلکہ مطلب یہ ہے کہ **ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ ویغفر ما دون ذلک لمن یشاء** یعنی رب تعالیٰ فرماتا ہے کہ اپنی لڑکیوں کا نکاح مشرکوں سے نہ کرو **ولا تنکحوا المشرکین حتی یؤمنوا** یہاں بھی یہی مطلب کہ کفار سے نہ کرو خواہ مشرک ہوں یا اور کسی قسم کے کافر۔ **تیسرا اعتراض**: یہ کفار کی طرح گنہگار مومن بھی شکایت کریں گے کہ ہمارے جرموں کے موجد ہمارے سردار تھے لہذا ہمیں دوسرا ملنی چاہئے **جواب**: ہمیں مجرموں کی سزا کی نوعیت ہی کچھ اور ہوگی ان میں ہوگی کسی کا دشمن نہ ہوگا کوئی کسی کی شکایت نہ کرے گا شفاعت کرے گا نہ شکایت بلکہ مخلصانہ کوشش کریں گے ایک دوسرے کی۔

تفسیر صوفیانہ: اللہ تعالیٰ نے بظاہر یہ عہد دنیا میں اپنی ربوبیت کا لیا مگر درحقیقت حضور علیہ السلام کی نبوت و رسالت کا بھی عہد لیا کیونکہ یہاں **وانا خلقنا لہ** نہیں فرمایا بلکہ **وانا اخذربک** فرمایا جس میں اشارۃً فرمایا کہ ہم نے لوگوں سے یہ کہا کہ پہلے ہم کو رب محمد کو پھر اپنا رب مانو کیونکہ رب تعالیٰ کو رب ماننا اس وقت ایمان بنتا ہے جب اسے ہی کی معرفت ان کے توسل سے مانا جاوے اللہ تعالیٰ دیا میں تو موجود کو موجود سے پیدا فرماتا ہے مگر اس دن معدوم کو معدوم سے پیدا فرمایا کہ اس وقت نہ تو یہ جسمانیت تھیں نہ اس کی ضرورت رب نے ان معدومات کو اس دن وقتی طور پر اس حالت کے لائق وجود بخشا اس وقت ارواح تین صف کی تھیں پہلی صف سابقین کی دوسری صف اصحاب میمنہ یعنی داہنے والوں کی تیسری صف اصحاب مشئمہ یعنی بائیں والوں کی انہیں وجود روحانی بخشا بایں روحانی پہلا لوران کے اعضاء میں قوت روحانی ہی حس سے انہوں نے رب کو دیکھا اس کافرمان سنا اسے جواب دیا سابقین نے روحانی دل سے اس کریم سے محبت کی اور بولے کہ تو ہمارا رب ہے تو ہی موجود ہے تو ہی

www.alahazratnetwork.org

مقصود سے تو ان معبودوں سے ان کی تحریری ربوبیت (تصوریت) کا اقرار کرتے ہیں سمجھدار لوگوں سے کہا کہ تمہارا رب سچے معبود ہے ہم تمہیں ان کی علامات نہ دیں گے مگر مشرکوں نے رب کا یہ فرمان تحت سے ساکن نہ ہوں بلکہ حق کا خلاف تھا تمہیں نہایت پاک دور رب دیکھتے کیسے مجبور ہو گئے کہ تو ہمارا رب ہے یہ ان فرق نہ پائیں دیکھا جارہا ہے اللہ تعالیٰ سے عدم میں کسی نے ظاہر نہ کیا سوائے حضرت انسان کے کہ انہیں اسی حالت میں ہو جو اور جو سب کی جسمانی وقت وہ ہی اپنے پیاروں کی آنکھ کا نور ربان تھا وہ ان کی خوشی تھا یہ عہد انہیں سے لیا گیا الزام دینے کو حس کا ذکر سماں سے مومنین سے لیا گیا احسان جتانے کو نبیین سے لیا گیا ہے وہ ہی تربیت قیامت رہے گی ان کے کلام میں ہم یہ آواز آرہی ہے انہیں تڑپا رہی ہے حضور ملاء اعلیٰ میں بعد ان کا نام یہ ہی شان رکھتا ہے کہ کسی سے لئے ربانی کا انتظام ہے ان سے لئے رب تعالیٰ کا انعام ہے کسی کے تڑپانے کا انتظام ہے مولانا فرماتے ہیں۔

مصطفیٰ آئینہ روئے خداست معکس روئے بے ہمہ خوئے خداست

آئینہ ظاہر کو کہتا ہے سورج باطن کو منور کرتا ہے مصطفیٰ وہ آئینہ ہے جو رب کا ظاہر باطن سب کچھ دکھاتا ہے ان کا کلام ان کا کلام ہے قرار دیتا ہے۔

وہ وحدہ کے شکل جو بدلے تو دل ان کے ساتھ دول ہوا
نہ وہ دل سے دور نہ دلربا رہی زندگی سو وہ بار ہے

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْٓ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ

اور تلاوت کرو ان پر خبر اس کی کہ دیں ہم نے اسے آیتیں اپنی پس نکل گیا وہ ان سے پس پیچھے
اور اے محبوب انہیں اس کا احوال سناؤ جسے ہم نے اپنی آیتیں دیں تو وہ ان سے نکل

الشَّيْطٰنُ فَكَانَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ۝

ہو لگا اس کے ابلیس پس ہو گیا وہ بھٹکے ہوؤں سے
نکل گیا تو شیطان اس کے پیچھے لگا تو گمراہوں میں ہو گیا۔

تعلق: اس آیت کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: پچھلی آیت میں عام کفار کی وعدہ خلافیوں عہد شکنیوں کا ذکر ہوا کہ انہوں نے یوم میثاق والا عہد توڑا اب ایک خاص شخص بلعم باعور کی عہد شکنی بے وفائی کا ذکر ہے جو اس نے رب سے کئے ہوئے خاص وعدہ کو توڑا گویا عام جرم کے بعد خاص آدمی کے خاص جرم کا ذکر ہو رہا ہے جو پہلے جرم سے مدد ہے۔ دوسرا تعلق: پچھلی آیت میں کافروں ظالموں کے ایسے وعدے توڑنے کا ذکر تھا جسے وہ بھوں پچھلے حضرات انبیاء کرام نے یا وہ اب ایک عام فاضل عالم کے ایسے وعدے توڑنے کا ذکر ہے جو اسے یاد تھا بلکہ اس کے سامنے تھا یہ وعدہ خلافی سخت تھی۔ تیسرا تعلق: پچھلی آیت میں اصلی غدار کا ذکر ہے جو رسولوں سے کافر ہوئے اب اس مرتد کا ذکر ہے جو پہلے مومن تھا

www.alahazratnetwork.org

عارف ولی صوفی عالم تمام بعد میں ملحد بے دین مرتد وغیرہ سب کچھ بنا گویا اصل کافروں کے بعد مرتد کافر کا کر ہو رہا ہے۔

تفسیر واتل علیھم ظاہر یہ ہے کہ یہ عبارت یہ جملہ ہے اور اس کا واؤ ابتدائیہ ہے مگر روح المعانی نے فرمایا یہ جملہ معطوف ہے **واذا خذ ربک** کے پوشیدہ فعل **اذکر** پر لہٰذا اس کا واؤ عاطفہ ہے یعنی وہ واقعہ بیان کرو اور یہ واقعہ تلاوت روح اتل بمعنے تلاوت سے تلاوت اور قرأت اور قرأت میں فرق ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ شاندار محترم خبر کے پڑھنے کو تلاوت کہتے ہیں چونکہ یہ واقعہ قرآن مجید میں مذکور ہے اور اس کا تعلق حضرت موسیٰ علیہ السلام کی عظمت و احترام سے ہے اس لئے **اتل** ارشاد ہوا ظاہر یہ ہے کہ اس میں خطاب حضور پر نور سے ہے کہ ہر قرآن پڑھنے والے سے یعنی ہمارے ہم کہے دیتے ہیں خاص ہیں ہم بتانے والے تم سننے والے یا یہ مطلب ہے کہ اے محبوب یہ واقعہ تمہارے علم میں تو پہلے سے ہی ہے ہم آیت میں یہ واقعہ اس سے بیان فرماتے ہیں کہ آپ اس میں سے ہمارے **علی** فوقیت و بلندی کے لئے سمیں بلکہ **اتل کاصد سے هم** ضمیر جمع کفار قریش ہیں جو کہ مکہ معظمہ میں رہتے تھے اور یہ سورۃ بھی کیونکہ ہے یا اس کے مرجع عرب کے یہودی ہیں کہ وہ بھی مکہ معظمہ آتے جاتے رہتے تھے شرکیں مکہ کو حضور انور کے خلاف بھڑکاتے رہتے تھے دوسرا احتمال قوی ہے کہ پہلے سے یہود کا ذکر چلا آرہا ہے تو مناسب ہے کہ یہاں بھی ان سے ہی مخاطب ہو (خازن و معالم وغیرہ) **نبا الذی اتینہ ایتنا** یہ عبارت **اتل** کا مفعول بہ ہے عربی میں **نبا** عظیم الشان خبر کو کہتے ہیں یعنی خبر عام ہے **نبا** خاص اسی سے ہے ہی معنی میں خبریں دینے والا اس لئے ہر مخبر خبر رساں ایجنسی کو نبی کہیں گے **الذی اتینہ** میں بحث گفتگو ہے کہ اس سے کون شخص مراد ہے اور آیات سے کون سی آیتیں مراد اس میں چند قول ہیں (1) اس سے مراد امیہ ابن ملت ہے جو گزشتہ کتب کا عالم تھا لوگوں میں بہت مقبول تھا وہ آسمان کے سائے میں تھا کہ ہی آخر الزماں میں ہی ہوں گا اس کا ذکر پچھلی کتب میں ہے جب حضور انور کو یہ درجہ عطا ہوا تو حسد کی آگ میں جل بھن گیا آخر کار کافر ہو کر مرا اس کے متعلق حضور انور نے فرمایا کہ **آمن شعرہ وکفر قلبہ** یعنی اس کے اشعار مومنوں کے سے ہیں اور اس کا دل کافر ہے یہ قول ہے سیدنا عبد اللہ ابن عمر سعید ابن مسیب اور زید ابن اسلم کا (2) یہ آیت عامر راہب کے متعلق نازل ہوئی جب حضور انور عامر فاسق فرماتے تھے یہ اسلام سے پہلے بڑا عابد و زاہد تھا حضور انور کے علوہ گر ہونے پر کافر ہوا اس نے منافقین مدینہ کو کہہ کر مسجد ضرار بنوائی یہ ہی قیصر روم کے پاس پہنچا اسے حضور انور پر حملہ کرنے کی رغبت دی وہاں ہی مردود ہو کر مرا یہ سعید ابن مسیب کا دوسرا قول ہے (3) اس سے مراد منافقین اہل کتاب ہیں جو حضور انور کو جانتے پہچانتے تھے آپ پر ایمان نہ لائے یہ قول حسن اور بلخ کا ہے (4) اس سے مراد ہر وہ کافر ہے جو حضور انور کو جان پہچان کر آپ پر ایمان نہ لائے یہ قول قتادہ مکرمہ اور ابو مسلم کا ہے (5) اس سے مراد **علم** یا حضور ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں تھا مومن صوفی عالم اسم اعظم کا جاننے والا مقبول الدعاء تھا مگر آخر کار موسیٰ علیہ السلام کا مقابلہ کرنے کی وجہ سے مرا کافر لعنتی ہو کر مرا یہ قول ہے حضرت عبد اللہ ابن عباس ابن مسعود قتادہ اور عام صحابہ و مفسرین کا یہ ہی قول ہے (تفسیر روح المعانی) اس واقعہ استشہاد فرماتے ہوئے علامہ تفسیر میں عرض ہو گا اس صورت میں آیت سے مراد توریت شریف کی آیتیں ہوں گی ان کے دینے سے مراد ہے آیات کا علم بتانا گزشتہ تین قولوں کی بنا پر آیات کے وہ معنی لئے جائیں گے جو ان کے مناسب ہوں **فانسلخ منھا** یہ عبارت معطوف ہے **اتینہ** پر یہاں **ف** معنی فوراً نہیں بلکہ معنی پر ہے **انسلاخ** کہتے ہیں **سلخ**

www.alahazratnetwork.org

اس کے معنی ہیں مذبوحہ جانور کی کھال اتارنا اس سے حلال کا یک ریزہ بھی بچا نہ رہے تو شت وغیرہ کھوا رہو جاوے **منہا** کا مرجع آیات ہیں **انسلخ** فرمانا بتلاتا ہے کہ آیتیں اس کے سینہ سے بیت نہیں نکلیں وہ علم محض نہیں گیا بلکہ وہ خود آیات سے نکل گیا کہ ان کا منکر ہو گیا۔ اللہ اللہ وہ عالم تھا اس پر ایمان اور علم کا خلاف تھا لوگوں کو نظر آتا تھا اس کی حقیقت نظر نہ آتی وہ خلاف ہو گیا جیسے جانور سے حلال اترا جاوے تو اس کا گوشت وغیرہ نظر آتا ہے (۱۲) اس میں ایمان تقوی کا شائبہ بھی نہ رہا وہ مرا کافر ہو گیا **فاتبعہ الشیطن** یہ عبارت معطوف ہے **فانسلخ** پر۔ چند باتیں بتائی گئیں (۱) جب تک شیطان اس کے قریب بھی نہ آتا تھا وہ کسی کی روحانی حفاظت میں تھا جب کہ وہ ایمان سے نکل گیا تو شیطان اس کے پیچھے پڑ گیا (2) اور لوگوں کے پاس شیطان کبھی کبھی آتا ہے اپنی ذریت کو ان کے پیچھے لگائے رکھتا ہے مگر اس کے پیچھے تو شیطان لگ گیا سمجھ لو کہ اس کی گمراہی کا کیا حال ہو گا۔ کلام گمراہ کن قوی تو گمراہ بھی بدتر (۱) وہ ایسا ہے ایسا ہو گیا کہ شیطان بھی اس کا تابع ہو گیا وہ شیطان کا بھی متبوع بن گیا ایسا شاعر لعنتا ہے۔

و کل فی مس حبہ ابلیس فارتقی ۔۔۔ بہ الحال حتی صار ابلیس من جندہ

وہ پہلے شیطان کے لشکر میں تھا اب اتنی ترقی کر گیا کہ شیطان اس کے لشکر میں بھرتی ہو گیا (روح المعانی) **فکان من الغوین** یہ اس کے نباہ کا ذکر کہ وہ مرنے سے بعد سیدھا جہنم میں اس حال پر گیا اور ابدی عذاب کا مستحق ہو گیا یا پہلے وہ علم و تقوی کے ساتھ گمراہ ہوا یا پہلے ہدایت والا تھا اب غوایت کا نام ہو گیا علامت غوایت ضلالت سے توبہ کرنے اور دوسروں کی تعلیم **روح المعانی** سے خلاصہ بیان سے ہیں ورنہ کئی بیسیوں اقوال ہیں۔

خلاصہ تفسیر اس تفسیر سے معلوم ہو چکا ہے کہ اس آیت کی بہت تفسیریں کی گئی ہیں جس میں سے قوی تفسیر وہ ہے جو حضرت عبداللہ ابن عباس اور ابن مسعود و عام صحابہ و مفسرین سے لی ہم اسی تفسیر کا خلاصہ عرض کرتے ہیں۔ اے محبوب شاید آپ ان سرکش یہود اور عام کفار عرب کے سامنے اس باعور کا واقعہ ان کی آیات تلاوت کر کے تفسیر فرما دیں۔ ہم نے توریت اور دوسرے صحیفوں کی آیتوں کا علم بخش کر کے ان پر علم کے دروازے کھول دیئے حتی کہ نے اسم اعظم علم دیا وہ اس بڑے درجے پر پہنچ گیا ان تمام صفات سے نکل گیا کہ اسے ان میں سے کسی چیز سے کوئی تعلق نہیں رہا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ابلیس اس کے پیچھے لگ گیا اور وہ اس قدر ہدایت کے بعد اول درجہ کا گمراہ بے دین ہو گیا یہ واقعہ بڑے بڑوں کی آنکھ کھولنے کافی ہے۔

بلعم باعور کا واقعہ حضرت موسی علیہ السلام کے زمانہ میں بنی اسرائیل کا ایک بڑا عالم صوفی پرہیزگار تھا اس کا نام بلعم یا باعور تھا یہ اسرائیلی تھا مدین کی بستی میں رہتا تھا ملک شام میں واقع تھی اس کی بیوی اسی قوم عمالقہ میں سے تھی اس وقت کا بادشاہ عمالقہ تھا اللہ تعالیٰ نے اسم اعظم دیا تھا مستجاب الدعا تھا اپنے گھر میں بیٹھ کر عرش عظیم دیکھ لیتا تھا اس کو علم سکھاتا تھا اس کے درس میں بارہ ہزار طلباء ہوتے تھے جو اس کا بتایا ہوا سبق لکھ لیتے تھے اس کی ہدایت لکھی ہوئی تھی تفسیر صاوی) غرضکہ وہ انتہائی عروج کو پہنچا تو واقعہ حضرت موسی علیہ السلام بنی اسرائیل کو ساتھ لے کر اس علاقہ پر حملہ کرنے فتح فرمانے کے لئے جب کنعانی علاقہ میں داخل ہوئے جو شام کے علاقہ میں واقع تھا تو قوم جبارین جمع ہو کر اس سے لڑنے آئی اور ہمارے

www.alahazratnetwork.org

موسیٰ علیہ السلام تیز مزاج ہیں اور اس کے ساتھ شدید حرارے اگر وہ ہمارے علاقہ پر قابض ہو گئے تو تمہاری خیر نہیں تو ان کے لئے بددعا نہ کرو کہ وہ یہاں داخل ہو سکیں چنانچہ وہ اللہ کے نبی ہیں ان پر کسی کی بددعا کا اثر نہیں ہو سکتا بلکہ میری یا دین برباد ہو جائیں گے یہ سنتے ہی ظالم بیوی کے پاس گئے اسے بہت سے تحائف دیئے اور اس کے ذریعہ ظالم کو تحفے بھیج کر ظالم کی بیوی سے اس پر دباؤ ڈالا تو یہ ظالم اس نے پہلے استخارہ کیا جس میں اسے اس حرکت سے روکا گیا مگر اس کی وجہ اور قوم سے پھر دوبارہ استخارہ کرنے کو کہا اس نے بار بار خاموشی رہی کوئی جواب نہ آیا یہ لوگ بولے کہ اب کی بار تجھے منع نہیں کیا گیا معلوم ہوتا ہے کہ رب نے تجھے اس کی اجازت دی ہے آخر کار ظالم ایک گدھی پر سوار ہو کر ایک پہاڑی میں گیا قوم ساتھ تھی اور موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل کے لئے بددعا اور اس قوم کے لئے دعائیں کرنے لگا مگر قدرت خدا وندی سے ہوا یہ کہ موسیٰ علیہ السلام کی بجائے اس کے منہ سے اپنی قوم ظالم قوم تھا اور اپنی اس قوم کی بجائے موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل ظالم رہیں پر آتا تھا قوم بولی تو یہ کیا کر رہا ہے وہ بولا مجبور ہوں میری زبان قابو میں نہیں اس وقت اس کی زبان باہر نکل پڑی سینہ پر لٹک آئی اور وہ کتے کی طرح ہانپنے لگا پھر وہ لوگوں سے بولا کہ میری دنیا و دین دونوں تباہ ہو گئے اب تم یہ تدبیر کرو کہ بنی اسرائیل تباہ ہو جائیں وہ یہ کہ اپنی خوبصورت لڑکیاں لشکر موسیٰ میں چھوڑ دو اور انہیں ہدایت دو کہ جو اسرائیلی تم پر ہاتھ لگائے تو اسے منع نہ کرو جب ان میں زنا پھیل جائے گا تو وہ ہلاک ہو جائیں گے کہ زنا سے طاعون آتی ہیں۔

ابر نہ آید از یکے منع زکوٰۃ ۔۔۔ واز زنا الفقر بلا اندر جہات

ان لوگوں نے یونہی کیا چنانچہ یک لڑکی کسی بنی اسرائیل کے سردار کو ایک اسرائیلی زمری اس شوم (جو شمعون ابن یعقوب علیہ السلام میں اور کا سردار تھا) نے پکڑا موسیٰ علیہ السلام سے منع فرمایا اس نے چھپ کر اس سے زنا کیا اس پر اسرائیلیوں میں طاعون پھیل گئی ستر ہزار اسرائیلی فوت ہو گئے ادھر یہ بنت قوم اسرائیلی خاص ان میں عمران ہارون کو جب یہ پتہ چلا تو اس نے ان دونوں کی رانیہ بغیں موقعہ پر پہنچ کر دیں چھید اٹھایا اور برستور سے انہیں ہلاک کر دیا تو وہ طاعون ختم ہوا ادھر ظالم قتل ہوا کہ یہ اسم اعظم شریف لوگوں کی حرمت والیاں کے ہیں سے قتل گئے اس نے دیکھا کہ میرے سے ایک عبد ان مثل پرندہ نکل کر اڑ گیا لوگوں سے دریافت کیا سب کچھ کہ ان کا بیان کیا اس آیت میں ذکر الٰہی آیت میں ذکر اللہ کا ذکر ہے (روح المعانی، کبیر، خزائن، تفسیر صاوی وغیرہ)۔

فائدے اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ** ایمان اور قرب الٰہی صرف علم سے نہیں ملتے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ملتے ہیں علم بڑا عظیم جلیل اصل سب کچھ تھا مگر یہ اللہ تعالیٰ بالفضل نہ ملا سے **دوسرا فائدہ** بری کا مقابلہ اس کی نقیض سے ہوتا ہے ظالم ملک ہو گئے ہے ابلیس اور علم ایمان یا عمل سے عزت پاتا ہے **تیسرا فائدہ** ایمان و عرفان بلند رہے اس کا سہارا نہ لو ورنہ اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کا ایمان سلامت رکھے علم سے پاس سب کچھ تھا مگر ایمان نہ تھا **چوتھا فائدہ** کوئی شخص کسی کو جو پہنچ کر اپنے کو شیطان سے محفوظ نہ سمجھے یہ بڑی جگہ اور بڑوں کے پاس بھی پہنچ جاتا ہے **فاتبعہ الشیطٰن** کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا کہ شیطان علم سے پیچھے دیکھو ہست محفوظ مقام تھا تو علیہ السلام معصوم مگر وہاں بھی اس مردود نے اپنا لوہا منوا دیا ہمیشہ محفوظ جگہ میں ہیں نہ ہو۔

www.alahazratnetwork.org

محفوظ پھر اس سے کیسے بچ سکتے ہیں۔ پانچواں فائدہ: اگر انسان ٹھیک رہے تو فرشتوں سے افضل ہو جاوے اگر بگڑے تو شیطان کا استاد ہو جاوے یہ فائدہ **فاتبعہ الشیطان** کی دوسری تفسیر سے حاصل ہوا کہ شیطان بھی بلعم کا بالغ ہو گیا۔ انسان اپنی عقل سے ایسے گمراہ ایجاد کرتا ہے جو شیطان کو بھی نہ سوجھیں مشین کے ذریعہ مصنوعی نکل کر ڈیری فارم فالودہ فروخت کر رہا ہے دیسی گھی میں دوائی گھی ملا کر فروخت کرنا۔ دیسی سونے میں دوائی سونے کی ملاوٹ کرنا وغیرہ حرکات ابلیس نہ کر سکا۔ انسان ہی کے حصہ میں آئیں اگر رب کا فضل شامل حال نہ ہو تو انسان کے لئے **اسفل السافلین** ہے۔ چھٹا فائدہ: جو علم رب تک نہ پہنچائے وہ مفید نہیں علم معرفت والا مفید ہے یہ نعمت خاص ربانی علیہ ہے یہ فائدہ **اتیناہ ایاتنا** سے حاصل ہوا علم بے معرفت درخت بے پھل ہے بال بغیر بارش ہے بلعم کے علم کے متعلق قرآن کریم نے دوسری جگہ فرمایا **واضلہ اللہ علی علم وختم علی قلبہ** معرفت والے علم کے متعلق ارشاد ہے **وقل رب زدنی علما** اور ارشاد ہے **انما یخشی اللہ من عبادہ العلموا**۔ ساتواں فائدہ: قانون ربانی یہ ہے کہ ظاہر پر حکم جاری فرمایا جاتا ہے دیکھو رب تعالیٰ جانتا تھا کہ بلعم کا انجام گمراہی ہے مگر جب تک کہ وہ گمراہ ہوا نہیں تب تک اسے ظاہری عظمت و بزرگی دی گئی یہ فائدہ **فکان من الغوین** سے حاصل ہوا۔ ابلیس مردود ہونے سے پہلے مقرب بارگاہ تھا حالانکہ اس کا انجام خراب ہونے والا تھا جب اس نے سرکشی کی تب مردود کیا گیا اس فائدہ کو دھیان میں رکھو اس سے شریعت و طریقت کے بہت سے اشکال دور ہو جائیں گے رب کا علم اور رب کا فضل یہ دو چیزیں ہیں۔ آٹھواں فائدہ: بارگاہ الٰہی کا ادب یہ ہے کہ بری کو بھلائی کی طرف نسبت دیا جائے اور بھلائی کو رب کی طرف اگرچہ سب کچھ رب کے ارادہ سے ہے دیکھو یہاں ارشاد ہوا کہ **اتیناہ ایاتنا** ہم نے اسے اپنی آیات عطا فرمائیں عطاء آیات کو رب کی طرف سے نسبت کیا پھر ارشاد ہوا **فانسلخ منہا** وہ آیات سے نکل گیا نکلنا بلعم کی طرف منسوب فرمایا آیات خدا خلیل نے فرمایا **واذا مرضت فہو یشفین** بیمار میں ہوں تا ادب شفا رب جانے حضرت خضر نے فرمایا **فاردت ان اعیبہا** میں نے چاہا کہ کشتی کو عیب دار کر دوں۔ اللہ تعالیٰ ادب کی توفیق دے۔

از خدا خواہیم توفیق ادب ۔۔۔ بے ادب محروم ماند از فضل رب

پھر اعتراض: جب رب تعالیٰ جانتا تھا کہ بلعم کا انجام خراب ہوگا تو پہلے اسے علم تصرف قرب کیوں عطا فرمایا جس سے پہلے ہی سے مردود کیا ہوا تھا جواب ابلیس اور بلعم دونوں نے واقعات میں تا قیامت لوگوں کے لئے مثال قائم فرمائی تا قیامت موحد صوفی پیر مشائخ غور کریں کہ نبی کی مخالفت سے سب کچھ برباد ہو جاتا ہے اس لئے ہر صوفی پیر مشائخ

لوح گوید است زیر آسماں از عرش ملک ترا

اس نے صوفیہ فرماتے ہیں ہاتھ دیوانہ وار مصطفےٰ ہوشیار باش۔ ابلیس حضرت آدم علیہ السلام کی مخالفت سے مردود ہوا اور بلعم حضرت موسیٰ علیہ السلام کی مخالفت سے برباد ہو گیا بغلی کے پاؤں لوہا تھ لگانے سے شاہ گدا امیر وزیر کی حال ہوتی ہے نبوت کے پاؤں پر ہاتھ ڈالنے سے عالم صوفی پیر روشن ضمیر کا یہاں حال ہوتا ہے۔ دوسرا اعتراض بنی اسرائیل میں رہائیں

www.alahazratnetwork.org

ایک شخص سے دو طاعتوں کے ذریعہ ستر ہزار اسرائیلی کیوں ہلاک کر دیئے گئے قصور تو ایک نے کیا تھا۔ جواب: قانون قدرت یہ ہے کہ کبھی ایک متقی کی برکت سے پوری قوم کامیاب اتر جاتا ہے اور کبھی ایک مردود کی وجہ سے ساری قوم مصیبت میں پڑ جاتی ہے اگر ایک مسافر کشتی کا تختہ توڑ دے تو سارے کشتی کے سوار ڈوب جاتے ہیں رب فرماتا ہے **واتقوا فتنة لا تصيبن الذين ظلموا منكم خاصة** تیسرا اعتراض یہاں ارشاد ہوا **فانسلخ منها** آیت سے نکل گیا چاہیے تھا کہ کہا جاتا **فانسلخت منه** آیت سے نکل گئیں اتنا کیوں فرمایا۔ جواب: اس کی حکمت ہم تفسیر میں عرض کر چکے کہ بتانا یہ تھا کہ اس میں آیت ایسا کانشان تک نہ رہا قلب قالب عمل عقیدے سب ہی بگڑ گئے نیز ہم نے اس سے آیات نہ چھینیں بلکہ وہ خود اپنی حرکت کی وجہ سے آیت سے محروم ہو گیا اس لئے **انسلخ** فرمایا۔ چوتھا اعتراض یہاں **انسلخ منها** کے بعد ارشاد ہوا **فاتبعه الشيطان** مگر الٹہ یہ تھا کہ پہلے شیطان اس کے پیچھے پڑا پھر وہ آیت سے نکلا ترتیب برعکس کیوں رکھی گئی۔ جواب: **فاتبعه الشيطان** میں اگر فا علت کی ہو تب تو کوئی اعتراض نہیں کہ پھر آیت کے معنی یہ ہو گئے کہ وہ آیت سے نکل گیا اس لئے کہ شیطان اس کے پیچھے پڑ گیا اور اگر فا عقیبہ ہو معنی یہ ہیں یا پھر تو مقصد یہ ہے کہ بلعم کو اس کے نفس امارہ نے یا اس کی قوم نے گمراہ کیا جس وہ ان ذریعوں سے گمراہ ہو گیا اب شیطان اس کے پیچھے گیا اس طرح کہ وہ شیطان کا استاد بن گیا اور شیطان اس کا شاگرد اس کا مرید ہو اس کے پیچھے لگا وہ شیطان کا بھی استاد ہو گیا۔ پانچواں اعتراض یہاں تفسیر بیضاوی سے فرمایا کہ بلعم لوط ہی تھا پھر وہ گمراہ ہوا یہ درست ہے۔ جواب: یہ محض ظن ہے اس لئے تفسیر بیضاوی نے اسی جگہ اس قول کی تردید بھی کر دی اور اس آیت سے استدلال کیا **الله اعلم حيث يجعل رسالته** نبی بھی گمراہ ہو سکتا ہے یہاں اللہ تعالیٰ نبوت کے لئے انہیں کو منتخب کرتا ہے جو گمراہ نہ ہو سکیں۔ عالم، عابد، صوفی، عارف حتی کہ فرشتے بہک سکتے ہیں بیشک بارگاہ نبوت مگر مخلوق الٰہی میں ہی ایسے بندے ہیں جو کبھی گمراہ نہیں ہو سکتے **ان عبادي ليس لك عليهم سلطان** کیونکہ یہ حضرات رب کی طرف سے ہادی بنا کر بھیجے جاتے ہیں اگر وہ خود ہی ہدایت پر نہ رہیں تو ہادی کون ہو اگر سورج ہی سیاہ ہو جاوے تو دیا کو کون چمکائے۔

تفسیر صوفیانہ: نیک بختوں کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے خفیہ الطاف ہیں جو نہ آنکھوں نے دیکھے نہ کانوں نے سنے نہ کسی کے دل میں آئے یوں ہی بد نصیبوں کے لئے رب کی طرف سے خفیہ بلائیں ہیں جو کسی چیر سے دفع نہیں ہو سکتیں نہ اپنے علم سے نہ کسی بزرگ سے انسان کو چاہئے کہ کسی اعلیٰ درجہ پر پہنچ کر بھی فن بلاؤں سے اپنے کو محفوظ نہ سمجھے، یہاں زیادہ مشہور یہاں کے بیس و عشرت ان بلاؤں کا دروازہ ہیں اور دنیا سے علیحدگی نفس امارہ کی مخالفت شہوات سے دوری الطاف ایسے کا دروازہ ہیں سب سے پہلے اس بلعم نے اللہ تعالیٰ کی ہستی سے انکار کیا بلکہ اس پر کتاب لکھی مبتدا ہے اس کے متعلق پہلے کتب لکھنے والا بلعم ہے (روح البیان) جب ایمان یا عرفان ملے رب کی طرف سے اس پر مہر لگے نبی کی نگاہ سے تب اس کی حفاظت ہوتی ہے اگر اس کا کرم ہو تو سرام جیسے آتش پرست کو دیندار بنا دے اگر اس کا قہر ہو تو بلعم جیسے عابد زاہد کو کتے سے بدتر بنا دے۔

آں راہبری از صومعہ سر بر گیراں انگشی — وین راکشی از بتکدہ سر حلقہ مرداں کنی
چوں و چرا در کار عشق ریوں را کے رسد — فرماں دہ مطلق توئی خواہی آں کنی

www.alahazratnetwork.org

وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ

اور اگر چاہتے ہم تو بلند کر دیتے اس کو ان نشانیوں کے ذریعہ اور لیکن وہ ذلیل ہی طرف رہا کے اور پیچھے پڑا وہ اپنی
اور ہم چاہتے تو آیتوں کے سبب سے اٹھا لیتے مگر وہ تو رہا نیچے اور پیچھے پڑا اپنی خواہش کا تابع ہو تو اس کا حال کتے کی

فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ذّٰلِكَ

جو اس کے بیل کہاوت اس کی کتے کی کہاوت کی طرح ہے اگر تو حملہ کرے اس پر تو ہانپتا ہے یا چھوڑ دے تو ہانپتا ہے
طرح ہے تو اس پر حملہ کرے تو زبان نکالے اور چھوڑ دے تو زبان نکالے یہ حال ہے ان کا جنہوں نے

مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ

تو سنا تو ان کو یہ کہاوت ہے اس قوم کی جنہوں نے جھٹلایا ہماری آیتوں کو پس تو بیان کر قصے یہ تاکہ وہ غور کریں
ہماری آیتیں جھٹلائیں تو تم نصیحت سناؤ تاکہ کہیں وہ دھیان کریں۔

تعلق اس آیت کریمہ کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا **تعلق** پچھلی آیت سے یہ ہے کہ اس میں علم اس بات پر دے کر ہو جانے کا ذکر تھا اب اس کے گمراہ رہنے کا ذکر ہے کہ وہ پھر ہدایت پر نہ آیا اس کے اس پر علم نہ ملنے کی۔ دوسرا **تعلق** پچھلی آیت میں علم کی گمراہی کا ذکر تھا اس کی وجہ کا ذکر ہے کہ باوجود آیات ایسے رکھنے کے وہ گمراہ یوں ہو گیا نفسانی خواہش کی اتباع کی وجہ سے **تیسرا تعلق** پچھلی آیت کریمہ میں علم سے بہت اونچا ہونے فرشتوں پر بڑھ جانے کا ذکر ہوا اب اس کے ایک دم ایسا ہو جانے اور رذیل طرح بلکہ اس سے بھی بدتر ہونے کا ذکر ہے کہ رب اونچا کر سکتا ہے وہ نیچا بھی کر سکتا ہے۔ **چوتھا تعلق** پچھلی آیت میں علم کا قصہ مذکور ہوا اب اس قصہ کے ذکر کی حکمت کا بیان ہے کہ **لعلھم یتفکرون** لوگ اس میں غور و خوض کریں۔ ایسا کی برائی نہ بھولیں۔

تفسیر: ولو شئنا لرفعنہ بھا یہ جملہ ہے قسم کا اور اس کا جواب ابتدائیہ ہے **شئنا** کا مفعول پوشیدہ ہے **عظمتہ رفعتہ** وغیرہ **لرفعنہ بھا** بہت تفسیریں ہیں کی میں تر قوی تفسیر یہ ہے کہ **لو** کا جواب ہے **رفع** میں بلندی سے مراد ہے مرتبہ اور درجہ کی بلندی **ھا** کا مرجع علم ہے **بھا** میں ب سببیہ ہے **ھا** کا مرجع آیات ہیں جو علم میں کی تھیں (روح المعانی) یعنی ہم علم کو بڑھانا چاہتے تو اس کا درجہ اس آیت کی وجہ سے بہت اونچا دیتے کہ اس پر عمل کرنے اس پر قائم رہنے کی توفیق دیتے اس کا خاتمہ ایمان سے کرتے یہ ہے۔ آیات سے مراد وہ خصوصی عنایتیں ہیں جو علم کو عطا ہوئیں جیسے اللہ تعالیٰ نے اسم اعظم کا علم اور اس کا مفعول الدعا ہونا قوم میں اعلیٰ عزت و عظمت بہت سے علوم و ایمان سے اور بھی مخصوص عنایتیں مراد ہیں (روح المعانی) اور نفس سے مراد ہے بہت شریف ذی آیتیں مراد ہیں شیں کا اعلیٰ علم **ولکنہ اخلد الی الارض** عمارت بھی یہ جملہ ہے اس سے جملہ عمارت پوشیدہ ہے **فلم نشا رفعتہ** (روح المعانی)۔ **اخلد** باب **خلد** سے معنی ٹھہر جانا رہ پڑنا اسی سے ہے **خلود** معنی ہمیشگی **خلدین فیھا ابدا** پھر اس رہنے

جھکنے کو طور کہنے لگے جس کے بعد انخلاع ہو یہاں یہ ہی معنی مراد ہیں اس لئے اس کے بعد **الی ارشدہ الارض** سے مراد یا تو یہ ہے چونکہ دنیا کی ہر چیز زمین سے پیدا ہوتی ہے اس سے رشد پر دل کر دنیا مراد لی گئی بعض مفسرین نے ارض سے مراد لذت و خواری لی ہے کیونکہ ذلیل آدمی زمین پر پڑا رہتا ہے۔ یعنی لیکن وہ تو دنیا کی طرف جھک گیا گر گیا کہ پھر وہاں سے نہ اٹھ سکے۔ بعض نے فرمایا کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ دنیا کی طرف جھک گیا۔ بھول کر کہ وہ یہاں ہمیشہ رہے گا (روح المعانی) یہ وہ عزت والا تھا مگر ذلت کے گڑھے میں گر گیا اس پر ہم نے اسے لو چا کرنا چاہا **واتبع ھواہ** ظلم کا دوسرا جرم ہے جو پہلے جرم کی وجہ سے تابع ہے۔ معنی ہیں پیچھے چلنا **ھوا** کے لغوی معنی ہیں خلا ہونا **افئدتھم ھواء** اگر **لو تھوی بہ الریح** نفسانی خواہش کو **ھوا** اس لئے کہتے ہیں کہ وہ علم سے خالی بھی ہوتی ہے اور انسان کو ذلت و خواری کے گڑھے میں گراتی بھی ہے یعنی **وہ ھدی** کو چھوڑ کے ھوی کے پیچھے لگ گیا یا اسے مراد لیتے قوم کے تخلف **ھوی** سے مراد ہے اپنی بیوی کی ضد پوری کرنا **فمثلہ کمثل الکلب** اس قرآن عالی میں ظلم کے دونوں مذکورہ جرموں کے انجام کا ذکر ہے اس میں ف جزائیہ ہے اور یہ عبارت ایک پوشیدہ شرط کی جزا ہے **لما کان کذالک فمثل** اور مثل کے فتح سے اس کے معنی کہاوت بھی ہیں اور حالت و کیفیت بھی یہاں دوسرے معنی میں ہے تمام جانوروں میں ذلیل تر جانور کتا ہے کہ وہ مُردہ بھی کھا تا ہے اور اپنے قے کئے ہوئے گوشت سے زیادہ پسند مردار گوشت ہے۔ اپنی قوم کا شمن ہے بہت حریص ہے کہ دو کتے ایک ہڈی کھاتے ہیں ظلم کی حالت کتے کی سی ہو گئی مگر کتے کی حالت میں سے بدترین حالت کی طرح کہ **ان تحمل علیہ یلھث او تترکہ یلھث** یہ عبارت یا تو **مثلہ** کا بیان ہے یا **الکلب** کا حال محل بنا ہے حمل سے جس کے معنی ہیں بوجھ لادنا بھی دھکا دینا بھی حملہ کرنا بھی یہاں تیسرے معنی مراد ہیں کیونکہ کتے پر تو کوئی بوجھ لادتا ہے۔ وہ اسے اٹھاتا ہے حملہ کرنے سے مراد ہے اسے لاٹھی مار کر دور کرنا بھگانا **یلھث** ہانپنا ہے **لھث** سے جس کے معنی ہیں کتے کا زبان باہر نکال کر ہانپنا دوسرے جانور تو سخت گرمی یا محنت میں ہانپتے ہیں مگر زبان نہیں نکالتے کتا آرام میں بھی زبان باہر نکال کر ہانپتا رہتا ہے اس ذریعہ سے سانس لیتا ہے **او تترک** معطوف محل علیہ پر ہے ترک سے مراد ہے اسے نہ مارنا دفع نہ کرنا یعنی ظلم کا حال اس کتے کا سا ہو گیا کہ اگر اسے دور کار کر بھگا دو تو بھی زبان باہر نکالے ہانپتے اور اگر اسے پیار کر کے پاس بٹھلاؤ تو بھی یہ ہی کرے بعض مفسرین نے فرمایا کہ چونکہ ظلم کی زبان بھی کھینچ کر اس کے سینے پر پڑی تھی یہ مارا کہ پچھلی آیت کی تفسیر میں کہا گیا اس لئے اسے کتے کی اس حالت سے تشبیہ دی گئی (بیضاوی مدارک وغیرہ) **ذلک مثل القوم الذین کذبوا بایتنا** یا صفحہ ہے جس میں یہ بتایا گیا کہ یہ مت سمجھنا کہ یہ حالت صرف ظلم ہی کی ہوئی ہم نے اس سے ولی تعلق نہیں تا قیامت جو شخص اور جو قوم اللہ کی آیتوں کو جھٹلائے وہ اس طرح ذلیل و خوار ہوتا رہے گا۔ **آیاتنا** سے مراد کتب اللہ کی آیات نبی کے معجزات بلکہ خود نبی کی ذات سب مراد ہیں کہ ان سب سے اللہ تعالیٰ کی شان معلوم ہوتی ہے حضور اور سراپا آیات الہیہ ہیں کہ آپ کی مراد عرصت آیتہ ایسا ہے یہ عیب آج تک یہود میں چلا آرہا ہے کہ نبی کی نظر بندی کی ہے (روح البیان) **فاقص القصص** اس قرآن عالی میں خطاب نبی علیہ السلام سے ہے یہاں ف جزائیہ ہے اور یہ جملہ پوشیدہ شرط کی جزا ہے **القصص** میں الف لام عہدی ہے یعنی یہ قصہ یہ واقعہ **قصص** صدر ہے۔ بمعنی مقصوص جیسے سلب بمعنی مسلوب (روح المعانی) یعنی جب یہ معلوم ہو گیا کہ ظلم کی مثال ہر منکر

www.alahazratnetwork.org

بات پر پیشاں ہے تو آپ یہ واقعہ لوگوں کو سنایئے اس لئے **لعلھم یتفکرون** یعنی تاکہ وہ غور کریں آپ انہیں یہ واقعہ سنائیے کہ وہ اپنے دل میں سوچیں کہ کہیں ہم تو بلعم کی طرح نہیں ہیں ہم تو متقی صوفی ہیں ہمارا یہ حال ہے۔

خلاصہ تفسیر اے محمد ہمارے بندوں پر تلاوت فرمائیے تو ان آیات کے ذریعہ بہت اچھا دیتے علم عمل صوفی سب میں رہتا اسی حالت میں مرتا اور اس قابل بہت ہی تو پیدا ہو جاتا وہ فرشتوں سے بڑھ جاتا لیکن وہ تو دنیا کی طرف مائل ہو گیا دست و خواری کی رسی پکڑ لی یعنی اپنے نفسانی خواہش کے پیچھے چل پڑا لوگوں کے تحفے تحائف اس دنیا کی صدا سے بھلی۔ انجام یہ ہوا کہ اس کی حالت کتے کی سی ہو گئی کہ اسے دھتکارو تو بھی وہ زبان نکالے ہوئے ہانپتا ہوا اگر اسے پچکارو کچھ کھلاؤ تو بھی اس کا یہی حال بلعم کی بھی زبان باہر نکل پڑی وہ کتے کی طرح ہانپتا رہا یہ حالت صرف بلعم کی نہیں بلکہ ہم بھی ہماری اکثر نیتیں تحلائیں ان کی حالت بھی یہی ہے کہ وہ صورت میں انسان ہیں سیرت میں دلیل و خوار کتے تو اے محبوب یہ واقعہ انہیں سنائیے تاکہ یہ سب خصوصاً یہود و نصاریٰ اور اپنے حال میں تامل کریں سوچیں کہ کہیں وہ تو بلعم سے مختلف نہیں چل رہے ہیں۔

فائدے اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ صرف قرآن سے قرآن پڑھنے سے جتنا علم ملتا ہے تورب کے فضل و کرم سے ملتا ہے منافقین بھی قرآن پڑھتے تھے یہ فائدہ **لو شئنا لرفعناہ** سے حاصل ہوا۔ اگر ہم چاہتے تو اسے آیات الٰہیہ سے درجہ بلندی بخشتے دوسرا فائدہ اگر دل میں ہی سے عداوت ہو تو قرآن اس کے لئے وبال ہے دیکھو بلعم حضرت موسیٰ علیہ السلام سے مخالف ہو گیا تو سے آیات الٰہیہ آئیں۔ اس واقعہ سے وہ لوگ عبرت پکڑیں جو حسد، انور سے عداوت رکھ کر لوگوں کو قرآن سناتے پھرتے ہیں دل میں جی کی اللت آتی ہے پہلے بعد میں قرآن مجید کا لور داخل ہوتا ہے ہم نے عرض کیا ہے۔

وہ جس کو لے ایمان ملا ایمان تو کیا رحمن ملا — قرآن بھی سب ہی پڑھتے ہیں یاسین سے دونوں جہان پایا

تیسرا فائدہ ہی کا تاریخ عالم سے کی طرح دلیل و خوار ہے اسے۔ دنیا میں عزت ملے نہ آخرت میں وہ بلعم۔ اللہ تعالیٰ! فرشتوں وغیرہ کا منکر۔ تھا وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مخالف ہوا تو رب نے اسے کتے کی مثل حالت سے بدتر بنا دیا۔

چوتھا فائدہ اسلاف سے سند حاصل کرنا چاہئے تو فرشتوں سے افضل ہے اور اگر اچھا تو کتے جیسا نجس ہے یہ بات بھی قرآن سے ثابت ہوئی۔

لہیت الکلاب لما کانت مجاورۃ — ولیتنا صاری محمص نری احدا

ان الکلاب لتھدا فی مرابضھا — والناس لیس بھا و شرھم ابدا

حضرت قفیہ ابو اسحٰق رحمۃ اللہ علیہ جس سے متعلق فرمایا کرتے تھے۔

الکلب احسن عشرۃ — وھوالنھایتہ فی الخساسہ

محمص یبالغ فی الریا — سمتہ فیں لوقات الریاسہ

خلاصہ یہ ہے کہ شریر بڑی سے بڑے کتے سے بدتر ہے کہ کتے کے شر سے بچا جا سکتا ہے مگر شریر انسان کے شر سے بچنا مشکل ہے جو شخص ریاست کے قابل نہ ہو اور ریاست طلب کرے وہ کتے سے بڑھ کر خسیس ہے (روح المعانی)۔ پانچواں فائدہ علماء

www.alahazratnetwork.org

سوء اور عابدین سوء ہوتوں اور بت پرستوں سے بدتر ہیں دیکھو رب تعالیٰ نے بتوں اور بت پرستوں کو علمی اور عملی بے بسی ہی ہے مگر رہے عالم و عابد ہونے سے بے بسی ہی معلق عالموں سے افضل ہے اس لئے متعلق رشاد ہوا **انما یخشی اللہ من عبادہ العلمؤا۔**

نوٹ ضروری یہاں تفسیر روح المعانی سے ایک خط نقل فرمایا جو حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی نے امام فخر الدین رازی کو لکھا اس کا خلاصہ یہ ہے کہ مصنف میں دو علم ہیں علم تعلق علم دین پھیلانے کے لئے حق تعالیٰ سے دیا جاتا ہے اس کے ساتھ ہوا و ہوس نہیں ہوتی یہ علم تعلق عالم کو **ھوی** (نفسی خواہش) سے محفوظ رکھتا ہے کیونکہ **ھوی** ایک قسم کا علم کے سمندر کو گدلا کر دیتا ہے۔ دوسرا علم **ھوی** سے ملی ہوئی ہوتی ہے صحیح علمی میں وارث نبی حاشیہ رہوں سے بچتا ہے ایسے عالم کا علم عمل نیز ہیں اور عمل نیز علم میں سرت ہوتا ہے اس کی برکات یہاں بھی اور آخرت میں بھی جہاں عیاں ہے وہاں برہان کی ضرورت نہیں۔ پھر فائدہ علم میں بندہ کا فضل ہے اور علم تعلق فضل خاص ہے تو قرآن نے کئی جگہ عزت بخشی ہو گئی کہیں یہ علم **نرفع من نشاء** سے حاصل ہوا کہیں **نرفعہا** سے سب کے سب فرمائے۔

یرفع اللہ الذین امنوا منکم والذین توا العلم درجت علم میں عدالت ہیں ہوتی عزت و وقار سب کچھ ہے۔

تنگ و گدا نہ شو بدی صد وقار ہی ۔۔۔ ۔۔۔ ہی عزت ہی اقتدار ہی

بے علم چون دو نیم بہ ہزاراں شوق بر خوانم ۔۔۔ ۔۔۔ ہی روئی ہی قرار ہی

ساتواں فائدہ علم تعلق سب کی ہدایت پسند فرماتے مگر سب کی ہدایت کا ارادہ نہیں فرماتے محبت کا ارادہ اور مشیت میں فرق ہے دیکھو سب کو یہاں سے حکم ہے **اسوا باللہ ورسولہ** مگر سب کے ایمان کا ارادہ نہیں یہ فائدہ **لو شئنا** سے حاصل ہوا۔

پہلا اعتراض اس بحث میں رشاد ہوا کہ تم چاہتے تو سب کو ہدایت دیتے جس سے معلوم ہوا کہ اللہ نے سب کو ہدایت نہیں چاہی جب رب نے نہیں چاہی تو ہم کیا کر سکتے تھے جواب ہم تمہارے پہلے سے شروع میں مسئلہ تقدیر کے بیان میں دے چکے ہیں رہا **ولو شاء اللہ لما اقتتلوا** یہاں تک کہو کہ یہاں اس جگہ بھی رشاد ہے **ولکنہ اخلد الی الارض واتبع ھواہ** حکم کی تعمیل سے دو سبب ہوتے ہیں ایک حکم کا علم ہونا دوسرے اپنی خواہش کے نیچے چاہنا دونوں میں سے پہلے سبب کے متعلق اختیار پر اس کی پکڑ ہے اخلاق اللہ نے سب بندوں کو اس کے دونوں سبب اختیار میں دیئے ہیں۔ دوسرا اعتراض بندر اور سور تو مسخ کر دیئے گئے تھے کہ تم تو رب تعالیٰ سے بندر سور کیوں نہیں بنائے جواب بندر اور سور تمہارے ہیں حقیقی اور مسخ شدہ سور بے حیائی میں مشہور ہے کہ اپنی ماں سے بھی دو سرا نہیں کرتا بے حیائی میں مشہور ہے اگر دیوانہ ہو کر کسی کو لات مارے تو ساتھ کے رہنے سے بیس برس بعد حضرت اس کا ظاہر ہوتا ہے باقی اس کی خباثتیں ہم ابھی تفسیر میں عرض کر چکے گھر میں اگر بلا ضرورت کتا پالا ہو تو رحمت کے فرشتے نہیں آتے سور کے متعلق کسی حدیث میں یہ ارشاد نہیں۔ تیسرا اعتراض حضور اور سے طالب دیدار ہوتے ہے یوں شیعہ ہی ہے

www.alahazratnetwork.org

فرماتے ہیں **الدنیا جیفۃ وطالبھا کلاب** دنیا مردار ہے اور طالب دنیا کتے ہیں کوئے بھی مردار کھاتے ہیں۔ **جواب** اس نے کہ کتا مردار خور بھی ہے مگر ساتھ ہی حریص بھی اور اپنی قوم کا دشمن بھی۔ دو چار کتے کا مردار ہو یا تازہ وہ تنہا گوشت کھا نہیں سکتا مگر دوسرے کتے کو آنے نہیں دیتا اس پر غراتا ہے مگر ایسے موقعہ پر وا شور مچا کر دوسرے کتوں کو بلا لیتا ہے دنیادار انسان کا بھی یہی حال ہے کہ وہ چاہتا ہے کہ میں ہی اکیلا کھاؤں دوسرا نہ کھائے لہٰذا طالب دنیا کتے کو نہیں جتنی وہ حرص کرتا ہے اتنا کما نہیں سکتے حضور انور کا ایک ایک لفظ انمول موتی ہوتا ہے **چوتھا اعتراض** جب یہ دلیل اور اسقدر پختہ ہے تو اصحاب مصطفےٰ مارے دوارے پرے کیوں رکھا یا پھر اسے اپنی عورتیں کیوں دی گئیں۔ اس کا جواب حرمت کے ساتھ قرآن مجید میں ہے۔ **جواب** دو وجہ سے ایک یہ کہ کتا باوجود اتنی ذلت و خواری کے رکھوالی خوب کرتا ہے اسے ان حضرات کا پڑوسی اور دربان بنایا گیا۔ دوسرے اس لئے کہ حضرات اولیاء اللہ کی عزت و عظمت ان کے نفس و ذات کا لحاظ مقصود ہے کہ ان کی صحبت و خدمت کی وجہ سے جیسے حقیر پانی اور عام دوا عرق گلاب پینے سے بہت بیماریوں میں مفید ہوتا ہے راحت سردی گرمی سے حفاظت جیسی نعمتیں مل جاتی ہیں تو خواص اولیاء اللہ کے استعمال کی حالت سے یہ کتا بھی گویا کچھ حضور انور کا قرب یعنی ساتھ رہنے والا شیطان اس پر بھی اللہ کا کرم ہوا کہ وہ مسلمان ہو گیا جیسا کہ حدیث شریف سے **ولکن اللہ اعاننی علیہ فاسلم فلا یامرنی الا بخیر** (حدیث شریف) جب حضور انور سے قرب سے شیطان کی حقیقت بدل دی تو خواص بارگاہ اس حکیم مطلق کے ساتھ سایہ کی طرح رہنے والے کیسے بیباک نہ ہو گا۔ پانچواں **اعتراض** یہاں سے کی اس حالت نماز کیوں ہوا۔ اگر تو اس پر حملہ کرے تو وہاں نکالے کرے تو وہاں نکالے اس تذبذب میں کیا حکمت ہے۔ **جواب** یہ اس لئے کہ حضور فی الحال اس وقت یہ ہی ہو گیا تھا کہ وہاں باہر نکل پڑی تھی ہر وقت ہانپتا رہتا تھا اس لئے کہ جب کتا اس طرح ہانپتا ہے تو اس وقت وہ کوئی کام نہیں کر سکتا نہ تو شکار کر سکتا ہے نہ کھا پی سکتا ہے یوں ہی حریص و طماع عالم و عابد سوا زبان چلانے کے اور کچھ نہیں کر سکتا اس کے کلام میں اثر نہیں صحبت میں نیض نہیں وہ صرف بوجھ ہی ہوتا ہے یہ محض دنیاداروں کے سامنے اپنے فضائل و کمالات میں ہی زبان چلاتا رہتا ہے اس سے دنیا اپنے نفس کی حرص پوری کرتا ہے یہ محض بے فائدہ ہے یا پھر وہ تو ہر وقت ہانپتا ہی رہتا ہے یوں ہی حریص عالم و عابد ہر وقت حرص کے پنجے میں گرفتار رہتا ہے مگر حریص عالم و عابد اوست طرح پنجے کتے سے مشابہت ہے (تفسیر کبیر)

تفسیر صوفیانہ: روح انسانی کا میلان عالم علویت کی طرف ہے نفس امارہ کا میلان سفلیات کی جانب علم و عبادت گویا نفس کے پیر ہیں جیسے پیر اوپر کے ذریعہ اوپر چڑھتا ہے اور نیچے پروں سے نیچے گرتا ہے مگر علم و عمل کا تعلق روح سے ہو جاوے تو یہ دونوں پر انسان اوپر ہی پہنچتے ہیں جہاں فرشتے نہ پہنچیں علم کی وجہ سے حضرت آدم کو ملائکہ ہوئے اللہ بنے **وعلم ادم الاسماء کلھا** یہ تھی عالم بالا کی طرف پرواز اور ریاضاتی علم و فضل ہی کی وجہ سے شیطان **اسفل السفلین** میں پہنچا اگر علم کے ساتھ عشق رسول حب خدا وابستہ ہو جاویں تو یہ اوپر کی طرف پرواز کرتے ہیں علم کے ساتھ حرص و طمع رچ مل جاویں تو پھر یہ ہی علم و عمل اسے نیچے گراتے ہیں۔ علم یا علم اس قدر وسیع علم کے باوجود ہانپنے والا کتا بن گیا حرص کی وجہ سے حالانکہ وہ دوست خدا تھا مگر قوم کے تحفے تحائف اسے اڑے شامیں اور گندھ دوسروں کے پاس پہنچیں مگر

www.alahazratnetwork.org

شاہین اپنے پروں سے ان طرف جاتا ہے اور مدعا اپنے پروں سے مراد پر کرتا ہے۔

شاہین کا جہاں اور ہے کرگس کا جہاں اور

مومن سعید اپنے علم، عمل سے اسی دنیا سے رب تک پہنچتے موت کی شکل یہ ہوتی ہے۔

ہاتھ میں تسبیح ہو اور ہونٹ پر ہو تا رہے ساس چلتا رہے

آخری وقت ہو اس نے قدموں میں سر سجدہ ہوتی رہے دم نکلتا رہے

سَآءَ مَثَلًا الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۷۷﴾

بری ہے مثال میں وہ قوم جنہوں نے جھٹلایا ہماری آیتوں کو اور اپنی جانوں پر ہی ظلم کرتے تھے

کیا بری مثال ہے ان کی جنہوں نے ہماری آیتیں جھٹلائیں اور اپنی ہی جانوں پر ظلم کرتے تھے

مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَاُولٰٓئِكَ

وہ جسے ہدایت دے اللہ پس وہ ہی ہدایت والا ہے اور وہ جسے گمراہ کردے اللہ پس یہ لوگ

جسے اللہ راہ دکھائے تو وہ ہی راہ پر ہے اور جسے گمراہ کردے تو وہ ہی نقصان

هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۷۸﴾

والے ہیں

والے ہیں۔

تعلق اس آیت کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق پچھلی آیت کے آخر میں ارشاد ہوا تھا کہ ظلم کی طرح کافر آیات کھلانے سے اعمال سے ارشاد ہوا تھا کہ اس سے اعمال ضائع ہوجاتے ہیں۔ اب ارشاد فرمایا کہ ان کی مثال بری ہے۔ ظلم کا وبال اپنے اوپر پڑتا ہے۔ دوسرا تعلق پچھلی آیت میں حضور کو خطاب تھا کہ آپ کا کام یہاں سوا پہنچا دینا ہے۔ ہدایت دینا اللہ کا کام ہے۔ تیسرا تعلق پچھلی آیت میں حضور کو خطاب تھا کہ آپ کا کام یہاں سوا پہنچا دینا ہے۔ ہدایت دینا اللہ کا کام ہے۔ چوتھا تعلق پچھلی آیت میں ارشاد ہوا تھا کہ آپ کا کام یہاں سوا پہنچا دینا ہے۔ ہدایت دینا اللہ کا کام ہے۔ اب ارشاد ہو

www.alahazratnetwork.org

تفسیر ساء مثلا یہ جملہ یا ہے چونکہ اس کا تعلق پچھلے مضمون سے ہے اس لئے واؤ ابتدائیہ نہ دیا گیا عربی جاننے والے سے بخوبی جانتے ہیں کہ ساء اور حبذا وغیرہا ایسے افعال ہیں جن کا استعمال چند طرح ہوتا ہے یہاں ان کا فاعل **ھو** ہے جس کی تمیز ہے مثلا یہاں مثل یا تو معنی کہاوت ہے تو مطلب یہ ہے کہ کفار کے لئے بدترین کہاوت ہاں انکا اپنے ہوئے کتے کی طرح ہے اس سے زیادہ بری کہاوت نہیں ہو سکتی اور **مثل** معنی حالت و کیفیت ہے یعنی بدترین حالت کفار کی ہے اچھا دونوں ہی بظاہر اچھی سامنے میں نظر آتیں **القوم الذین کذبوا** بتنابہ عبارت عون آیت سے **ساء مثلا** کا مخصوص ہے یا تو اس کا مبتدا ہے یا **ھو** پوشیدہ کی خبر ہے یہاں رہے کہ **القوم** سے پہلے **مثل** پوشیدہ ہے کیونکہ فعل ذم کا فاعل تمیز اور مخصوص ایک ہی چاہئے چونکہ قوم مفرد تو حدت گر سکتی ہے اس لئے **الذین اور کذبوا** جمع فرمایا گیا آیات سے مراد قرآنی آیات ہیں یا عمومی آیتیں اور حضور ﷺ کے معجزات ہیں کہ یہ سب معرفت الہیہ کی نشانیاں ہیں **وانفسھم کانوا یظلمون** یہ جملہ یا تو **کذبوا** پر معطوف ہے اور دونوں ماضی ہیں یا حال ہے واؤ حالیہ ہے **انفس** جمع ہے **نفس** کی معنی ذات یا جان ہے **یظلمون** پر مقدم کرنے سے حصر کا فائدہ حاصل ہوتا ہے وہ لوگ صرف اپنی جانوں یا ذاتوں پر ہی ظلم کرتے ہیں اس کا پہلو خود ان ہی پر پڑتا ہے کیونکہ انسان پر سب سے زیادہ حق اس کی اپنی نفس کی ذات اپنی جان کا ہے کہ نیک عقیدے نیک کام کرکے دارین کے بھلے حصے حاصل کرے اس لئے سب سے بڑا ظالم وہی ہے جو خود اپنے نفس کا حق مارے اسے ستائے **من یھدی اللہ فھو المھتدی** یہ عبارت گذشتہ مضمون کی تائید اور تاکید ہے **من** سے مراد سارے انسان ہیں **یھد** میں ہر قسم کی ہدایت داخل ہے ہدایت ایمان ہدایت اعمال ہدایت افعال ہدایت احوال ہدایت سے مراد وہ کھلا ہدایت کی آیت اتار دینا نہیں ہے کہ یہ تو سب کے لئے کر دیا گیا ہے بلکہ اس سے مراد ہدایت قبول کرنے کی توفیق دینا یہ کسی کسی کو نصیب ہوتی ہے جس پر اللہ تعالیٰ فضل و کرم فرمائے چونکہ ہدایت ایک ہی چیز ہے کہ تمام گمراہیوں برائیوں سے بچالے اور **من** لفظ واحد اس لئے **ھو اور مھتدی** واحد ارشاد ہوا **مھتدی** کے معنی ہیں ہدایت پانے والا یعنی **مھدی** متعدی ہے اور **مھتدی** لازم یعنی جسے اللہ تعالیٰ ہدایت دے کہ اسے ہدایت قبول کرنے کی توفیق ملے ہدایت پانے والا صرف وہی ہے یہ نعمت بھی اللہ تعالیٰ کے رحم کے نصیب ہوتی **ومن یضلل فاولئک ھم الخسرون** یہ تصویر کا دوسرا رخ ہے یہاں بھی **من** سے مراد انسان ہیں کیونکہ فرشتے وغیرہ گمراہ نہیں ہوتے **من** لفظ واحد سے تو معنی ہیں کہ اس سے مراد سارے گمراہ لوگ ہیں اور گمراہیاں بہت سی قسم کی ہیں گمراہ بہت طرح کے لوگ الوہیت سے منکر، بہت سے توحید کے منکر، قیامت کے منکر، نبوت کے منکر کسی خاص نبی کے انکاری، پھر معاصی میں بدعمل لوگ بدخصلتیاں بہت سی قسم کی ہیں یوں ہی اس کا خسارہ اور نقصان بہت طرح کا ہے جس کے گمراہ کرنے سے مراد یہ نہیں ہے کہ اس سے وہ سب کچھ چھین لے جو اس نے آیت میں بھیجے کہ یہ تو ناممکن ہے بلکہ اس سے مراد اس کو ہدایت قبول کرنے کی توفیق نہ دینا خود اس کی بری حرکتوں کی وجہ سے اس کے دل میں گمراہی پیدا کرنا وغیرہ اللہ آیت واضح ہے یعنی جسے اللہ تعالیٰ گمراہ کرے وہی پورے خسارہ والا ہے۔

خلاصہ تفسیر: جو قوم الذین آیتوں یعنی اللہ کے کلام اس کے نبیوں اور نبیوں نے فرمان اس کے معجزات کو جھٹلائے یہ ہیں اس کی حالت بہت ہی بری ہے اس بدترین مثال کی مثل صادق آتی ہے جس سے فضلہ ہی ہو کوئی فائدہ نہ ہو جیسے وہ کتے

www.alahazratnetwork.org

کسی کا کچھ نہیں بگاڑتے اپنے پر ہی ظلم کرتے ہیں اپنی دنیا بگاڑ لیتے ہیں کہ اپنے کو دائمی عذاب کا مستحق کر لیتے ہیں اے اللہ کے بندو ظلم کا واقعہ سن کر یہ یقین کر لو کہ ہدایت اللہ تعالیٰ کی خاص نعمت ہے یہ نعمت صرف اپنی کوشش اپنے علم و عبادات سے نصیب نہیں ہوتی یہ تو خاص عنایت ربانی ہے جس پر وہ کرم کر دے وہ ہدایت پر ہو گا ہدایت پر رہے گا اور جسے وہ گمراہ رکھے کہ اس کی حرکتوں کی وجہ سے اسے یہی مناسب تو وہ پورے پورے انصاف میں ہے۔

فائدے اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ** کفار کی برائی کرنا ان کی بری مثالیں دینا ان کے بتوں ان کے بزرگوں کی برائی بیان کرنا سنت انبیاء ہے۔ دیکھو رب تعالیٰ نے یہود کے سردار ظلم ابن باعورا کو ہانپتے ہوئے کتے سے تشبیہ دی ظلم ان کا بڑا پوری پوپ تھا دوسری صدی عیسوی میں مخلوق کے متعلق قرآن مجید فرماتا ہے **عتل بعد ذلک زنیم** ان برائیوں کے بعد وہ حرامی بھی ہے۔ **دوسرا فائدہ** تمام کفروں کی جڑ ہی ان کے فرماں ان کے معجزات کا انکار کرنا ہے اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بندہ رب تعالیٰ کا انکار کرتا ہے یہ فائدہ **الذین کذبوا بایاتنا** سے حاصل ہوا۔ **تیسرا فائدہ** ہدایت اللہ تعالیٰ کی بڑی نعمت ہے جو محض اس کے کرم اس کی مہربانی سے حاصل ہوتی ہے علم، عمل، زور، طاقت وغیرہ سے حاصل نہیں ہوتی۔ یہ فائدہ **من یھدہ اللہ** سے حاصل ہوا ہم نماز کی ہر رکعت میں پڑھتے ہیں **اھدنا الصراط المستقیم** یعنی ہدایت کی دعا مانگتے ہیں۔ **چوتھا فائدہ** ہدایت اور گمراہی سب رب تعالیٰ کی طرف سے اس کے ارادے سے ہے یہی اہل سنت کا عقیدہ ہے **والقدر خیرہ وشرہ من اللہ تعالیٰ** یہ فائدہ **ومن یضلل** سے حاصل ہوا۔

پہلا اعتراض قرآن مجید فرماتا ہے **ولا تسبوا الذین یدعون من دون اللہ فیسبوا اللہ عدوا بغیر علم** کفار کے جھوٹے معبودوں کو برا نہ کہو ورنہ وہ اللہ تعالیٰ کی شان میں گستاخی کریں گے مگر یہاں رب تعالیٰ نے ظلم کو کہنے کی طرح فرمایا تمہیں میں تعارض ہے۔ **جواب** اس اعتراض کے بہت جواب ہیں قوی جواب یہ ہے کہ وہ آیت منسوخ ہے اس کی ناسخ یہ ظلم والی آیت اور دوسری آیات ہیں یا یوں کہو کہ بلا ضرورت انہیں برا نہ کہو **ضرورۃً** کہہ سکتے ہیں۔ **دوسرا اعتراض**۔ کسی کو کتا گدھا وغیرہ کہنا تہذیب کے خلاف ہے اس سے اپنا منہ ہی گندا ہوتا ہے قرآن مجید نے جو کہ اعلیٰ درجہ کی مہذب کتاب ہے یہ طریقہ کیوں اختیار فرمایا۔ **جواب** جی ہاں یہ آج کل کی فرنگی تہذیب کے خلاف ہو گا مگر یہ مہذب لوگ جب اپنی دولت اور علم پر بڑے تو یہ تعلیم بھول جاتے ہیں اپنی ذاتی معاملات میں برداشت کر لو مگر اللہ کے رسول کے دشمنوں کو کبھی طرح برا کہو ہم تو نماز میں پہلے شیطان کو برا کہتے ہیں پھر تلاوت شروع کرتے ہیں **اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم** قرآن مجید کی پوری ایک سورت ابولہب ہے اس کی بیوی ام جمیل کی برائی میں آئی ہے۔ **تیسرا اعتراض**۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ گمراہ کرتا ہے دوسری آیات میں ہے کہ شیطان گمراہ کرتا ہے کونسی بات درست ہے۔ **جواب** دونوں باتیں درست ہیں شیطان گمراہ کرتا ہے اس طرح کہ وہ بندے کو گمراہی کی رغبت دیتا ہے اسباب جمع کرتا ہے اللہ تعالیٰ ان اسباب کے جمع ہونے پر اس میں گمراہی پیدا کر دیتا ہے خالق رب ہے کاسب بندہ ہے گمراہ کن ابلیس ہے۔ مقتول کے متعلق کہا جا سکتا ہے کہ فلاں قاتل نے اسے مارا اور یہ بھی کہ رب نے اسے مارا۔

www.alahazratnetwork.org

تفسیر صوفیہ اللہ کی نعمتوں کا شکریہ ان کی بقا بلکہ زیادتی کا ذریعہ ہے ناشکری زوال نعمت کا سبب پھر ہر نعمت کا شکریہ علیحدہ ہے اللہ کے نبی اس سے مستثنیٰ ہیں ان کے احوال فرض اللہ تعالیٰ کی نعمتیں ہیں بلکہ اعلیٰ نعمتیں کہ دنیاوی نعمتیں فانی ہیں وہ نعمتیں باقی جو ان کا شکریہ ادا کرے گا انشاء اللہ ایمان پر قائم رہے گا جو ان کی ناشکری کرے گا اس سے چھین لی جائیں گی یہاں ارشاد ہے کہ جھٹلانے والوں سے جو نعمت کا شکریہ ادا نہ ہوا اس لئے وہ اپنے نفس پر ظالم ہوئے ان کا حال خراب ہو جسے اللہ ہدایت دے کہ شکر کی توفیق دے وہ ہدایت پر قائم رہے گا اور جسے اللہ گمراہ کرے کہ شکر کی توفیق نہ ملے وہ پورے نقصان میں رہے گا کہ وہ ہدایت کھو بیٹھے گا ایک نبی نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کیا کہ مولیٰ تو ہم انبیاء کو اس گمراہی کا سبب کیا ہوا فرمایا کہ اس نے اپنے علم و عمل کا شکر کسی دن دانہ برابر بھی شکر ادا نہ کیا تھا جب برادران یوسف علیہ السلام نے حضرت یعقوب علیہ السلام کو جناب یوسف کی زندہ صحت بلکہ سلطنت و حکومت کی خبر دی تو آپ نے پوچھا کہ وہ کس دین پر ہیں انہوں نے عرض کیا **علی دینک و دین ابائک ابراھیم واسحق** وہ اسی دین پر ہیں جو تمہارے باپوں اور حضرت اسحاق و ابراہیم علیہ السلام کا ہے تب آپ سجدے میں گرے اور بولے آج میری دی ہوئی تعبیر پوری ہوئی اللہ نے نعمت پوری کر دی اللہ کے بعد دوں کا معاملہ خطرناک ہے عمر تقصیر ہے عمل میں تقصیر ہے حساب لینے والا بصیر و خبیر ہے اگر وہ بخش دے تو **فالملک علی اللہ یسیر** الٰہی بندہ حقیر کی امید حقیر پوری کر اے سمیع و بصیر (از روح البیان) اللہ تعالیٰ بغیر نبی کے دیدہ کسی کو کسی کے نیک عمل کو پوچھتا بھی نہیں اگر کسی کا وسیلہ میسر ہو تو اپنے فضل سے بد عمل بھی بخش دیتا ہے کوئی شخص کسی درجہ پر پہنچ کر نبی کے دروازے سے بے نیاز نہیں ہو سکتا۔

وَلَقَدْ ذَرَأْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ ۖ لَهُمْ قُلُوبٌ لَّا يَفْقَهُونَ

اور بے شک پیدا کئے ہم نے واسطے دوزخ کے بہت جنات اور آدمیوں میں سے کہ ان کے دل ہیں کہ نہیں سمجھتے وہ

اور بے شک ہم نے جہنم کے لئے پیدا کئے بہت جن اور آدمی وہ دل رکھتے ہیں جن میں سمجھ نہیں

بِهَا وَلَهُمْ أَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُونَ بِهَا وَلَهُمْ آذَانٌ لَّا يَسْمَعُونَ بِهَا ۚ

ان سے اور واسطے ان کے آنکھیں ہیں کہ نہیں دیکھتے وہ ان سے اور واسطے ان کے کان ہیں کہ نہیں سنتے

اور وہ آنکھیں جن سے دیکھتے نہیں اور وہ کان جن سے سنتے نہیں وہ چوپایوں کی طرح

أُولَٰئِكَ كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ ۚ أُولَٰئِكَ هُمُ الْغَافِلُونَ ﴿١٧٩﴾

وہ ان سے یہ لوگ مثل جانوروں کے ہیں بلکہ وہ زیادہ گمراہ ہیں یہ لوگ وہ غافل ہیں بے خبر ہیں

ہیں بلکہ ان سے بڑھ کر گمراہ یہ لوگ وہ غافل ہیں بے خبر ہیں۔

www.alahazratnetwork.org

تعلق: اس آیت کریمہ کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا **تعلق** پچھلی آیت میں مذکور اس جملے سے ہوا کہ وہ ہدایت پر گمراہ ہوگئے اب اس آیت کریمہ میں اس بھٹکنے کی وجہ ارشاد کرتا ہے کہ اس کی پیدائش دوزخ کے لئے تھی لہذا اس کی وہ ہدایت نارضی تھی جو رائی ہوئی سے حاصل ہوئی۔ دوسرا **تعلق** ابھی پچھلی آیت میں ارشاد ہوا تھا کہ صحیح ہدایت یافتہ وہ ہے جسے اللہ ہدایت دے اور حقیقی گمراہ وہ ہے جسے اللہ گمراہ کرے اب اس کی تفصیل کی جارہی ہے گویا یہ آیت کریمہ پچھلی مکمل آیت کی تفصیل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے گمراہ کرنے سے بھی یہ نہیں کہ اسے دوزخ کے لئے پیدا کیا جارہا ہے۔ **تیسرا تعلق** پچھلی آیت میں ہدایت اور گمراہی دونوں طالب میں سے قابل اعتبار کو ذکر کرے بہتر گمراہی یا ہدایت وہی ہے جس پر وہ پیدا کیا گیا اور جس پر اس کا خاتمہ ہونا ہے زندگی کے حالات ثانوی اعتبار سے گویا ہدایت و گمراہی کی جنس کا پہلے ذکر تھا اس کی خاص نوع ذکر کی ہے۔

تفسیر ولقد ذرانا لجھنم: جو خدا اس آیت کا مضمون بہت مشکل ہے عوام کی عقل سے ورا ہے جب عقل اس کا انکار کردیتی ہے اس کے لئے لام اور قد کے ساتھ مؤکد کیا گیا ذرا کے لغوی معنی ہیں نشر کرنا، پھیلانا اسی سے **ذریت** کی اسل اس کی نسل جو بہت دور پھیلی ہو مگر اصطلاح میں یہ معنی خلق و عمل آدمی کے پیدائش پھیلاؤ کا ذریعہ ہے یہاں یہ ہی معنی مراد ہیں (روح البیان) **لجھنم** میں لام مقصد و علت کا نہیں بلکہ عاقبت و انجام کا ہے لہذا یہ آیت اس آیت کے خلاف نہیں کہ **وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون** تفسیر روح المعانی، خازن و روح البیان (وغیرہ) جہنم اللہ تعالیٰ کے سخت قہر جلال کا نام ہے یہ اصل میں **جاہ نم** تھا یعنی گہرا کنواں یا جہنم تھا کہا جاتا ہے یہ جہنام یعنی بہت ہی گہرا کنواں چونکہ اس کا گہرائی و قعر میں فاصلہ پچھتر سو سال کا ہے جبکہ زمین و آسمان کے فاصلہ سے بہت زیادہ کہ زمین و آسمان میں فاصلہ صرف پانچ سو سال کا ہے اس لئے کہا جاتا ہے اس میں گرنے والے دونوں قسم کے ثقلین جن اور انسان ہمیشہ حرارت و زمہریر سہتے رہیں گے (روح البیان) **من الجن والانس**: یعنی ہم نے دوزخ میں جانے والے کام کرنے کے لئے پیدا کئے **کثیرا من الجن والانس**: یہ عبارت **ذرانا** کے مفعول سے کثرت سے مراد اصلاً کثرت ہے کیونکہ جن و انس میں کئی ہزار نو سو ننانوے دوزخی ہیں (ایک صحیح حدیث شریف) **من الجن من** تو کثیرا کے بیان کے لئے یا تبعیض کے لئے ہے جن کے معنی ہیں چھپی مخلوق اسی سے ہے جنت (باغ) جس کے درختوں وغیرہ کی وجہ جنات انسانوں کی نگاہ سے چھپے ہوئے ہیں لہذا ہر جس کہا جاتا ہے انس کے معنی ہیں ظاہر ہونا اسی سے دیکھنے کو ایناس کہا جاتا ہے **انس من جانب الطور نارا** جیسے **انی انست نارا** چونکہ اسل عام مخلوق سے خاص ہی رہتی ہے اسی سے اسے انس کہا جاتا ہے چونکہ جنات پیدائش میں انسان سے بہت پہلے ہیں یہ آدم علیہ السلام سے بھی پہلے پیدا ہو چکے تھے یہاں تک عمریں انسانوں سے بہت بڑی ہیں یہ بھی انسانی قوتیں انسانوں سے بہت بڑھ رہیں یہ چاہیں تو انسان سے زیادہ لطیف عمل کریں اس لئے جن کہا گیا ہے اس لفظ میں جن عام مخلوق سے انسان خاص (روح البیان) جیسے رہے کہ انسانوں کی طرح جنات بھی احکام شرعیہ کے مکلف ہیں۔ ہمارے حضور جیسے سارے انسانوں کے نبی ہیں ایسے ہی سارے جنات کے نبی ہیں اس لئے آپ کا لقب ہے رسول الثقلین۔ گزشتہ انبیاء کرام جیسے خاص حلقے کے انسانوں کے نبی ہوتے تھے ایسے ہی خاص حلقے جنات کے (روح البیان) عام طور جنات

www.alahazratnetwork.org

میں اولیاء علماء صالحین ہیں مگر نبی رسول صرف انسانوں میں سورۂ احقاف میں ہے کہ جنات نے قرآن سن کر اپنی قوم سے کہا **سمعنا کتبا انزل من بعد موسی** جس سے معلوم ہوا کہ وہ توراۃ کے ماننے والے تھے اور اب قرآن پر ایمان لائے **لھم قلوب لا یفقھون بھا۔** آیۃ کثیراں صفت یا حال ہے اس میں **لھم** خبر مقدم ہے اور **قلوب** مبتدا مؤخر جس سے حصر کا فائدہ ہو گیا یعنی صرف غافلوں ہی میں رہنے والے مومنین کی ان سے جدا کے فصل سے سمجھ لیے گئے قلوب جمع ہے قلب کی قلب کے متعلق ہم پہلے پارہ میں **فی قلوبھم مرض** کی تفسیر میں عرض کر چکے ہیں کہ یہ لطیفہ ربانی ہے جس کی تفصیل وہیں پارہ گزشتہ سے لے لیں ہم نے کہا ہیں **لا یفقھون بھا۔ قلوب** ہی صفت ہے اس کے دو معنی ہیں **فقہ فقہ** کے سر سے سمجھ **فقہ** کے پیش سے عالم فقیہ ہو گیا اصطلاح میں دینی سمجھ دینی علم کو فقہ کہتے ہیں یہاں **لا یفقھون** کا معنی یہ پڑیدہ ہے آیت محدثہ یہ ہدایت جن کی جنہوں کے پاس ہیں قرآن گروہ ان سے آیات الٰہیہ نہیں سمجھتے نیز دو قسم کی قرآن میں فرق نہیں رہتے **ولھم اعین لا یبصرون بھا** یہ عبارت پہلے جملہ **لھم قلوب** پر معطوف ہے اور کثیراں دوسری صفت یا حال **اعین** جمع ہے **عین** کی معنی آنکھ **لا یبصرون** کا معنی **بہ** محذوف ہے آیات محدثہ دلائل التوحید یا طریق الحق یعنی ان کی آنکھیں ایسی ہیں جو دنیا کی چیزیں دیکھتی ہیں مگر آیات الٰہیہ یا راہ حق نہیں دیکھتیں جانوروں کی آنکھیں اس سے باہر ہیں **ولھم اذان لا یسمعون بھا** یہ عبارت **لھم اعین** پر معطوف ہے اور پہلی تیسری صفت یا حال **اذان** جمع ہے **اذن** کی معنی کان بھی ان کے پاس ایسے کان ہیں جن سے دنیاوی آوازیں تو سنتے ہیں مگر حق کی آواز کی کسی وعظ اللہ کا کلام نہیں سنتے۔ خیال رہے کہ یہ لوگ سب کچھ دیکھتے سنتے تو تھے مگر پروا نہ کرتے تھے جس کی وجہ سے وہ اس سے فائدہ نہیں اٹھاتے تھے اس لیے ارشاد ہوا کہ وہ دیکھنے سننے ہی نہیں ایک شاعر کہتا ہے۔

وعورۃ الکلام صممت عنھا وانی ان اشاء بھا سمیع

خیال رہے کہ ان تینوں جملوں میں دو آنکھیں کان ہونے کا ثبوت ہے مگر ان کے ہونے کی پھر ہر جگہ الگ الگ **لھم** ارشاد ہوا ایک ہی **لھم** پر اکتفا نہیں کی اس سے ان کی اور زیادہ مذمت کی یہاں فرمایا کہ یہ لوگ اپنے ان اعضاء سے وہ کام نہیں لیتے جن سے یہ اعضاء پیدا کیے گئے صرف دنیاوی کاموں میں صرف کرتے ہیں لہٰذا **اولئک کالانعام** یہ لوگ جانوروں کی طرح ہیں کہ جیسے جانور اپنے ان ہی اعضاء سے صرف دنیاوی عیش کی چیزیں لیتے سنتے سمجھتے ہیں بات یہ ہے کہ ان میں عقل نہیں ہوتی یہ اپنی عقل قوتیں دنیا کمانے میں ہی صرف کرتے ہیں دنیا سے بڑے تعلق میں آخرت سے بالکل بے وقوف ہیں **بل ھم اضل** ہی ان کا معنی چوپایے جیسے گائے اونٹ وغیرہ سے وہ بھی صرف اوٹ تم ہے۔ **بل ھم اضل** بلکہ وہ تو ان سے بھی بدتر جانوروں سے بڑھ چڑھ کر گمراہ ہیں کیوں جانوروں سے مذ فرمانے کی چند وجہیں ہیں، جانوروں سے ان آنکھ کان میں آیات الٰہیہ سمجھنے دیکھنے سننے کی قوت ہی نہیں ہے وہ آنکھیں معذور ہیں جانور ان اعضاء میں یہ قوت نہ پا کر وہ کام نہیں لیتے لہٰذا وہ جانوروں سے بدتر ہیں۔ جانور اپنے برے بھلے کو جانتا ہے بھلے کو حاصل کرتا ہے برے سے بھاگتا ہے۔ جیسے سرچارہ شاہ کھائی ہے وہ سے سرپل ہوتی ہے سمجھ لگائی مگر یہ لوگ معبود مصنوعی میں بھی فرق نہیں کرتے سب کو ضم کر لیتے ہیں جانور اپنے مالک کے اشاروں پر چلتا پھرتا

www.alahazratnetwork.org

اٹھا بیٹھتا ہے مگر یہ کفار اپنے مالک کے احکام نہیں مانتے۔

ہاں ہاں مانے تک تک مانے اور چمکارے ہوئے کھڑا
کہے کبیر سنو تمہیں سادھو تجھ مورکھ سے بیل بھلا!

(4) جانور بے سمجھ ہو کر گناہ کفر نہیں کرتا کافر سمجھدار ہو کر یہ سب کچھ کر لیتا ہے کسی جانور نے دعوی خدائی نہیں کیا انسان نے کیا (5) جانور اپنے مالک روزی کھلانے والے کو پہچانتا ہے اس کی اطاعت کرتا ہے اس کا مقابلہ نہیں کرتا مگر کافر جس کا کھاتا ہے اس کی نافرمانی بلکہ اس کی غداری کرتا ہے جس داس کے سوا باقی تمام چیزیں مطیع فرماں ہیں۔

وریع آدمی راہ بر مگل! کہ باشد چو انعام بل ہم اضل

بہرحال نافرماں انسان جانور سے مدرجہا بدتر ہے۔ **اولئک ھم الغفلون** یہ فرمان عین گزشتہ فرماں کی وجہ اور علت ہے الغافلوں سے مراد ہے پورے غافل یعنی یہ لوگ پورے غافل ہیں انہیں اپنے انجام کی کچھ خبر نہیں۔ جانور اپنی خدمت اپنی ڈیوٹی پر کمربستہ رہتا ہے مگر انہیں کچھ فکر نہیں رب کی نعمتیں کھاتے ہیں مگر ان نعمتوں کا حق تو کیا ادا کر سکتے ہیں ان کا شکریہ ادا نہیں کرتے۔

خلاصہ تفسیر ہم نے بہت سے داس ایسے پیدا کیے ہیں جس کا انجام دوزخ ہے کہ وہ بہرحال دوزخ کے کام کریں گے اور دوزخ میں جائیں گے ان کی حالت یہ ہے کہ ان کے پہلو میں دل ہیں مگر دل سے اللہ کی آیات حق و شرک کی باتیں نبی کی تعلیم کو نہیں سمجھتے ان کی سمجھ صرف دنیا تک محدود ہے اسی طرح ان کے پاس کان ہیں مگر وہ کانوں سے ہدایت کی باتیں نبی کے فرماں غور سے نہیں سنتے سن کر ٹال دیتے ہیں یوں ہی ان کے پاس آنکھیں ہیں مگر ان آنکھوں سے آیات الہیہ بغور نہیں دیکھتے ان سب اعضاء ان کی قوتوں کو صرف دنیا میں یا کہ نبی کی مخالفت میں صرف کرتے ہیں یہ لوگ صورت میں انسان ہیں سیرت میں جانوروں کی طرح ہیں کہ انہیں سوائے کھانے پینے عیش و عشرت کے اور کچھ کام ہی نہیں بلکہ غور کرو تو جانوروں سے بھی بدتر ہیں کہ جانور کھاتا پیتا ہے تو مالک کا کام بھی کرتا ہے معمولی مذاق کر بہت بھاری کام انجام دیتا ہے مالک کے اشاروں پر چلتا ہے کوئی جانور کبھی رب کا گلہ نہیں کرتا ناں میں یہ کوئی بات نہیں یہ تو بالکل فطرت میں گرفتار ہیں ان کا یہ حال ہے کہ۔

دل ہو میں کھونا تجھے شب بند بھر سونا تجھے شرم نبی خوف خدا یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں

فائدے۔ اس آیہ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ** اگرچہ سارے انسانوں کی پیدائش کا مقصد عبادت الٰہی ہے **وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون** مگر ان میں سے بہت کم لوگ اس مقصد کو پورا کرتے ہیں اکثر جن و انس سرکش ہیں جن کا انجام دوزخ ہے۔ یہ فائدہ **ولقد ذرانا لجھنم** سے حاصل ہوا تھوڑے لوگ اللہ رسول کے مطیع ہیں رب فرماتا ہے **وقلیل من عبادی الشکور** بندگان شکرگزار تھوڑے ہیں۔ **دوسرا فائدہ**: جن داس کے سوا ہر مخلوق دوزخ میں سزا پانے کے لئے نہ جائے گی یہ فائدہ **من الجنۃ والناس** سے حاصل ہوا رب فرماتا ہے **لاملئن جھنم منک وممن تبعک منھم اجمعین** **تیسرا اعتراض**: حق یہ ہے کہ مومن صالح جنات کے لئے جنت نہیں جنت صرف مومن انسانوں کے لئے ہے جیسا کہ گذشتہ آیہ میں سورہ احقاف شریف کے حوالہ سے ثابت کیا۔ مومن جنات کی جزا

www.alahazratnetwork.org

یہ ہے کہ وہ دوزخ سے بچ جاویں وہ مٹی روپے حاویں گے۔ **چوتھا فائدہ** ہو ربان حمد الٰہی نعت مصطفوی میں تر ہو وہ گونگی ہے جو کلام اللہ رسول کے فرمان سے وہ سرے ہیں جو آنکھ اللہ کی آیات حضور کلام سے بند ہے وہ اندھی ہے جو ان میں غور نہ کرے وہ بے عقل ہے اگرچہ دنیاوی کاموں میں وہ بڑا تیز ہو یہ فائدہ **لایفقھون** سے حاصل ہو رب تعالیٰ ایسوں کے متعلق فرماتا ہے **صم بکم عمی فھم لایرجعون** اعلیٰ حضرت قدس سرہ فرماتے ہیں۔

وہ بے زبان کا جو منہ تکے وہ ہی سب جو تجھ پہ نعت کے
وہ ہے سر جو ان کے لئے جھکے وہ ہے دل جو ان پہ نثار ہے

جو چیز اپنا مقصد پورا نہ کرے وہ برباد کردی جاتی ہے گائے بھینس جب بالکل سوکھ جائیں تو ذبح کردی جاتی ہیں بیکار گھڑی پھینک دی جاتی ہے۔ **پانچواں فائدہ** بندہ مومن فرشتوں سے افضل ہے۔ کافر جانوروں سے بدتر یہ فائدہ **بل ھم اضل** سے حاصل ہوا مومنین کے متعلق رب فرماتا ہے **اولئک ھم خیر البریتہ** اور کافروں کے متعلق فرماتا ہے **اولئک ھم شر البریتہ** کشتی نوح میں جانوروں کے لئے جگہ تھی مگر کافر کنعان کے لئے نہ تھی جو بنی راہ تھا مومن کے لئے ہی راحت رحمت ہے کافر کے لئے ہی زحمت ہو ناالله کا عذاب ہے۔ **چھٹا فائدہ** غفلت کی زندگی کفار کا طریقہ ہے بیداری ہوشیاری کی زندگی مومن کا طریقہ بعض خوش نصیب سوتے میں بھی جاگتے ہیں بعض بدنصیب جاگتے میں بھی سوتے ہیں بلکہ خوش نصیب مر کر بھی جیتے ہیں بدنصیب جی کر بھی مرے ہوتے ہیں یہ فائدہ **اولئک ھم الغافلون** سے حاصل ہوا۔

بہرہ از مملکت ہست و نصیبے اردیو ترک دنیائے کہن و بگذر حسیت رملک

اس عبارت کی تفسیر بارہا کی جاچکی کہ اضلال کے معنی کسی کو گمراہی کی رغبت دلانا بھی ہیں اس معنی سے شیطان اور برے یار مگر ہو سکتے ہیں اور اس کے معنی گمراہی پیدا کرنا بھی ہیں یعنی بندے کے کسب کے بعد رب تعالیٰ کی طرف سے اس کے دل میں گمراہی پیدا فرمادے جیسے گلے پر چھری چلانے کے بعد مذبوح میں موت پیدا فرماتا ہے اس معنی سے اضلال کا فاعل رب تعالیٰ ہے وہی معنی یہاں مراد ہیں **یمدھم فی طغیانھم یعمھون** یہ عبارت معطوف ہے **لا ھادی لہ** پر اور **من یضلل** کی جزا ہے ہماری قرأت میں **یمدھم** ہے ی سے بعض قراءت میں **نمدھم** ہے نون سے **یعمھون** ماقبل **عمہ** سے اس کی تفسیر ہم پہلے پارے میں کر چکے ہیں یعنی ایسے اندھی گمراہوں کو ہم ان کے حال پر چھوڑ دیتے ہیں کہ وہ حیران اور پریشان ہی پھرتے رہتے ہیں انہیں دل کی تسکین میسر نہیں ہوتی ۔

ہر سو دود تنگس رود خویش براند آنرا کہ نخواند بہ درکس نہ رواند

یہ بھٹکنا پھرنا ان کے شقی ازلی ہونے کی علامت ہے۔

خلاصہ تفسیر کیا ان غافل کفار نے آسمان و زمین اللہ کی وسیع ملک میں غور نہیں کیا کہ جس کی سلطنت ایسی وسیع ہے وہ مالک و سلطان کیسی شان والا ہے اور انہوں نے اس میں بھی غور نہیں کیا کہ ممکن ہے کہ ان کی موت قریب ہو بھی وقت ہے ایمان لانے توبہ کرنے کا نہیں کیا خبر کہ یہ وقت کب ختم ہو جاوے آخری نبی تشریف لا چکے آخری کتاب آچکی اگر اب بھی وہ ہدایت پر نہ آئے تو کب آئیں گے اب ہدایت کہاں سے پائیں گے اے محبوب ان لوگوں کے ایمان نہ لانے پر غم نہ ہو اس کی وجہ یہ نہیں کہ آپ کی تبلیغ میں کچھ کمی ہے بلکہ وجہ صرف یہ ہے کہ جسے اللہ تعالیٰ گمراہ کرنا چاہے اسے ہدایت کوئی نہیں دے سکتا رب تعالیٰ ایسے لوگوں کو یوں چھوڑ دیتا ہے کہ وہ اپنی سرکشی گمراہی میں بھٹکتے پھرتے ہیں ان کا ٹھور ٹھکانہ کوئی نہیں ہوتا۔

فائدے ان آیات کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ**: علم دینیت اور علم سائنس بہت اعلیٰ علم ہیں اگر انہیں معرفت الٰہی کا ذریعہ بنا جاوے کہ ان علوم کے ذریعہ آسمان و زمین اور ان کی چیزوں کا پتہ چلتا ہے جو رب تعالیٰ کی معرفت کا ذریعہ ہے یہ فائدہ **اولم ینظروا** سے حاصل ہوا **دوسرا فائدہ**: جیسے روزہ نماز حج وغیرہ عبادات سے انہیں اداکرنا چاہئے ایسے

ہی عالم کی ہر چیز ہی سے خدا پہچاننے میں غور و فکر کرنا عبادت ہے اسی لئے اس کا رب تعالیٰ نے قرآن مجید میں جگہ جگہ حکم دیا یہ فائدہ **ملکوت السموات** سے بھی حاصل ہوا اور **ماخلق اللہ من شی** سے بھی۔ تیسرا فائدہ اللہ تعالیٰ اپنے ملک اپنے بعض بندوں بادشاہوں وغیرہم کو عطا فرماتا ہے جس سے بندوں کو عبرت ہوتی ہے کہ یہ ملک میراث یہ عہدے فانی ہیں مالک ملکوت پر قصہ صرف رب تعالیٰ کا باقی ہے بندے سے یہ چیزیں لوٹ کر رب تعالیٰ کو پہنچ جاتی ہیں یہ مضمون کے متعلق ارشاد ہوا **ایوتی ملکہ من یشاء** یا ارشاد ہوا **توتی الملک من تشاء و تنزع الملک ممن تشاء** پھر ملکوت سے متعلق ارشاد ہوا **اولم ینظروا فی ملکوت السموات** اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے متعلق ارشاد ہوا **وکذالک نری ابراھیم ملکوت السموات والارض** چوتھا فائدہ ہر شخص کو چاہئے کہ اپنی موت کو قریب سمجھے بلکہ ہر سانس کو آخری سانس جانے اور آخرت کی تیاری کرے یہ فائدہ **فیکون قد اقترب اجلھم** سے حاصل ہوا۔

ہوائے رفتہ باز آید کہ نہ آید ۔۔۔ نسیمے از حجاز آید کہ نہ آید
سر آمد روزگارے ایں فقیرے ۔۔۔ دگر دانائے راز آید کہ نہ آید

اگر یہ خیال رہے تو نشاء اللہ کلام سرور ہوں گے **پانچواں فائدہ** حضور پر نور آخری نبی ہیں اور قرآن مجید آخری کتاب حضور انور کے بعد کوئی نبی نہیں قرآن کے بعد کوئی کتاب نہیں اب ہدایت فقط حضور اور صرف حضور علیہ السلام اور قرآن مجید سے یہ فائدہ **فبای حدیث** سے حاصل ہوا۔ چھٹا فائدہ جو حضور علیہ السلام کے دروازے کے محروم راہ رب سے دور ہے کبھی محروم یہ ناممکن ہے کہ کوئی حضور کے دروازے سے دور ہو اور وہ کبھی اور جگہ سے اللہ کی رحمت حاصل کر سکے یہ بھی **فبای حدیث** سے حاصل ہوا۔

ہے ان سے واسطے کہ خدا یاد رہے ۔۔۔ حاشا غلط غلط یہ ہوس سے بصیر کی ہے!!

ساتواں فائدہ جس نے حضور کی دعوت سے اللہ سے اس کے دل پر گرہیں لگ گئی وہ کسی صحبت نیک کسی نصیحت و وعظ سے ہدایت پر نہیں آسکتا صدیوں سے یہ عہد عہد میں ہوسکتا ہے یہ فائدہ **ومن یضلل اللہ** سے حاصل ہوا۔ آٹھواں فائدہ جسے رب گمراہ کرے وہ ہر جگہ بھٹکتا ہے وہ ہدایت سے وہ کسی در و دیوار پر نہیں جاتا بلکہ تلوق اس سے دور ہوتی ہے یہ فائدہ **ویذرھم** سے حاصل ہوا۔ نواں فائدہ اللہ تعالیٰ کی یاد سے بے پروا ہو جانا اسے اس سے غافل چھوڑ دینا کہ بندہ جرم بلکہ جرائم کرتا رہے اور محاسبہ نہ ہو یہ بھی رب سے دور ہونے کا نتیجہ اور بندہ کی عمومی بات ہے رحمت ہو جاتی اس سے بھی خاص رحمت سے یہ فائدہ **ویذرھم** سے حاصل ہوا۔ چھٹے حضرت آدم علیہ السلام کی ایک لغزش کا ذکر فرمایا یہ تھا اس کا حاصل رہا ہے کہ اپنی توبہ سے پھر بعد تقرب تام دوبارہ شروع یا مصطفیٰ ساتواں فائدہ ان کی بے اطمینانی کی پریشانی بندے اور رب تعالیٰ کی قربت سے یہ رب تعالیٰ کا قرب سے دل اطمینان و چین کا مقام ہے ہونا رب تعالیٰ کا خاص رحمت سے یہ فائدہ بھی **یعمھون** سے حاصل ہوا جس قدر رب تعالیٰ سے قرب زیادہ اس قدر دل کو اطمینان زیادہ فرمایا **الا بذکر اللہ تطمئن القلوب**

پہلا اعتراض ابھی پچھلی آیت کریمہ میں حضور کی ذات و صفات میں غور کرنے کے متعلق ارشاد ہوا **ولم یتفکروا**

www.alahazratnetwork.org

کیا انہوں نے سوچا کیں اور یہاں آسمانوں اور زمین میں غور کرنے سے متعلق ارشاد ہوا **اولم ینظروا** اس سے یہ بات نہیں اس فرق کا یہاں یہ ہے جواب اس کا جواب بھی شارح تفسیر میں گزرا کہ آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ جتنے گہرے حالات و صفات حضور پرنور کے میں عالم خلق سے تو حضور انور اس عالم میں تشریف فرما ہیں اور اللہ تعالیٰ تشابہ یہ بتانے کے لیے یہ طریقہ یہاں اختیار فرمایا حضور ظہور میں مظہر الشمس ہیں اور خفا میں **من کل شیء ھو الظاھر والباطن** کا مظہر اتم ہیں رب کی صفت یہ ہے کہ

بے حجابی یہ کہ ہر ذرہ میں جلوہ آشکار — اس پہ یہ گھونگٹ کہ صورت آئینہ در آئینہ ہے
یار تیرے حسن کو تشبیہ دوں کس چیز سے — ایک تو ہی آئینہ ہے تیرا ہی آئینہ ہے

اس سے حضور انور کو رب سے دور بھی فرمایا جو آنکھوں پہ کھلتا ہے **قد جاءکم من اللہ نور** اور یہاں بھی فرمایا **قد جاءکم برھان من ربکم** جو عقل سے سوچی جاتی ہے بلکہ حضور کو سراج بھی فرمایا **قد جاءکم بصائر من ربکم** دوسرا اعتراض یہاں پہلے ملکوت گاہ کر ہوا پھر خلق کا کہ ملکوت کے بعد فرمایا **وما خلق اللہ** اس سے معلوم ہوا کہ ملکوت بھی مخلوق ہے۔

جو تیرے سوا ہے وہ ترا بندہ ہے

اس کی یہ وجہ ہے جواب اس کا جواب بھی تفسیر سے معلوم ہو چکا کہ خلق کے دو معنی ہیں ایک تو ان میں سے کوئی چیز اللہ کی مخلوق ہے دوسرے بادہ بنائی گئی چیز اس معنی سے ملکوت مخلوق نہیں بلکہ مخلوق صرف کن سے پیدا ہوئی جیسے عالم ارواح وغیرہ اور مخلوق وہ کسی سے بنی جیسے یہاں کہ مٹی وغیرہ سے بنائی گئی مخلوق موجود ہے ہماری روح ملکوت ہے ہمارا جسم مخلوق یوں ہی قبر میں بعض چیزیں ملکوت ہیں بعض چیزیں مخلوق جیسے ابھی تفسیر میں عرض کیا یہ تیسرا اعتراض جملہ نقلی ہے ایک وقت معلوم ہے اس کا آنا بھی معلوم ہے کہ اس نے تو یہ وقت مقرر کیے ہیں پھر یہاں **عسیٰ** یوں فرمایا گیا یہ لفظ تو شک کے موقع پر ہوتا ہے جواب یہاں **عسیٰ** فرمانا بندوں کے حال سے ہے یعنی ہر بندہ یہ خیال کرے کہ شاید میری موت قریب ہے اس خیال سے وہ اچھے نیکیوں میں زیادہ کرے گا اسی لیے اس **عسیٰ** کو معطوف کیا گیا **وما خلق اللہ** پر اور اس کا عطف **اولم ینظروا** پر ہے چوتھا فائدہ یہاں **اجلھم** کیوں ارشاد ہوا **موتھم** یوں نہ فرمایا جواب اجل کہتے ہیں وقت مقرر کو موت کا وقت ہو یا عذاب کا اور اجل قوموں کے لئے بھی آتا ہے جیسے **لکل امۃ اجل** اور موت کہتے ہیں موت کے حال کو بہت لوگ ایسے ہوتے ہیں جن کا وقت آچکا ہوتا ہے مگر ان کو موت کا حال معلوم نہیں ہوتا اس لیے اجل کا لفظ ہوا ہر کمال کے لئے رذیل سے مواخذات و اعمال سے یہ اس نے حاصل جواب کا کہ اس کو وقت معلوم ہے

چراغے را کہ ایزد برفروزد — ہر آنکہ پف زند ریشش بسوزد

پانچواں اعتراض یہاں ارشاد ہوا **فبای حدیث بعدہ یومنون** یہاں عطائی تلاب کیوں ارشاد نہیں ہوا قرآن مجید کو حدیث نہیں کہا جاتا جواب یہاں حدیث بمعنی امر معنی میں ہے یعنی یہ بات اس میں قرآن مجید بھی شامل ہے اور حضور پرنور

www.alahazratnetwork.org

کے اقوال طیبہ ظاہرہ بھی بند حضور سے اخذ ہیں اصل بلکہ خود حضور پرنور کی ذات بابرکات شامل ہے۔ وہ بھی کن پیارے پیارے حضور پرنور کی ذات آپ کی مراد آخری ہدایت کائنات اس لئے یہ اشارہ ہوا کہ کتب قدیمہ سابقہ علوم حاصل نہیں ہوتے

تفسیر صوفیہ قدرت نے ہر چیز میں ظاہر بھی رکھا ہے باطن بھی ظاہر کو خلق باطن کو ملکوت کہا جاتا ہے ظاہر بصارت سے دیکھا جاتا ہے باطن بصیرت سے عقل والے وہ ہیں جو ظاہر خلق سے خالق حسی کو استدلال سے پہچانتے ہیں مگر فلک والے وہ ہیں ملکوت سے وہ بھی عالم غیب کا شہود یعنی مشاہدہ رکھتے ہیں جس سے انہیں ایقان والا بلکہ عیان والا ایمان نصیب ہوتا ہے۔ رب فرماتے **وکذالک نری ابراھیم ملکوت السموت والارض ولیکون من الموقنین** اللہ تعالیٰ قیامت سے پہلے خاص بندوں کو عالم ملکوت یعنی سموت بلکہ موجودات دکھاتا رہے گا اگر یہ علم میں نہ ہوں تو انسان وحیوان میں فرق نہ ہو۔ صوفیاء فرماتے ہیں۔ عقل والوں سے استدلال ہے مگر قلوب والوں کے لئے دروں ہے اللہ تعالیٰ ہم کو عقل سلیم بھی عنایت فرمائے اور قلب سلیم بھی عیب کرے جو ایمان سے ایقان سے محروم رہا وہ طغیان کے جنگل میں سرگرداں رہا ہے ہدایت سب کو ملے۔ (از روح البیان)

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ

سوال کرتے ہیں آپ سے قیامت کے کب ہے ٹھہرنا اس کا کہہ دو مجھ کو اس کے علم نہیں مگر میرے رب کے پاس ہے

تم سے نیا مت کو پوچھتے ہیں کہ وہ کب کو ٹھہری ہے تم فرما دو کہ اس کا علم تو میرے رب کے پاس ہے

لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَاۤ اِلَّا هُوَ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَا تَاْتِيْكُمْ

کسے پاس ہے نہیں ظاہر کرے گا اس کو وقت پر اس کے مگر وہ بھاری ہے وہ بچکتا سا ہوں اور زمین کے رہنے والوں پر اسے وہ ہی اس کے وقت پر ظاہر کرے گا بھاری پڑ رہی ہے آسمانوں اور زمین میں تم پر نہ آئے گی

اِلَّا بَغْتَةً يَسْـَٔلُوْنَكَ كَاَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ

دفعۃً پر سکتہ پکڑ کر تے ہیں تم سے گویا کہ تم خوب واقف ہو اس سے تم فرما دو کہ اس کے سوا نہیں کہ علم اس کا

مگر خدا کے تم سے بار بار پوچھتے ہیں گویا تم نے اس سے خوب تحقیق کر رکھا ہے تم فرما دو کہ اس کا علم

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ

پاس ہے اللہ کے اور لیکن بہت لوگ نہیں جانتے۔

تو اللہ ہی کے پاس ہے لیکن بہت لوگ جانتے نہیں

تعلق اس آیت سے پہلی آیت سے یہ طرح تعلق ہے۔ پہلی تعلق پچھلی آیت میں موت دنیا کی تھی کہ شاید یہ قریب ہو اب قیامت کے طور کا ذکر ہے۔ یعنی یہ بھی قیامت ہی موت کے ذکر کے بعد بھی قیامت ہی حشر کا ذکر ہے یہ بھی قیامت ہی وہشت ناک چیزیں ہیں۔ اگر انسان کا دھیان ان کی طرف رہے تو وہ گناہ پر دلیر نہ ہو۔ دوسرا

www.alahazratnetwork.org

تعلق پچھلی آیت میں توحید و رسالت کا اثبات اس کے متعلقات رہے یہ تیسری منزل ہے اس میں خاص اسلامی عمارت قائم ہے تیسرا تعلق پچھلی آیت میں خدا کا بے عیب ہونا اور وہ ضروری چیزوں سے منزہ ہونا تھا یہاں سے مخلوق میں غور کر کے خالق کو پہچاننے اب خدا کا وہ سراپا عیب بیان ہو رہا ہے کہ وہ غیر ضروری بخشش کرتے رہتے ہیں کہ قیامت کب ہوگی اس کی نہ بتانے سے وہ خدا کا بے عیب ہونا بیان فرمانے سے بعد اس سے دوسرے عیب کا تذکرہ ہے۔

شان نزول اس آیت کریمہ کے نزول کے متعلق دو روایتیں ہیں (۱) ایک دفعہ سرداران قریش جس میں اکثر حضور علیہ السلام کے قرابت دار تھے حضور انور کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور بولے کہ ہم آپ کے رشتہ دار ہیں ہمیں عزیزوں سے راز کی بات نہیں چھپائی جاتی آپ ہم کو بتادیں کہ وہ قیامت جس سے آپ ہم کو ڈراتے رہتے ہیں کب آئے گی ان کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی (تفسیر کبیر خازن روح البیان مدارک وغیرہ) (۲) حضرت عبداللہ ابن عباس فرماتے ہیں کہ دو یہودی حبر ان بنی قشیر اور ان بنی حضور انور کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے کہ اگر آپ سچے نبی ہیں تو فرمادیجئے کہ قیامت کب آئے گی تاکہ ہم کو اس کا علم ہو جائے ہم ایمان نہیں لائیں گے تاکہ آپ کو ضرور اس کا علم ہونا چاہئے اس کے جواب میں یہ آیت نازل ہوئی (روح المعانی روح البیان مدارک وغیرہ)۔

تفسیر **یسئلونک** یہ لفظ بتارہا ہے سوال سے قرآن مجید میں سوال کے معنی مانگنا بھی ہیں **واما السائل فلا تنھر** اور پوچھنا بھی جیسے **ویسئلونک عن الانفال** جب پوچھنے کے معنی ہوں تو اس کے بعد عن آتا ہے یہاں معنی پوچھنا ہے کہ اس کے بعد عن آرہا ہے اگرچہ یہ پوچھنے والے ایک دو آدمی تھے مگر چونکہ یہ سوال پوری قوم کی طرف سے تھا اس لئے **یسئلون** جمع ارشاد ہوا یہ خیال رہے کہ ان کا یہ سوال صرف مذاق کے طور پر تھا کہ حضور تاجدار مدینہ ہیں آپ ہی جیسے جو قیامت تک کو سمجھ جانتے اور ارشاد فرماتے ہیں کہ قیامت اسرافیل میں سے ہے جس سے چھپانے کا حکم ہے آپ سے اسے ظاہر کیوں کرواسکتے ہیں یہاں سوال صرف مذاق کے تھا کہ رب جل جلالہ جو بے **عن الساعۃ** یہ متعلق ہے **یسئلونک** سے ساعت کے لغوی معنی میں تھوڑی دیر یا بہت کا پچھ حصہ کبھی عرف میں کبھی آتا ہے مگر اصطلاح میں قیامت کو ساعت کہتے ہیں یہ ملحدین کا قول ہے کہ قیامت کا نام ساعت چونکہ [illegible] اس لحاظ سے کہ قیامت کے بعد جو کچھ ہوگا وہ اس کا تابع ہوگا اس لئے قیامت کا نام ساعت رکھا گیا نیز وہ اس موصوف کا حصہ ہے اس میں عدل جلالہ کی کچھ کا معلوم ہوگا اس لئے قیامت کا مشہور نام ہے یہاں سے کہ قیامت سے بہت نام ہیں (۱) ساعت (۲) قیامت [illegible] (7) طامہ (8) صاخہ (9) برزخ (10) یوم الفرقہ (11) یوم الحسرۃ (12) یوم الحق (13) یوم الحسرۃ (14) یوم [illegible] یہ نام قرآن مجید میں آئے ہیں ان کے بہت معانی ہیں جن میں سے ہر معنی قیامت میں پائے جاتے ہیں (تفسیر صاوی) تو گویا آپ سے قیامت کے متعلق پوچھتے ہیں **ایان مرساھا** یہ عبارت **عن الساعۃ** کا بدل ہے لہٰذا محلی حالت میں ہے قول یہ ہے کہ اس لفظ کا

www.alahazratnetwork.org

ہے کسی سے بتا نہیں اس کے معنی میں ہیں جس میں علم کوئی کہتے ہیں کہ یہ بتانے والی ہے علم کو کسی گھڑی یا ای ان سے ۔۔۔ ای (کس وقت) ہیں ۔۔۔ ای کا لفظ ہے (یہ اعمال وغیرہ) **مرسا** صدر میمی سے رسا یرسو کا جس کا معنی ہے **رسو الامر** امر کا ثابت ہونا ٹھہرنا کہ کہتے ہیں رسا الشیء ثبت ہوا ہے فرماتے **بسم اللہ مجریھا و مرسا ھا** ۔۔۔ **والجبال ارساھا** میں ایں جو مقدمہ ہے ۔۔۔ **اقل انما علمھا عند ربی** یہاں سے ۔۔۔ میں ضمیر کا مرجع قیامت ہے ۔۔۔ قیامت کے ۔۔۔ میں عبارت میں قیامت کا ظرف ہونا ۔۔۔ سے ظاہر ہے صاف اللہ فرمایا ہے ۔۔۔ علم نہیں ہے ۔۔۔ یہ معلوم ہے ۔۔۔ وہ ہیں ۔۔۔ لیتا ہے لہٰذا اقام قیامت کا علم اسرار الٰہیہ سے ہے جس کے اظہار کی ۔۔۔ **الا اللہ** ۔۔۔ **الحکم** ۔۔۔ صاف اللہ کا ۔۔۔ **ھو السمیع العلیم** ۔۔۔ ۔۔۔ ۔۔۔

www.alahazratnetwork.org

ثقلت فی السموت والارض یہ عبارت یا تو نفی ہے جس میں قیامت کی عظمت و ہیبت کا ذکر ہے **لایجلیھا** کا یں سے یعنی کفار تو قیامت کا مذاق اڑانے اس کے انکار کرنے میں مشغول ہیں مگر اس کی ہیبت کا یہ عالم ہے کہ آسمانوں میں رہنے زمین میں مومن جن و انس اور تمام جانوروں پر بھاری ہے کہ سب انھی سے اس کی دہشت سے کانپ رہے ہیں یا مقصد یہ ہے کہ قیامت چھپنے کی وجہ سے سب پر بھاری ہے جس آفت کے آنے کا یقین ہو اس کا وقت نامعلوم ہو وہ بہت بھاری معلوم ہوتی ہے یا یہ مطلب ہے کہ جب قیامت آئے گی تو آسمانوں اور زمین پر بھاری ہوگی کہ تمام چیزیں فنا ہو جائیں گی اور آسمانوں سے ٹکڑے اڑ جائیں گے ہیئت تبدیل ہوئی ملائے گی تارے بکھر جائیں گے چاند سورج بے نور ہو جائیں گے تو اس کا مطلب اور بھی ہو سکتے ہیں (روح المعانی) آسمان اور زمین سے مراد یہ تو یہاں کے رہنے والے ہیں یا خود وہ ہی **لاتاتیکم الا بغتۃ** یہ فرمان عالی یا تو گذشتہ فرمانوں کا بیان ہے یا مستقل علیحدہ جملہ ہے جس میں قیامت کی دوسری شان بتائی گئی ہے **بکم** میں خطاب کافر قوم سے ہے نہ کہ موجودہ کفار سے نہ مومنوں سے کیونکہ قیامت نہ تو مومنوں پر آئے گی کہ اس وقت مومن سارے وفات پا چکے ہوں گے اور نہ حضور کے زمانہ کے کفار پر کہ ان میں سے کوئی بھی اس وقت نہ ہوگا **بغتۃ اور فجاءت** دونوں ہم معنی ہیں **بغتۃ** اچانک جس کی تمہید تیاری نہ ہو یعنی تم کافروں جن و انس پر قیامت اچانک آئے گی جس کی آمد کی کوئی شان اس وقت نہ ہوگی اگرچہ اس سے پہلے علامات قیامت بہت ظاہر ہو چکی ہوں گی جملے کے معنی لیں میں رہے کہ مقصد یہ ہے کہ اگر میں اس کا وقت بتادوں تو اچانک نہ رہے گی اور وہ اس لیے کہ اچانک آئے میں زیادہ لطف ہوتا ہے اسی وجہ سے **لاتاتیکم** ارشاد ہوا یا قیامت کفار کے لیے اچانک ہے حضور انور اور خاص خدام کے لیے اچانک نہیں ہمیں اس کا وقت بتایا گیا ہے **یسئلونک کانک حفی عنھا** یہ عبارت کفار کی دوسری حماقت بیان کرنے کے لیے لہٰذا یہ جملہ ہے **یسئلون** کی رو ہی تحقیق ہے ہو ابھی کچھ پہلے عرض کی ہو چکی **حفی** ہمزہ کے نیچے صفت مشبہ اس کا مصدر معنی یا حفوۃ ہے معنی بحث کرنا تحقیق کرنا دلائل میں غور کرنا اس میں مبالغہ کا معنی ہے۔

فان تسئلوا عنی فیا رب سائل حفی عن الاعشی بہ حیث اصعد

اسی سے ہے **احفا الشارب** چونکہ معنی میں مبالغہ کے معنی شامل ہیں اس لیے اس کے بعد عن ارشاد ہوا ورنہ علم کے بعد عن آتی ہے کہ عن (روح البیان) **عنھا** کا تعلق معنی سے ہے یعنی آپ سے یہ لوگ قیامت کا وقت ایسے پوچھ رہے جیسے آپ سے خوب تحقیق بحث مباحثہ سے دلائل میں غور کر کے معلوم کر لیا ہے اور بتانے کے قابل ہے کیونکہ یہ چیز بحث مباحثہ دلائل سے معلوم کی جاتی ہے شریعت اس کا ظاہر کرنا ضروری ہے بتانا ضروری ہے حقیقت یہ ہے کہ علم قیامت علم لدنی ہے جس کا اعیار سے چھپانا ضروری ہے اس وجہ سے یہاں **حفی** ارشاد ہوا علیم نے فرمایا خبیر نے فرمایا سب کا غور عسا اور سا کا فرق نہیں میں رہے معنی دوسرے معنی میں یہاں بھی بحث میں مبالغہ ہے اور رب فرماتے **امکان بی حفیاوہ** کچھ بڑا یہاں ہے اس صورت میں عنھا کا تعلق یسئلونک سے ہے وہ معنی سے بعد کلام پوشیدہ ہے یہ لوگ آپ سے اس قیامت کے متعلق ایسے پوچھ رہے ہیں کہ گویا آپ اس پر بہت ہی مہربان ہیں ایسی بتائی دیں گے حالانکہ آپ کا اس سے تعلق ہی کیا ہے کہ وہ اگرچہ آپ کے قرابت دار ہیں مگر روحانی طور پر آپ سے بہت دور ہیں۔ (تفسیر معالم البیان، تفسیر نعیمی) یہ دوسری

www.alahazratnetwork.org

تفسیر سیدنا عبداللہ ابن عباس اور قتادہ سے مروی ہے۔ معنی مخلوقات سے غائب۔ کسی نے فرمایا کہ کسی معنی مستور اور مخفی ہے یعنی وہ لوگ یہ بات اس طرح سے پوچھتے ہیں کہ گویا آپ اس سوال سے ست ہی خوش ہیں اسلئے ایسا کہتے ہیں۔ یہ ملی ایک سوال کو دو جگہ میں فرمایا پہلا اور دوسرا جگہ اس کا جواب دیا جیسے **قل انما علمها عند ربی** اور دوسرا **قل انما علمها عند الله** ان سوال و جواب کی اہمیت ظاہر فرمانے کے لئے جس جگہ سے فرمایا کہ یہ سوال قیامت کا وقت پوچھنے کے لئے ہے اور یہ دوسرا سوال قیامت سے حاصل حالات پوچھنے سے ہے تو قابل ہیں اس معنی **قل انما علمها عند الله** فرمان عالی پہلے ہے اس عبارت سے دلیل عالم غیب کی یہاں سے عبداللہ نبی اس نے یہ سوال کیا اور فرمایا اس کا جواب بھی کر دیا کہ سوال کرنے والے کی کیا حالت ہے یا فرمان ہے دوسرے سوال کا جس سے وہ آپ سے قیامت کے عجیب حالات پوچھتے ہیں وہ کہ کس طرح سے قائم ہوگی کس سے پاس سے ہوگی کیا طریقہ ہوگا وغیرہ ذالک **ولکن اکثر الناس لا یعلمون** اس فرمان میں عبارت دوسری کی تحقیق سے وہ کفار ہیں جو کہ اس کی تصدیق نہیں کرتے **لا یعلمون** اصل پوشیدہ ہے جس سے قیامت کو جس وقت سے کہ ہوگی وہ نہیں جانتے ہیں اس وقت کو قابل ہیں سے بعض لوگ سمجھتے ہیں۔ قیامت کا وقت بتانا جو شخص سے وہ قیامت کا وقت نہیں جانتے ہیں۔

خلاصہ تفسیر جب آپ سے بعض جاہل آپ سے قیامت سے متعلق پوچھتے ہیں کہ وہ کب ہوگی کس وقت سے عجیب ہوں سے اس کا ظہور کب ہوگا آپ ان جاہلوں کو جواب دیں کہ قیامت کے وقت کا علم صرف میرے رب سے قبضہ میں ہے وہ چاہے مدرجہ الہام بتلا دے کسی بندے کو طاقت نہیں کہ اپنی عقل اپنے علم اپنے حساب دانی وغیرہ سے معلوم کرسکے یہ امر ربانیہ میں سے ہے بندہ ظاہر بین کر سکتا ہے کہ وقت بتلانا صحیح ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ ہی مختار ہے وقت پر بھیجنے کو بتانے ظاہر فرمادے گا قیامت کی وجہ سے آسمان و زمین والوں پر بھاری ہے کہ اس کے وقت کا اعلان کیسی بیاں جس ہو سکے خبر کا ناگہانی ہو مگر آنے کا وقت معلوم نہ ہو یہ دہشت ناک ہوتی ہے اے کافرو قیامت صرف تم پر آوے گی اور اچانک آوے گی کہ لوگ اپنے کام کاج میں مشغول ہوں گے کہ قیامت آجاوے گی اگر میں اس کے وقت کا اعلان کردوں تو وہ تو اور بھاری رہے گی اچانک یہ بات رہا والی سے صاف ہے۔ لوگ آپ سے قیامت کا وقت ایسے پوچھتے ہیں جیسے گویا آپ سے اس کی بہت تحقیق کر رکھی ہے دلائل میں غور سے کہ شاید مخفی سے سے مخفی بات کہ اس کی شاید فرمادیں وہ لوگ آپ سے ایسے پوچھتے ہیں۔ گویا آپ اس کی بہت ہی تحریر میں ہیں آپ فرمادو کہ قیامت کا علم اللہ تعالیٰ سے پاس ہے وہی مدرجہ وحی بندوں طور پر سے بتلاتا ہے اور کوئی بھی عقل اپنے علم اپنے حساب سے اس کا پتہ نہیں لگا سکتا ہے لوگ یہ ارادے میں تاکہ اس کا پتہ لگا لیں ہم تو قیامت کی وقت بتادیں اسے سمجھ لیں ہے کہ ہمیں ہاں کی وجہ سے کہ ہمیں ہاں کی وجہ سے کہ ہمیں ہاں کی وجہ س

www.alahazratnetwork.org

فرماتے ہیں کہ حضور پر کوئی علم نہیں کھلا ہو اس حضرات کے دلائل بہت قوی ہیں ہم نے علم قیامت کی تحقیق اپنی کتاب جاء الحق حصہ اول میں لکھی ہے وہاں مطالعہ فرمائیں یہاں اتنا سمجھ لو کہ اس آیت اور اس جیسی باقی آیت میں ایک سطحی نظر سے دیکھنے والے کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضور کو اس علم کی کوئی خبر نہیں مگر یہاں علم کی نسبت علم نہیں فرمایا بلکہ چار باتیں ارشاد ہوئیں۔ (1) قیامت کا علم صرف اللہ کے پاس ہے۔ (2) قیامت کو اس کے وقت پر اللہ تعالیٰ ہی ظاہر فرمائے گا۔ (3) قیامت اپنے بھاری ہونے کی وجہ سے آسمان و زمین میں بھاری ہے۔ (4) قیامت اچانک آنے والی ہے۔ ان چاروں باتوں سے یہ نہیں معلوم ہوتا کہ حضور کو اس کا علم نہیں دیا گیا بلکہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ عوام کو بتانے سے منع فرمایا گیا۔ علم شریعت نہیں جس کی اشاعت کی حضور سے وعدہ لی گئی جس کا چھپانا ناجائز ہے اگر اسے شائع فرمانے کا حکم دیا جائے تو اس کے بھاری ہونے کی وجہ سے بھروسا نہیں رہتے۔

اس سے علم بہت دلائل قائم ہیں۔ (1) فرماتے ہیں کہ قیامت ان پر ایسی ہوئی لگیں گی جیسی حاملہ کو درد زہ۔ (2) حضور انور نے ایک مجلس میں قیامت کے واقعات من وعن تفصیل وار بیان فرمائے۔ (3) فرمایا کہ اس کا وقت ہو گا ان قیامت کے دس۔ (4) حضور انور نے علامات قیامت اس تفصیل سے بیان فرمائیں کہ آج تک کسی نبی سے بھی قیامت کے متعلق یہ تفصیل نہیں سنی گئی۔ (5) حضور انور نے قیامت کا سال بتایا جو علماء نے حساب لگا کر بتایا۔ (6) حضور انور نے قیامت کا مہینہ بتایا۔ (7) حضور انور نے قیامت کا دن بتایا۔ (8) بلکہ مشہور یہ ہے کہ حضور نے قیامت کا وقت بھی بتایا کہ محرم میں ہو گی تاریخ بھی بتادی کہ دسویں تاریخ عاشورہ کے دن ہو گی اللہ ورسول علم بالحق۔ اس کے بھی اشارات موجود ہیں۔ (9) ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم** سے مسلمانوں کی عمر کا حساب مہدی کے ظہور کی تاریخ ہیں اور ظہور امام مہدی سے پانچ سال بعد قیامت آئے گی۔ (10) فرمایا پیچھلے سے گذشتہ امتوں کے مقابلہ میں میری امت کی مدت اتنی ہے جیسے عصر سے وقت سے مغرب کتاب کی مدت (بخاری مسلم کی حدیث) (11) فرماتے ہیں کہ انسانی دنیا کی عمر سات ہزار سال ہے ہم چھٹے ہزار میں پیدا ہوئے۔ (12) حضرت کی انگلیوں اس کی طرف اشارہ فرمایا۔ (13) حضور نے اشارات حسیہ سے قیامت کے قیام کی تاریخ بتادی ہے مگر ان کے سمجھنے کے لئے علم باطن درکار ہے یہاں تفسیر روح المعانی نے علم قیامت کے متعلق بہت تفصیل سے کلام کی ہے علماء کے اقوال ان کے حیثیت لکھے ہیں بہرحال قوی یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور پر اس علم کو ایسے ہی طرح قیامت کا علم بھی عطا فرمایا مگر اس کا اظہار اعلان سے منع فرمایا جس کی اعلان سے روکا گیا ہے۔

فائدے اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے پہلا فائدہ پوچھ گچھ کرنا سوال کی حیثیت پوچھنے کی نیت سے مختلف ہوتی ہے ایک نیت سے پوچھنے والا مجیب اور تعریف کا مستحق ہوتا ہے دوسری نیت سے پوچھنے والا ڈانٹ کا مستحق ہوتا ہے یہ فائدہ **یسئلونک** سے حاصل ہوا۔ دیکھو قرآن کریم نے سوالوں کے جواب بھی نقل فرمائے **ویسئلونک عن المحیض** ہے **ویسئلونک ماذا ینفقون** میں جواب تسلی بخش جواب دینے کے لیکن عام طور سے سوال نقل فرما کر اس پر عتاب کئے اللہ تعالیٰ بھی بہت عجیب رب ہے۔ دوسرا فائدہ یہ فائدہ سوال سے بچنا چاہئے فائدہ مند سوال ضرور کرنا چاہئے یہ فائدہ **ایان مرساھا** سے حاصل ہوا۔ تیسرا فائدہ علم قیامت اللہ تعالیٰ نے اپنے ہی پاس

www.alahazratnetwork.org

شخص عقل، علم، حساب سے نہیں جان سکتا یہ فائدہ **انما علمها** کے **انما** فرمانے سے حاصل ہوا کہ انما حصر سے کہتا ہے جو کوئی علم قیامت کا دعوی کرے وہ جھوٹا ہے **چوتھا فائدہ**: اللہ تعالی نے علم قیامت حضور ﷺ کو عطا فرمایا حضور بہ اطلاع الٰہی جانتے ہیں یہ فائدہ **علمها عند ربی** فرمانے سے حاصل ہوا کیونکہ یہاں جواب میں **لا اعلمها** نہیں فرمایا گیا **غیر عند الله یا عند رب العلمین** نہیں ارشاد ہوا بلکہ عند ربی ارشاد ہوا دیکھو تفسیر جیسے ارشاد ہوا **وعنده مفاتح الغیب** **پانچواں فائدہ**: قیامت آخر دم تک مخفی ہی رہے گی کبھی اس کے وقت کا اعلان نہ ہوگا یہ فائدہ **وعنده لا یجلیها لوقتها** اور **بغتته** فرمانے سے حاصل ہوا اگر اس کا وقت بتادیا جاوے تو وہ اچانک کیسے رہے۔ **چھٹا فائدہ**: کسی آفت کا چھپا ہوا ہونا اسے بھاری کر دیتا ہے یہ فائدہ **ثقلت فی السموت** سے حاصل ہوا۔ **ساتواں فائدہ**: قیامت صرف کفار جس والس پر قائم ہوگی اس وقت روئے زمین پر کوئی اللہ اللہ کہنے والا نہ ہوگا یہ فائدہ **لا تاتیکم** میں **کم** فرمانے سے حاصل ہو کہ اس میں خطاب کفار سے ہے۔ **آٹھواں فائدہ**: عاقل متقی مومن کے لئے کوئی آفت مفاجۃ یعنی اچانک نہیں وہ ہر دم تیار رہتا ہے۔ یہ فائدہ **لا تاتیکم الا بغتته** سے اشارۃ حاصل ہوا کافر غافل اگر دس سال بھی بیمار رہ کر مرے تو اس کی موت اچانک ہے کہ وہ اس دوران میں ہوا اور دوا کے پیچھے رہتا ہے رب کی طرف متوجہ نہیں ہوتا مومن عاقل اگرچہ ہٹا کٹا مرے مگر اس کی موت اچانک نہیں کہ وہ ہر دم تیار رہتا ہے۔ **نواں فائدہ**: علم استدلالی اور علم شریعت اشاعت کے لائق ہیں مگر طریقت کے مسائل لدنی علوم قابل اشاعت نہیں ان کا چھپانا نااہل سے محفوظ رکھنا ضروری ہے یہ فائدہ **علمها عند ربی** اور **حفی عنها** سے حاصل ہوا۔ دیکھو تفسیر۔ **دسواں فائدہ**: اللہ تعالی اگرچہ عالمین کا رب ہے مگر اس کی ربوبیت خاصہ صرف حضور انور سے خاص ہے اس لئے رب کی ہر چیز حضور کی اپنی ہے ناممکن ہے کہ کوئی چیز قابل عطا ہو اور حضور کو عطا نہ کی گئی ہو یہ فائدہ رب فرمانے سے حاصل ہوا۔ دیکھو تفسیر

پہلا اعتراض: اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ حضور انور ﷺ کو علم قیامت نہیں دیا گیا کیونکہ انما حصر کے لئے ہے اگر حضور کو علم قیامت دیا گیا وہ تو انما کے معنی درست نہ ہوں گے پھر تم لوگ حضور انور کو علم غیب کلی کیسے مانتے ہو۔ **جواب**: اس اعتراض کا جواب ابھی تفسیر سے معلوم ہو چکا کہ آیت کریمہ میں ایک لفظ بھی ایسا نہیں جس سے حضور کو علم نہ دیے جانے کی نفی ثابت ہو **لا اعلم یا ما عطیت** نہیں فرمایا گیا واقعی انما حصر کے لئے ہے مگر یہ حصر پاس ہونے کے لئے ہے یعنی علم قیامت صرف اللہ کے پاس ہے حضور انور کو علم قیامت بے حضور کے پاس علم قیامت نہیں رب تعالی کے پاس حاصل کیا ہوا ہے۔ اس قسم کے حصر قرآن مجید میں بہت ہیں دیکھو ہماری کتاب جاء الحق۔ آیہ کا مقصد یہ ہے کہ علم قیامت علوم شرعیہ میں سے نہیں جس کی میں اشاعت کروں بلکہ علوم اسرار میں سے ہے جس کے اظہار کی اجازت نہیں نیز علم قیامت بندوں کے عقل و حساب سے حاصل نہیں ہو سکتا یہ تو خزانہ الٰہی کا موتی ہے جو صاحب اسرار کو دیا جاتا ہے۔ **دوسرا اعتراض**: یہاں یہ کیوں ارشاد ہوا کہ قیامت کو اس کے وقت پر رب ہی ظاہر کرے گا ظاہر کرنا رب تعالی ہی کرتا ہے قیامت کی کیا خصوصیت ہے۔ **جواب**: اس فرمان عالی کا مقصد یہ ہے کہ قیامت کو آخر دم تک لوگوں پر ظاہر نہیں کیا جاوے گا ہو تو آخر اور قائم ہو کر ہی ظاہر کی جاوے گی یعنی فنا ہو جائے گی بتائی نہ جائے گی اس لئے آگے ارشاد ہوا کہ وہ اچانک آوے گی۔ **تیسرا اعتراض**: قرآن مجید اور دوسری آسمانی کتابوں

www.alahazratnetwork.org

نے قیامت کی خبر دے دی۔ حضور ﷺ نے علامت سے اسے روز روشن کی طرح ظاہر فرمادیا پھر واجب ہوا کہ یہاں بھی ایسا ہی کیا ضرور ہوا کہ **لاتاتیکم الا بغتۃ**۔ **جواب** اس اعتراض کے دو جواب ہیں ایک یہ کہ خطاب اس جماعت سے ہے جو سرے قیامت کو مانتے ہیں نہ ہی وہ ان کی خبروں کو جن کے سبب قیامت واقعی اچانک ہوگی لہٰذا ان سے یہاں علامتیں نہ دوسرے یہ کہ کتابوں نے قیامت کی جو دو علامتیں اس کا قرب ظاہر ہیں کہ اس کا قرب ظاہر ہوگا ان کی آمد اچانک ہوگی مثلاً سورج کا بالکل بے حرکت ہوجانا کہ وہ اپنے جانوروں کی کھلی درست رہ ہوگا کوئی تجربہ کار چرواہا وقت کھڑا ہوگا کہ قیامت آجائے گی یعنی صور پھونکے جائے گا اس کا قرب ظاہر ہوگا مگر اس کی آمد اچانک ہوگی۔ چوتھا اعتراض آیۃ کریمہ میں ایک سوال کو دو طرح سے کیوں بیان کیا **یسئلونک عن الساعۃ** اور **یسئلونک عنھا** تکرار سے کیا فائدہ **جواب** اس اعتراض کے دو جواب اوپر تفسیر سے معلوم ہوئے ایک یہ کہ **یسئلونک عن الساعۃ** میں سے امراء اور صدر ظاہر ہوا کہ وہ اب یوں صدر سے پوچھتے ہیں کہ آپ کہیں گے یا پہلے ان کے سوال میں قیامت ظاہر ہو پھر دوسرے علامات قیامت اسرار قیامت خصوصی راویوں سے پوچھتے تھے جو وہ بھی قیامت کی تاریخ پوچھتے تھے بھی قیامت کے سرپستہ رہنے ظاہر سے فائدہ میں سے یہ سوال دو سے ہیں ہوئے کے لئے **پانچواں اعتراض** یہاں یہ یوں فرمایا کہ قیامت آسمانوں اور زمین پر بھاری ہے ہاں زمین پر۔ **جواب** ظاہر یہ ہے کہ آسمانوں اور زمین سے مراد ان کے ساکنہ ہیں فرشتے جن سب پر بھاری ہے اس لئے سب کی فنا سے بچا لیں گے پھر عرصہ بعد زندہ ہوں گے یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس سے مراد آسمان و زمین ہی ہوں قیامت کا خوف ان کو بھی ہے یونکہ اس وقت ان پر بھی آفت آئے گی کہ آسمان پھٹ جائیں گے زمین تو ٹوٹ جائے گی۔ زمین و آسمان میں شعور ہے ہمیں خوشی و غم رنج و فکر کا احساس سب ہی کو ہے۔ **چھٹا اعتراض** حدیث شریف میں ہے ایک بار مجمع صحابہ میں جبریل علیہ السلام مثل انسان میں آئے چند سوال کئے ان میں سے ایک یہ تھا **متی الساعۃ** قیامت کب ہے تو حضور نے جواب میں فرمایا **ما المسؤل عنھا باعلم من السائل** جس سے سوال کیا گیا ہے مسئول یہ زیادہ نہیں جانتا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضور انور کے علم قیامت میں وہ حدیث اس آیت کی شرح بتا رہی ہے کہ حضور کو قیامت کا علم نہیں۔ **جواب** ہم نے اس کا جواب مرآۃ شرح مشکوٰۃ میں اس حدیث کی شرح میں دیا ہے یہاں اتنا سمجھ لو کہ حضور انور نے جواب میں یہ فرمایا کہ علم میں میں جانتا ہوں یہ نہیں فرمایا جس میں علم کی نفی ہیں بلکہ زیادتی علم کی نفی ہے مطلب یہ ہے کہ اے جبریل قیامت کا علم تو مجھے بھی ہے تجھے زیادہ علم نہیں تم مجمع میں یہ سوال کرکے اس سربستہ راز کو عام کرنا چاہتے ہو اسی لئے جبریل علیہ السلام نے عرض کیا **احسبنی عن امارا تھا** اچھا حضور اس کی نشانیاں ہی بتادیجئے تب حضور انور نے نشانیاں بتائیں میں نشانیاں واقف ہیں ہوں ہی واقف سے نہیں **ساتواں اعتراض** قیامت ہوں پچاس ہزار برس کا ہے پھر اسے ساعت یا ایک ساعت سے بھی میں گھنٹہ یا گھڑی بھر بھر کا وقت دیکھو دن الجھن یہ ناصواب ہے **جواب** یہ ہے کہ قیامت میں ایسی ہولناکی ہوگی جو ہر ایک کو بھلا دے گی یا اس لئے کہ مومنوں کو وہ دن بہت چھوٹا محسوس ہوگا جیسا کہ تم دنیا میں اچھے وقت میں

www.alahazratnetwork.org

جلوے کا سرحال سے سلامت فرمایا کل فی رست ہے۔

تفسیر صوفیہ: قیامت دو طرح کی ہے صغریٰ و روحانی قیامت جسمانی ہیں۔ قیامت صغریٰ جس چھوٹی قیامت یہ ہر شخص کی موت سے فوراً ہی شروع ہو جاتی ہے قبر کی قیامت ہے کبریٰ جو سب قیامت سے بڑی جس سارے انسانوں کی موت عام طور پر ایک صور سے پہلے ہو چکی ہوگی قیامت جو ہر شخص کی موت ہی قیامت سارے مردوں کا محشور ہونا اور اللہ رب العزت کے دربار میں پیش ہونا یہ صور سے دوسرے صور سے ہوگی۔ یہ تینوں قیامتیں آپس سے متعلق ہیں اور جسمانی کہتی ہیں قیامت روحانی کسی کو نصیب ہوتی ہے وہی ہے۔ جس انسان کی نظر روحانی بند ہو جائے **موتوا قبل ان تموتوا** کا مظہر ہو جائے کہ موت سے پہلے مر جائے حالت یہ ہو جائے کہ

مجھ میں تجھ میں فرق نہ رہے جب یہ ہو تو ہو جائے

جسمانی قیامت میں جب ساری مخلوق مر جائے گی تو روحانی قیامت میں غفلت کاروں کو دنیا میں ہمیشہ والا رب مل جائے وہ یا میں رہتے ہوئے بھی دنیا میں رہتے ہوئے کوئی نصیب والے ہی ایسے ہوں گے جو قیامت کے متعلق زیادہ پوچھ گچھ نہیں کرتے بلکہ قیامت روحانی حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں وہ دن قیامت سے ایسے مطمئن ہوتے ہیں جیسے دوست دار اللہ کا دوست کا انتظار کرتے ہیں وہ اس بات میں ہوتے ہیں کہ کب اللہ کا دوست آئے اور ہمیں قیامت کی خبر سنائے اس کے متعلق کچھ سنتے رہتے تھے

قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ

فرما دو کہ میں اپنی جان کے لئے نفع کا اور نقصان کا مالک نہیں مگر جو اللہ چاہے اور اگر میں غیب جانتا ہوتا

الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۛ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ؕ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ

تو بھلائی بہت جمع کر لیتا اور مجھے برائی نہ پہنچتی میں تو یہی ڈر

لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

سنانے والا اور خوشی دینے والا ہوں ایمان والوں کو

تعلق: اس آیت کریمہ کا پچھلی آیت سے یہ طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق پچھلی آیت سے ہے اس میں حضور علیہ السلام کی علم غیب کی نفی کی تھی اب حضور علیہ السلام کی علمیت کی نفی جاری ہے یہ علمیہ دونوں طرح ہے اس میں ظاہری و باطنی علمیت کی نفی ہے۔ علم ظاہری طور حاصل ہیں سے علمیت ذاتی طور پر کسی کو حاصل

www.alahazratnetwork.org

نہیں ہو سکتی یہ دو چیزیں ہیں ذاتی علم اور ذاتی علمیت اللہ تعالیٰ کی خاص صفت ہیں دوسرا تعلق پہلی ہے ہے میں علم قیامت ہے تو مجھے ذاتی علم ہے یا عطائی حاصل کیسے ہوا عطائی علم ہے یہ علم ہمیں ہو سکتا یا خاص علم غیب ہے اللہ عام علم غیب ہے تیسرا تعلق پہلی آیت میں صفات الوہیت کی نفی کی تھی اب حضور سے معجزات کا ثبوت بارہا کہہ چکے ہیں تیسرا تعلق مقدم ہوتی ہے اس لئے یہ مضمون بعد میں بیان ہوا۔

شانِ نزول یہ آیت کریمہ کے نزول کے متعلق دو روایتیں ہیں ایک یہ کہ کفار نے حضور سے عرض کیا تھا کہ حضور آپ سچے نبی ہیں تو ہم آپ سے معجزات طلب کرتے ہیں اگر آپ ہمارے تجارتوں میں خوب نفع حاصل کریں یہ ہم چاہتے ہیں کہ ہمیں خشک سالی سے نجات دلائیں ہمارے ان کی حد مقرر ہو جائے ان کے جواب میں یہ آیت نازل ہوئی تفسیر روح معانی میں صورت میں سورہ اعراف کی دوسری آیت کی طرح یہ آیت بھی کفار کے حضور سے معجزات طلب کرنے کے جواب میں نازل ہوئی کہ ان سے کہہ دیجئے کہ میں تمہاری طرح بشر ہوں میرے پاس کوئی ذاتی علم نہیں ہے جو کچھ علم ہے وہ اللہ کی عطا ہے میں تمہاری خواہش کے مطابق معجزات دکھانے پر قادر نہیں ہوں میں تو صرف اللہ کا رسول ہوں اس کے حکم سے معجزات دکھاتا ہوں۔ تیسری آیت میں کفار نے کہا کہ ہمارے علم میں یہ بات ہے کہ تم پر کوئی شخص جادو کرتا ہے اس لئے تم ایسی باتیں کرتے ہو جو ہماری سمجھ میں نہیں آتیں اس کے جواب میں یہ آیت نازل ہوئی۔ یہ تفسیر روح المعانی میں ہے۔

تفسیر قل اے محبوب ان جاہل آیت میں **قل** فرما کر بتایا گیا ہے کہ یہ بات کہنے کا حق کسی کو نہیں ہے تو ہم یہ فرمائیں کہہ سکے گا اجازت دیں گے اس کلام سے صاف معلوم ہو رہا ہے کہ آپ تا صبح حضور سے طلب کیجئے **قل انما انا بشر مثلکم** جیسے حضرات انبیاء سے فرمایا **ربنا ظلمنا انفسنا وان لم تغفر لنا وترحمنا لنکونن من الخاسرین، نعلمتها اذا وانا من الضالین** جیسا کہ قرآن کریم نے دوسری جگہ فرمایا کہ حضور اپنے کل محمد سے فرمایا کہ حضور سے معجزات طلب کرنے کی صفت حضور نے انکار فرمایا کہ حضور سے یہ صفت اپنے اختیار سے نہیں فرمائی بلکہ اس کی تخلیق ہوئی ہے صفت معجزات یا اس میں کمالات یا یہ ہے جس کا اللہ خالق ہو اس کے حضور سے ظہور میں آنا ضروری ہے **لا املک** میں ذاتی علمیت مراد ہے جو غیر کی نفی سے ثابت ہوتا ہے علمیت اختیارات کی آیتیں میں علمیت اختیارات مراد ہیں تفسیر خازن میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ علمیت مراد ہے اللہ تعالیٰ کے علم ذاتی کے ساتھ ہی ہے اس لئے اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کیا جا سکتا ہے یہ ناممکن ہے **انی کنت من الظالمین** (تفسیر)

www.alahazratnetwork.org

نفسی کے بہت معنی ہیں ذات، جان، خون، سانس وغیرہ یہاں یہ معنی جان ہی میں مراد ہو سکتے ہیں۔ رب سے مقابل اپنی ذات یا اپنی جان کے نفع نقصان کا مالک کہیں کہ رب مجھے نقصان دینا چاہے اور میں اس کا ارادہ اور اسے نفع حاصل ہوں وغیرہ۔ **نفعا" ولا ضرا"** یہ **لا املک** کا معمول ہے نفع نقصان سے لیا مراد ہے اس میں بہت قول ہیں (1) اس سے وہ ہی نفع و نقصان مراد ہے جس کا کفار نے مطالبہ کیا تھا چیزوں کے بھاؤ گرانی ارزانی کی خبریں مقامات کی تباہیاں ارزانی وغیرہ (کبیر) (2) اس سے عام دنیاوی نفع نقصان مراد ہیں کہ فلاں چیز فلاں کام مفید ہے اور فلاں فلاں مضر ہیں (3) اس سے دینی نفع نقصان مراد ہیں کہ فلاں شخص کو میری تبلیغ اثر کرے گی اسے تبلیغ کردی فلاں کو اثر نہ کرے گی اسے تبلیغ کرنے پر نہ ہوں (کبیر) (4) اس سے آخرت کے اعمال مراد ہیں یعنی میں خود اپنے اعمال کرنے برے اعمال سے بچنے پر قادر نہیں رب کی توفیق سے کرتا ہوں جو کچھ بھی کرتا ہوں (5) بھلائی سے مراد شکموں پر ہے برائی سے مراد تکالیف تنگی اور فاقہ ہیں یہ مطلب ہے کہ میں ان چیزوں کا مالک نہیں ورنہ اے منافقو یا اے کافرو تم سب کو سیر شکم بنا لیتا اور تم کو عافیت ہی میں رکھتا (خزائن العرفان) **الا ماشاء اللہ** قوی یہ ہے کہ یہ الا استثناء کا ہے اور ماشاء اللہ مستثنیٰ متصل ہے **ضرا و نفعا** کے اور **لا املک** کا معمول ہے یعنی کہیں میں اس نفع نقصان کا مالک ہوں سوائے اس کے اللہ چاہے اور مجھے مالک بنا دے (تفسیر کبیر) اس صورت میں **ما** موصولہ ہے اور **شاء اللہ** کا معمول پوشیدہ ہے یعنی **الذی شاء اللہ تملیکی ایاہ** سوائے اس کے جو اللہ نے مجھے مالک بنانا چاہا ہے **لا بمشیۃ اللہ** ہر حال مطلب یہی ہے کہ اللہ کے چاہنے سے نفع نقصان کا مالک ہوں پہنچانے کی اور دوسروں سے بھی جیسا کہ گذرہ علماء۔ تفسیر میں عرض کیا جاوے گا ماشاء اللہ بعض مصریں سے الا کو محض ہی کہا بعد میں اس پوشیدہ مان کر اس جملہ کو مستثنیٰ منقطع مانا جس اللہ جو چاہے وہ ہوتا ہے مگر پہلی ترکیب قوی ہے کہ دوسری آیت اس کی تائید کرتی ہیں **ولو کنت اعلم الغیب لاستکثرت من الخیر** اس فرمان میں میں کفار کے اس مطالبہ کا جواب ہے کہ آپ ہمیں پہلے سے چیزوں کے بھاؤ اس کے اتار چڑھاؤ کی خبر دے دیا کریں اور قحط سالی ارزانی کے مقامات بتا دیا کریں تاکہ ہم اس کا انتظام کے خوب نفع حاصل کریں اس فرمان میں دو مقصد ہو سکتے ہیں (1) حضور سے بڑھ کر علم غیب اور رب کے علم کے سامنے کالعدم قرار دیا گیا ہے کہ میں یا مخلوق میں سے کوئی بھی رب سے چھپی ہوئی قدرت نہیں رکھتا (تفسیر صاوی) جیسے سبحان اللہ کے معنی

ہمہ شہ اللہ آنچہ ہستی توئی

الٰہی تو ہی ہے تیرے سوا کوئی نہیں یعنی موجود تیری ہستی کے سامنے سب کالعدم اور نیست ہیں (2) یہاں ذاتی اور حقیقی علم کی نفی ہے مخلوق کی ہر صفت جاری و عارضی ہے اللہ تعالیٰ کی صفت ذاتی اور حقیقی ہیں (تفسیر صاوی) (3) یہ کلام عام اور آپ سے خاص طور پر ہے (تفسیر حاوی) ایک بڑے سے بڑا عالم بھی یہ نہیں کہہ سکتا کہ میں تمام غیب کا علم رکھتا ہوں (4) یہ آیت اس وقت کی ہے جب حضور کو علم غیب عطا نہیں ہوا تھا یہ آیت منسوخ ہے اس آیت سے **عالم الغیب فلا یظہر علی غیبہ احدا** (خازن) اس وجہ سے آیت زیر بحث اس آیت کے خلاف نہیں جس میں حضور کا علم غیب ثابت ہے (تفسیر صاوی، حاوی) **لا ستکثرت** بنا ہے استکثار سے۔ معنی زیادہ لینا مراد زیادہ لینا ہے یعنی اگر میں غیب جانتا تو خیر سے مراد دنیا کی چیزیں ہی ہوتیں ان میں سے مراد ہے رب تعالیٰ کے ارادہ کے مقابل بھلائی نفع سے مراد رب جلنی دینا

www.alahazratnetwork.org

چاہے اور حضور انور اس کے ارادہ کے خلاف بچالیں یہاں جمع کریں یہ ناممکن ہے یعنی مجھے ذاتی اور حقیقی علم غیب ہوتا تو مجھے ذاتی قدرت بھی ہوتی کہ یہ دونوں لازم و ملزوم ہیں اور اس میں اس پر قدرت رکھتا کہ اللہ کے ارادہ کے خلاف نہ جمع کرتا تو نہ مجھے ذاتی علم غیب بھی نہیں (تفسیر صاوی) لہٰذا یہ آیت ان آیت و احادیث کے خلاف نہیں جن میں ہے کہ رب نے حضور انور کو بہت خیر عطا فرمائی جیسے **انا اعطینک الکوثر** یا جیسے **یوت الحکمۃ وقد اوتی خیرا کثیرا** وغیرہ۔ **وما مسنی السوء** اس جملہ کی دو ترکیبیں ہیں ایک یہ کہ یہ جملہ یہ ہے اور یہ ابتدائیہ ہو سے مراد جنوں ہے یعنی مجھے جنوں نہیں پہنچا دوسرے یہ کہ واؤ عاطفہ ہے اور یہ جملہ ماقبل پر معطوف ہو کر **قل** کا مقول ہے یعنی یہ بھی فرمادیں کہ مجھے جنوں نے مس بھی نہیں کیا نبی کو جنوں سے کیا تعلق وہ تو تمام دنیا کے عاقلوں سے بڑے عاقل ہوتے ہیں تیسرے یہ کہ معطوف ہو **لاستکثرت** پر اور یہ اس کی جزا ہو یعنی میں اگر غیب جانتا ہوتا تو میں بہت خیر بھی جمع کر لیتا اور مجھے کبھی برائی نہ پہنچتی (خازن و صاوی وغیرہ) لہٰذا یہ آیت ان آیت و احادیث کے خلاف نہیں جن میں ہے کہ رب تعالیٰ نے اپنے حبیب کو دشمنوں کی شر سے بچا لیا فرماتا ہے **واللہ یعصمک من الناس** خیال رہے کہ یہاں بھی وہی مراد ہے جو **لا استکثرت من الخیر** میں مراد تھا یعنی اللہ کو چھوڑ ہوئی معصیت و برائی سے محفوظ رہتا کہ اس کے ارادے سے خلاف تھا سے بچ جاتا اس صورت میں سوء سے مراد اخروی و دنیاوی آفات و تکالیف ہیں **انا انا النذیر و بشیر لقوم یومنون** یہ بھی قل کا مقولہ یہاں حصر اضافی ہے حقیقی نہیں اس کا مطلب یہ نہیں کہ میں سوائے بشیر و نذیر کے اور صفات سے موصوف نہیں حضور نبی بھی ہیں رسول بھی شفیع بھی ہیں رؤف و رحیم بھی مطلب وہی ہے جو ہم نے عرض کیا کہ میں یہ خدا ہوں نہ خدا سے بے یار یہ اس کا مقابل میں اسکا بندہ ہوں نذیر ہوں بشیر ہوں چونکہ نذارت پہلے ہے بشارت بعد میں یہ نذارت سب کے لئے ہے بشارت صرف **مطیعون** کے لئے اس وجہ سے نذیر کو بشیر سے پہلے بیان کیا چونکہ حضور کی نذارت سے فائدہ صرف مومن اٹھاتے ہیں اس لئے **لقوم یومنون** فرمایا لہٰذا یہ آیت اس آیت کے خلاف نہیں **لیکون للعالمین نذیرا** حضور انور سارے جہانوں کے نذیر ہیں فرماتا ہے **کافۃ للناس بشیرا و نذیرا** حضور سارے انسانوں کے لئے بشیر و نذیر ہیں۔ خیال رہے کہ سارے نبی بشیر و نذیر ہوئے مگر ان حضرات کی بشارتیں نذارتیں سب تھیں حضور کی بشارت و نذارت دیکھ کر سنت اور دائمی ہے لہٰذا نذیر و بشیر کی تنوین تعظیم کے لئے ہے۔

خلاصہ تفسیر: اے محبوب مکرم آپ سے مطالبے کرتے ہیں کہ ہم کو آئندہ کے بھاؤ بتا دیں اور فلاں فلاں چیز بتاتے رہیں تاکہ ان چیزوں سے فائدے خود اٹھاتے رہو حالانکہ ان کے اس مطالبے کا مقصد تو یہ ہے کہ آپ اپنے رب تعالیٰ کے ارادے کے خلاف امور غیبیہ اللہ سے چھپے امور کو ظاہر کر دیں یہ تو عقلاً ناممکن ہوا کہ اس کی رسالت، احکام ربانی سنتے آپ ان کے جواب میں فرمادیں کہ اللہ تعالیٰ کے ارادے کے مقابل تو میں اپنی ذات کے نفع و نقصان کا مالک بھی نہیں کہ رب مجھے نقصان دینا چاہے اور میں اس کے مقابل نفع حاصل کر لوں یا رب مجھے فائدہ دینا چاہے اور میں اس سے خلاف نقصان دوں میں تو اسی قدر مالک و مختار ہوں جس قدر رب چاہے میری مملکت و اختیار اسی قدر ہے اگر میں رب کے مقابل علم غیب رکھتا ہوتا تو میں اس کے ارادے کے خلاف دنیا و دین کی خیر جمع کر لیتا اور مجھے خدا کی بھیجی ہوئی معصیت بھی نہ پہنچتی مگر ایسا نہیں ہے

ہو سکتا ہے میں خود اللہ رب تعالیٰ فرماتا ہے میں اس کی طرف سے تین رسول دو رسول کا نام بتاتا ہوں اور ان پر ایمان لانا ضروری ہے تم ان کے بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتے نہ ان کی تکذیب کر سکتے ہو۔

سلطنت مصطفیٰ در مملکت الٰہیہ

مالک حقیقی صرف اللہ تعالیٰ ہے اس کی عطا سے جس کو اس نے جو کچھ دیا ایک ذرہ ایک قطرہ کا مالک نہیں پھر اس کریم نے اپنے فضل و کرم سے اپنے بعض بندوں کو اپنی چیزوں کا مالک بنایا یہ بندوں کی یہ ملکیت عطائی عارضی مجازی ہے رب تعالیٰ کی ملکیت ذاتی واقعی حقیقی ہے اس مطلب کو قرآن مجید ہو احادیث صحیحہ میں ہے ملاحظہ ہو آیات قرآنیہ

1 قل اللھم ملک الملک تؤتی الملک من تشاء وتنزع الملک ممن تشاء	کہو اے اللہ ملک کے مالک تو جسے چاہے ملک دے اور جس سے چاہے چھین لے
2 واتینھم ملکا عظیما	ہم نے آل ابراہیم کو بہت بڑا ملک دیا
3 وسخرنا لسلیمان الریح تجری بامرہ	ہم نے سلیمان کے زیر فرمان ہوا کو کر دیا جو ان کے حکم سے چلتی تھی
4 انا مکنا لہ فی الارض واتیناہ من کل شئی سببا	بے شک ہم نے ذوالقرنین کو زمین میں قابو دیا اور ہر چیز کا ایک سامان عطا فرمایا
5 واوتیت من کل شئی ولھا عرش عظیم	ملکہ بلقیس کو ہر چیز میں سے حصہ ملا اور اس کا تخت ہے
6 ان الارض یرثھا عبادی الصالحون	اس زمین کے وارث میرے نیک بندے ہوں گے
7 ومن الجن من یعمل بین یدیہ باذن ربہ	ہم نے حضرت سلیمان کے تابع ایسے جن کر دیے تھے جو ان کے سامنے ان کے رب کے حکم سے کام کرتے تھے
8 واتاہ اللہ الملک والحکمۃ	اللہ نے داؤد کو ملک بھی دیا اور علم بھی

ان چھ آیات کی آیات میں رب تعالیٰ کی عطا سے اس کے بندوں کا مالک ہونا ثابت ہے اب حضور علیہ السلام کے پاس الٰہی ملکیت عطائی کا ذکر سنیے

1 انا اعطیناک الکوثر	ہم نے آپ کو کوثر (یعنی عالم خیر) عطا فرمایا (بخاری شریف)
2 ووجدک عائلا فاغنی	ہم نے آپ کو بڑی عیال والا پایا تو غنی کر دیا (بخاری شریف)
3 اعبھم اللہ ورسولہ من فضلہ	اللہ و رسول نے انہیں اپنے فضل و کرم سے غنی کر دیا

www.alahazratnetwork.org

4 **ولو انهم رضوا ما اتاهم اللہ ورسولہ** اگر وہ لوگ اللہ و رسول کے عطا سے راضی ہوتے

خود حضور ﷺ اپنے متعلق اپنے رب کی عطا کا ذکر فرماتے ہیں۔

1 **اوتیت مفاتیح خزائن الارض** مجھے زمین کے خزانوں کی کنجیاں عطا فرمائی گئیں

2 **لو شئت لسارت معی جبال الذھب** اگر میں چاہوں تو میرے ساتھ سونے کے پہاڑ چلیں۔

3 **انی املک مرافقتک فی الجنہ** یا رسول اللہ میں آپ سے جنت میں آپ کی ہمراہی مانگتا ہوں (مسلم)

اس کی مفصل اور مدلل بحث ہماری کتاب سلطنت و مملکت میں ملاحظہ کرو۔

فائدے اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ** کوئی بندہ بدلت خود کسی چیز کا مالک مختار نہیں ہے ہر ملکیت و اختیار ملتا ہے رب تعالیٰ کی عطا سے **دوسرا فائدہ** اطلاق سے کسی کی ایک تعمیم سے حاصل ہوا جیسا کہ حق تعالیٰ نے عرض کیا گیا جب بندے کی اپنی ہستی بھی ذاتی نہیں تو اس کی کوئی صفت ذاتی کیسے ہو سکتی ہے صفت تو جبھی ہیں ذات پر دوسرا **فائدہ** کوئی بندہ اللہ تعالیٰ کے ارادے کے مقابل کچھ نہیں کر سکتا تو کوئی کچھ بھی کرتا ہے اللہ تعالیٰ کے ارادے سے ہوتا ہے بلکہ بندے کا ارادہ رب تعالیٰ کے ارادے کے ماتحت ہے رب فرماتا ہے **وما تشاؤن الا ان یشاء اللہ** **فائدہ** **لا املک** کی دوسری تعمیم سے حاصل ہوئی **تیسرا فائدہ** حضور ﷺ اپنے رب کی عطا سے اس کی دین نفع و نقصان کے مالک ہیں جس کو جو چاہیں بلا پروردگار بخش دیں اور جس کو اپنی نظر سے گرا دیں وہ کبھی اٹھ نہ سکے یہ فائدہ **الا ما شاء اللہ** سے حاصل ہوا دیکھو تعمیر لا سے اطلاق کی نفی توڑ دی اس کی بہت قوی دلیلیں موجود ہیں دیکھو ہماری کتاب سعادت ابدیہ۔ **چوتھا فائدہ** اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو مخلوق کے نفع و نقصان کا مالک بنا دیا اور حضور اللہ کی تملیک سے مالک ہو چکے قیامت حضور سے لوگوں کو نفع حاصل ہو رہے ہیں یہ فائدہ **الا ما شاء اللہ** میں شاء کے ماضی فرمانے سے حاصل ہوا **پانچواں فائدہ** اللہ تعالیٰ نے بغیر بتائے کوئی شخص ایک ذرہ ایک پتے کا علم نہیں رکھتا جو شخص جو جانتا ہے اس کی تعلیم سے جانتا ہے یہ فائدہ **ولو کنت اعلم الغیب** سے حاصل ہوا **چھٹا فائدہ** علم غیب ذاتی کے لئے قدرت ذاتی ہر شے کا علم اس کی ایک صفت ذاتی ہوتا اس کی تمام صفات ذاتی ہوں گی تو ذاتی علم ذاتی قدرت الوہیت کی صفت ہے یہ فائدہ **ولو کنت اعلم الغیب لاستکثرت من الخیر** سے حاصل ہوا۔ **ساتواں فائدہ** نبی پر وحی ہوتی ہے کبھی خلاف نہیں ہوتے۔ **فائدہ** **وما مسنی السوء** کی ایک تعمیم سے حاصل ہوا دیکھو تعمیر ہاں اس کو خیر اور کبھی عیش بھاری فرماتا ہے رب فرماتا ہے **وخر موسی صعقا**۔ **آٹھواں فائدہ** حضور ﷺ تمام عالم کے ہی سب کے لئے بشیر بھی ہیں نذیر بھی یہ فائدہ بشیر و نذیر سے مطلق فرمانے سے حاصل ہوا۔ **نواں فائدہ** اگرچہ سارے نبی بشیر و نذیر ہیں کہ حضور سے ذکر ہوئے بلکہ خود رب تعالیٰ کو وکیل بشارتیں دیں اور فرمایا یہ فائدہ نذیر و بشیر کی تنوین سے حاصل ہوا۔ **دسواں فائدہ** اگرچہ حضور اور سارے انسانوں بلکہ سارے جہانوں کے بشیر و نذیر ہیں مگر آپ کی بشارت و نذارت سے فائدہ صرف موحدین ہی اٹھاتے ہیں یہ

www.alahazratnetwork.org

فائدہ **لقوم یومنون** سے حاصل ہو۔

پہلا اعتراض اس آیت سے معلوم ہوا کہ حضور ﷺ اپنی امت کو نفع نقصان نہیں پہنچا سکتے تو دوسروں کو کیا پہنچائیں گے پھر ان سے امید و خوف رکھنا ان سے حاجتیں مانگنا ان کے دروازے پر سائل بن کر جانا شرک ہے اللہ کے سوا کسی سے مانگنا ان سے کس امید رکھو اور کیا **جواب** اس اعتراض کے دو جواب ہیں ایک الزامی دوسرا تحقیقی۔ جواب الزامی تو یہ ہے کہ عام مسلمان حضرت موسیٰ علیہ السلام سے عرض کرتے تھے **ربنا اننا نخاف ان یفرط علینا او ان یطغی** غریب لوگ امیروں کی سے امید رکھتے ہیں تم لوگ امیروں کے دروازوں پر چندہ کی امید لے کر جاتے ہو رب فرماتا ہے **واما السائل فلا تنھر** حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا **ابری الاکمہ والابرص واحی الموتی باذن اللہ** میں اللہ کے علم سے مادر زاد اندھوں کو اچھا کر سکتا ہوں اور مردے زندہ کرتا ہوں حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا **اذھبوا بقمیصی ھذا فالقوہ علی وجہ ابی یات بصیرا** میری یہ قمیص لے جاؤ میرے والد کے چہرے پر ڈال دو وہ بینا ہو جائیں گے یہ سب نفع رب نے محبوب علیہ السلام سے فرمایا **ارکض برجلک ھذا مغتسل بارد وشراب** پاؤں زمین پر مارو اس سے پانی کے چشمے پیدا ہوں گے ان سے غسل کرو شفا ہوگی معلوم ہوا کہ بزرگوں کے پاؤں کا دھوون بھی شفا دیتا ہے ان کی قمیص دفع بلا ہے یہ حضرات ان کے تو کلت نفع دیتے ہیں موسیٰ علیہ السلام سامری پر ناراض ہوئے تو اس سے فرمایا **فاذھب فان لک فی الحیوۃ ان تقول لا مساس** جاؤ اپنی ساری عمر کہتا پھرے گا کہ مجھے چھونا نہیں چنانچہ ایسا ہوا کہ آخری عمر میں سامری کا یہ حال ہو گیا کہ جس سے چھو جاتا تو وہ بھی بیمار ہو جاتا اور سامری بھی معلوم ہوا کہ یہ حضرات نقصان بھی پہنچا سکتے ہیں تمہارا یہ قول ان تمام آیات کے خلاف ہے۔ **جواب تحقیقی** یہ ہے کہ ان تمام آیات میں حقیقی ذاتی ملکیت کی نفی ہے یعنی رب تعالیٰ کی مرضی کے خلاف اس نے مستقل نفع نقصان کی ملکیت کسی کو نہیں دی اور ہماری پیش کردہ آیات میں مجازی عطائی ملکیت کا ثبوت لہٰذا آیات میں تعارض نہیں۔ اس لئے اشاء اللہ سب کام اس کے حوالہ چاہے یعنی اللہ کے چاہے سے ہی نفع نقصان ملتا ہے ہمیں تمہارے اعتراض کا جواب خود اس آیت میں موجود ہے۔ **دوسرا اعتراض** اس آیت سے معلوم ہوا کہ حضور ﷺ کو مطلقاً غیب نہیں آپ بالکل بے خبر بھی جمع نہیں کی جس سے اپنے پاس کچھ نہ ہو تو خیر کیا دیں گے (وہابی) **جواب** اس سوال کے تین جواب ہیں دو الزامی ایک تحقیقی۔ پہلا الزامی جواب یہ ہے کہ قرآن میں علم غیب حضور اور کے لئے ثابت ہو چکا ہے حضور ﷺ ساری مخلوقات سے زیادہ علم والے ہیں یہ آیت علم غیب کی کامل نفی کر رہی ہے یہ آیت تمہارے بھی خلاف ہے (وہابی) اور دوسرا الزامی جواب یہ ہے کہ خود تمہارے بڑے اس آیت سے حضور کے لئے علم غیب ثابت کرتے ہیں دیکھو **ویعلمھم الکتاب والحکمۃ** سے لوگوں کو علم و حکمت سکھاتے ہیں **ومن یوت الحکمۃ فقد اوتی خیرا کثیرا** حکمت دی گئی بہت بھلائی دی گئی دونوں آیتوں سے معلوم ہوا کہ حضور ﷺ علم غیب دیتے ہیں۔ **جواب تحقیقی** یہ ہے کہ ان تمام ساری آیات میں علم غیب حقیقی ذاتی کی نفی ہے جس سے قدرت ذاتی ہو اس سے اور ثبوت علم غیب کی آیات میں علم غیب عطائی کا ثبوت ہے دیکھو الٰہی کی ہوئی ہماری تفسیر علم غیب کی نفیس تحقیق ہماری کتاب جاء الحق حصہ اول میں دیکھو اور علمیت سے

www.alahazratnetwork.org

متعلق ہماری کتاب سلطنت مصطفےٰ کا مطالعہ کرو۔ **تیسرا اعتراض** یہاں ارشاد ہوا کہ آپ صرف نذیر و بشیر ہیں یعنی آپ میں سوا ان دو صفتوں کے اور کوئی صفت نہیں پھر تم حضور کو شفیع المذنبین دافع البلا صاحب عطا کیوں مانتے ہو۔ **جواب** اس اعتراض کے بھی دو جواب ہیں ایک الزامی دوسرا تحقیقی۔ جواب الزامی تو یہ ہے کہ پھر تو حضور کو بہت سی ماننے والوں نے صفت عالمین حالانکہ یہ صفت قرآن سے ثابت ہیں۔ جواب تحقیقی یہ ہے کہ یہاں حصر حقیقی نہیں بلکہ صفت اضافی بیان کی گئی۔ **چوتھا اعتراض** یہاں ارشاد ہوا **لقوم یومنون** جس سے معلوم ہوا کہ حضور اور صرف مومنوں کے نذیر و بشیر ہیں مگر دوسری جگہ ارشاد ہے **للعلمین نذیرا** اس سے معلوم ہوا کہ حضور اور صرف جہانوں کے نذیر ہیں آیتوں میں تعارض ہے۔ **جواب** اس اعتراض کا جواب ابھی تفسیر میں گزر چکا کہ حضور کی عطا تو عالمین کے لئے ہے مگر عطا سے فائدہ وہی اٹھاتا ہے لہٰذا صرف مومنوں کو میرے یہاں مومنوں کے پینے کا ذکر ہے اس آیت میں حضور کی عطا کا ذکر ہے سورج سب کو روشنی دیتا ہے مگر چمگادڑ کی آنکھ سورج کی فیض میں نہیں آتی۔

تفسیر صوفیانہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے بندے بھی ہیں اس کے رسول بھی اس کے حبیب بھی۔ قرآن کریم نے مختلف آیتوں میں آپ کی مختلف صفات کا اظہار ہے۔ اس آیت میں حضور کی عبدیت کا ذکر ہے عبد یعنی بندہ۔ تو اپنا مالک ہوتا ہے نہ اپنے مال کا اپنے نفع نقصان کا سب کچھ اس کے مولیٰ کا ہوتا ہے وہ حقیقی المولیٰ ہوتا ہے جو مولیٰ کھلاتا ہے بندہ وہ کھاتا ہے جو وہ پہناتا ہے وہ ہی پہنتا ہے جب وہ سلاتا ہے تب سوتا ہے یہاں ارشاد ہوا کہ آپ فرمادو کہ میں اللہ کا عبد اس کا بندہ اس میں فنا ہوں نہ اپنے نفس کا مالک ہوں نہ اس کے نفع نقصان کا وہ چاہتا ہے وہی کرتا ہوں میری مرضی اس کی رضا میں گم ہے ایک عارف کہتا ہے

وغمک بالهدی فی کل امر　　فلست تشاء الا ما یشاء
ارید وصاله ویرید هجری　　ترکت ما اشاء لما یشاء

میرا علم اس کریم کے حضور غائب ہے میں تو اس کے سامنے اپنے کو بھی نہیں جانتا۔ شان نبوت کا تقاضہ یہ ہے کہ حضور علیہ السلام شریعت کے مالک کردئے گئے ہیں آپ کے ہاں سے چیزیں حلال بلکہ فرض ہو جاتی ہیں آپ کی کہ سے چیزیں حرام ہو جاتی ہیں۔ رب فرماتا ہے **یحل لهم الطیبات و یحرم علیهم الخبائث** فرماتا ہے **توحی من تشاء و توی الیک من تشاء** حضرت ابو حریرہ کی گوئی دو سے برابر کردی ایک صاحب کو اس کا کفارہ اسی کو عطا فرمایا یہ ہے حضور کی شان نبوت شان محبوبیت یہ ہے کہ حضور اللہ کی ہر چیز کے عطاء رب مالک ہیں نعمتوں میں حضور کا ہاتھ ہے حضرت ربیعہ کی بیوی حضرت عثمان کے ہاتھ حوض کوثر فروخت کردیا چاندی چھپا سونا چھپا لیا۔ کہا نہ تو میں بیچے رہے ہیں حتی کہ اللہ اور رسول کی جوتی بندھی ہوئی ہے یہ ہے شان محبوبیت یہ سب پیار کے حلوے ہیں۔

شریک اور حبیب میں کئی طرح فرق

خیال رہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے شریک نہیں اس کے حبیب ہیں انہیں اللہ کا شریک کہنے میں ہماری انتقاص ہے حضور تو ہیں شریک و حبیب میں چند طرح فرق ہے (۱) شریک کبھی ساری چیز کا مالک نہیں ہوتا اور نہ وہ شریک ہیں مگر حبیب اپنے

www.alahazratnetwork.org

محب کے سارے مال کا مالک ہوتا ہے۔

میں تو مالک ہی ہوں کہتا کہ ہو مالک سے حبیب یعنی محبوب و محب میں کہیں تیرا میرا!!

خالق کل نے آپ کو مالک کل بنا دیا دونوں جہاں ہیں آپ کے قبضہ و اختیار میں!

(2) شریک شرکت کی چیز میں خود مختار نہیں ہوتا یعنی ساتھی کے مشورہ کچھ نہیں کرتا مگر حبیب اپنے محب کی چیز میں خود مختار ہوتا ہے حضور باوجود الٰہی عرش و فرش پر ہونے کے اللہ کے مختار ہیں۔

کہی تمہیں دی ہے خدا نے سرکار بنایا تمہیں مختار بنایا!

حضور نے چاند توڑا تو رب نے یہ نہ فرمایا کہ ہم نے تم کو احکام کی تبلیغ کے لئے بھیجا ہے۔ اس لئے کہ آپ میری چیزیں توڑیں پھوڑیں سورج واپس کیا تو یہ نہ فرمایا کہ تم کو اس لئے نہیں بھیجا کہ میرا نظام عالم بدل دو۔ رات کو دن اور دن کو رات بنا دیا یہ ہے محبوبیت (3) شریک بھی کسی کام میں ضد نہیں کر سکتا اگر ضد کرے گا تو ساتھی کے گا کہ اپنا حصہ الگ کر لو مگر حبیب اپنے محب پر ضد کر سکتا ہے ضد کر کے اس سے جو چاہے لے سکتا ہے حضور حبیب ہیں ضد فرمائیں کہ حاجی کے سارے گناہ معاف ہو جاویں۔ فرمایا کہ حقوق اللہ معاف کر دیں گے مزدلفہ میں اگر ضد کی کہ مولیٰ حقوق عباد بھی معاف کر دے وہ معاف کرا لے یہ ہے محبوبیت۔

ال ایسے پیارے پہ صدقے جاں اک صدوں پر ہو قرباں
ضد کر کے اپنی امت کو بخشا لیا رحمت والے نے

(4) شرکت ختم ہو سکتی ہے محبت ختم نہیں ہو سکتی ہاں اگر محبت جگر اکلوتا بیٹا بھی ہماری محبت سے نہیں نکل سکتا حضور دونوں جہاں میں اللہ کی چیزوں کے مالک ہیں۔ حضور اللہ کا شریک نہ کہو نقصان میں رہو گے کہ اسلام سے نکل کر مشرک بن جاؤ گے۔ اس میں حضور کی توہین ہو گی کہ حضور کو تو نے مالک مانا پھر نہ مانا۔ کلمہ تو حضور کے حبیب ہیں ساری خدائی کے مالک ہیں۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ مالک دو قسم کے ہیں۔ ایک مالک نفع تام یعنی جس میں تو ہیں اور اس کے نفع کا مالک اپنے لئے نہیں بلکہ اے بندو تمہارے لئے مالک ہوں۔

کوئیں بنائے تے سرکار نی خاطر ونیں نی خاطر تمہیں سرکار بنایا!
دیون والیں داتا بنا منگن لئی سوالی ایسے داتا کی اس چوکھٹ سے ولی نہ جائے خالی

کریم کے مال میں فقیروں کا حصہ ہوتا ہے۔

ہاتھ اٹھا کر ایک ٹکڑا اے کریم! ہیں سخی کے مال میں حقدار ہم

جو دو سخا بر گدائے بے نوا

فقیر تسکار احمد یار عرض کرتا ہے کہ میں نے یہ سطور نور اس آیت کی تفسیر مدینہ منورہ سے واپس آکر لکھی ہیں یعنی 1390ھ میں حضور انور نے مجھے مدینہ منورہ میں ساڑھے چار ماہ رکھا اس دوران میں مجھ پر عجیب کرم فرمائیاں ہوئیں جن میں سے

www.alahazratnetwork.org

چند عرس کی بات ہے [illegible] مدینہ منورہ میں پھسل کر گر پڑے [illegible] دردِ شدید ہوا [illegible] دے کر [illegible] دردِ تواں میرے [illegible] تجھے [illegible]

جواب: اس کا جواب بھی تفسیر سے معلوم ہو گیا کہ اگر انفال سے مراد کفار کی متروکہ جائیداد ہو جیسا کہ بعض مفسرین نے کہا ہے تو اس آیت پر کوئی اعتراض نہیں اور اگر اس سے مراد مال غنیمت ہے تو بھی یہ ہیں کہ ان میں حکم اللہ رسول کا ہے جو چاہیں حکم دیں کسی کو قیاس وغیرہ کرنے کا حق نہیں اللہ میں ملکیت کا نہیں بلکہ اختیار کا ہے **تیسرا اعتراض** اس آیت سے معلوم ہوا کہ فاسق فاجر اور کینہ ور آدمی مومن نہیں کافر ہے ترک اطاعت ایمان مٹا دیتا ہے کیونکہ یہاں ایمان کو اطاعت پر معلق کیا کہ ارشاد ہوا **ان کنتم مؤمنین** جب موقوف علیہ نہ رہا تو موقوف بھی نہ رہا جب اطاعت نہ رہی تو ایمان بھی نہ رہا جب پھلت نہ رہی تو پھلت کی معلق چیزیں بھی نہ رہیں (تفسیر کبیر)۔ **جواب**: اس اعتراض کے چند جواب ہیں ایک الزامی باقی تحقیقی جواب الزامی تو یہ ہے کہ رب تعالیٰ نے گناہ کبیرہ کرنے والوں کو مومن فرمایا دوسرا جواب یہ ہے کہ یہاں اس اعمال کو ایمان پر معلق کیا ہے۔ نہ ایمان کو مذکورہ اعمال پر **ان کنتم مؤمنین** شرط ہے وہ اعمال جزا اور جزا شرط پر معلق ہوتی ہے۔ برعکس تیسرا جواب یہ ہے کہ یہاں کامل ایمان مراد ہے تو ان اعمال کاملہ کرنے والا کامل مومن نہیں۔ **چوتھا اعتراض**: تقویٰ اللہ رسول کی اطاعت دلوں کی صفائی تو سارے مسلمانوں کی کرنی چاہئے پھر مومن کی شرط کیوں لگائی۔ **جواب**: اس لئے کہ ان اعمال کا ثواب صرف مومن کو ملے گا اگر کوئی کافر ایمان لا کر مسلمان ہو جائے خوف خدا کا دعویٰ کرے دل صاف رکھے حضور کے بہت ارشادات عالیہ پر عمل کرے وہ ثواب کا مستحق نہیں لہٰذا آیت واضح ہے۔

تفسیر صوفیانہ مومن کی زندگی و اعمال سب ہی گویا انفال ہیں جو رب کی طرف سے ہمارے استحقاق کے بغیر ملے ہیں کامل مومن وہ ہے جس کے اعمال یعنی انفاس و اعمال اللہ رسول کے لئے ہوں ہو لے تو اللہ کے لئے لکھے تو اللہ رسول کے لئے حال یہ ہو

لب تو میرے ہیں طوطی پر کرم ہے تیرا انگلیاں میری ہیں پر ان میں قلم ہے تیرا

تقویٰ اختیار کرو یعنی غیر اللہ سے چوکنا رہو دنیا بھائیوں پر حسد لوگوں کی دل آزاریوں سے دل کو صاف رکھو کہ یہ چیزیں نور ایمان کو دل میں نہیں آنے دیتیں اگر تم حقیقی مومن ہو کہ تمہارا نام الست کے دن مومنوں کی فہرست میں لکھا گیا ہے تو اللہ رسول

www.alahazratnetwork.org

لے احکام بازوں سے قبول کرو۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ جیسے درخت کے پتے پھل پھول نشو نما میں بڑی ہوئی جڑ کی دلیل ہیں یوں ہی ظاہری تقوی طاعت خدا اور رسول دل میں چھپے ہوئے ایمان کی دلیل ہے **فلذا ان کنتم مؤمنین** فرمانا بالکل حق ہے اللہ نے حضور انور کو یہ قوت و قدرت بخشی ہے کہ حضرت عثمان غنی کے لئے مدینہ کو دو بار میں بائیں ہاتھ کو اپنے ہاتھ کے ذریعہ خدا کا ہاتھ بنا دیں کہ وہ فرما دیں کہ یہ میرا ہاتھ نہیں خدا کا ہاتھ ہے اور رب کے کہ محبوب تیرا ہاتھ میرا ہاتھ ہے **یداللہ فوق ایدیھم** لہذا حضور کو یہ اختیار بھی دیا کہ جس کے لئے جس حد کو چاہیں مدینہ بنا دیں بلکہ چاہیں تو مدینہ سے بڑھا دیں انہیں سب کچھ بنانا آتا ہے۔

بنا دو میرے سینہ کو مدینہ ناخدا بحر غم سے یہ سفینہ

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِیَتْ

ان کے سوا نہیں کہ ایمان والے وہ ہیں کہ جب ذکر کیا جائے اللہ کا تو ڈر جائیں دل ان کے اور جب تلاوت کی جائیں

ایمان والے وہ ہی ہیں کہ جب اللہ یاد کیا جائے ان کے دل ڈر جائیں اور جب ان پر اس کی آیتیں پڑھی

عَلَیْهِمْ اٰیٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِیْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّهِمْ یَتَوَكَّلُوْنَ ۚ الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ

ان پر آیتیں اس کی تو بڑھا دیں ایمان ان کے اور رب اپنے پر ہی توکل کریں وہ لوگ جو قائم رکھتے ہیں

جائیں ان کا ایمان ترقی پائے اور اپنے رب ہی پر بھروسہ کریں وہ جو نماز قائم رکھیں

الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ ۚ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ

نماز کو اور اس میں سے جو دیا ہم نے انہیں خرچ کرتے ہیں یہ ہی لوگ ہیں ایمان والے سچے ان ہی کے

اور ہمارے دیئے سے کچھ ہماری راہ میں خرچ کریں یہ ہی سچے مسلمان ہیں ان کے لئے درجے

لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِیْمٌ ۚ

واسطے ہیں درجے نزدیک رب کے ان کے اور بخشش اور روزی کرامت والی

ہیں ان کے رب کے پاس اور بخشش ہے اور عزت کی روزی

تعلق ان آیات سے کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق پچھلی آیات میں مسلمانوں کو حکم دیا کہ ان کی طرف سے دل میں میل نہ رکھو **واصلحوا ذات بینکم** لہذا اس کا نتیجہ بیان ہو رہا ہے کہ پھر تمہارے اس میں خوف الٰہی محبت الٰہی پیدا ہوں گے جو ایمان کی روح ہے۔ **وجلت قلوبھم** دوسرا تعلق پچھلی آیت کریمہ میں اللہ رسول کی

www.alahazratnetwork.org

اطاعت کا التزامی حکم دیا گیا اب اس التزام کی تفصیل ارشاد ہو رہی ہے **الذین یقیمون الصلوۃ** پچھلی آیت میں ایمان کی ظاہری علامات ارشاد ہوئیں۔ تقوی میں کامیل حول اطاعت خدا و رسول کب ایمان کی اصل حقیقت کلوکرے دل میں ہیبت الٰہی ہو تلاوت قرآن پر ایمان تازہ نماز میں خالق پر پورا توکل ہو نماز و زکوۃ پابند ہو وغیرہ۔

تفسیر انما المؤمنون انما حصر کے لئے ہے **المؤمنون** سے مراد کامل مومن ہیں ہم ایمان کی حقیقت پہلے پارہ کے شروع میں عرض کر چکے ہیں۔ **یریدون ان یفرقوا بین اللہ و رسلہ** کی تفسیر میں اگرچہ فرشتے اور بعض جنات بھی مومن ہیں مگر قرآن مجید میں جب مومن مطلق آتا ہے تو اس سے مراد انسان مومن ہوتے ہیں وہی یہاں مراد ہیں نمازیں قائم کرنا، زکوۃ دینا انہی مومنوں کی ہی صفت ہیں **الذین اذا ذکر اللہ وجلت قلوبھم** یہ عادت آئندہ سے حل **المؤمنون** کی جز ہے ظاہر ہے کہ **ذکر اللہ** سے مراد اللہ کی ذات و صفات کا ذکر ہے بعض نے فرمایا کہ اللہ کے عذاب کا ذکر مراد ہے مگر پہلا قول قوی ہے۔ ذکر اللہ کے معنی اس کے احکام و احکام ہم دوسرے پارے **فاذکرونی اذکرکم** کی تفسیر میں بیان کر چکے ہیں **اذا** کا عموم وقت کے لئے ہے۔ معنی جب کبھی خوف مہیبت تقوی اور وجل قریب معنی میں مراعۃ وجل معنی ہیبت ہوتا ہے خوف اشرا کے ذکر کو بھی چاہتا ہے یہاں یہ ہی معنی مراد ہیں شاعر کہتا ہے۔

لعمرک ما ادری واس لا وجل ۔۔۔ علی ایما تعدوالمنیۃ اولی

قلوبھم میں **ھم** کا مرجع مومنین ہیں ان میں اولیاء کرام کبار اصفیاء سب ہی شامل ہیں کہ رب کی ہیبت سب ہی دل میں ہے بلکہ جس قدر ایمان قوی اسی قدر رعب الٰہی زیادہ **واذا تلیت علیھم ایاتہ زادتھم ایمانا** یہ مومنین کاملین کی دوسری صفت ہے یہاں بھی اذا عموم وقت کے لئے ہے۔ معنی جب کبھی آیات سے مراد قرآنی آیتیں ہیں جیسا کہ **تلیت** میں تلاوت عام ہے خواہ سمجھ میں آئے یا نہ آئے ایمان کی زیادتی سے مراد مقداری زیادتی نہیں کہ یہاں میں مقداری زیادتی کی نہیں ہوتی بلکہ کیفیت کی زیادتی مراد ہے علم الیقین عین الیقین حق الیقین یہ مرتبے ہیں ان ہی میں ترقی ہوتی ہے یہ مطلب ہے کہ آیات نازل ہوتی رہتی ہیں یہ ان کی تصدیق کرتے رہتے ہیں یعنی صدق یہ کی زیادتی ایمان کی زیادتی ہے **وعلی ربھم یتوکلون** یہ مومنوں کی تیسری صفت ہے **علی ربھم** کو **یتوکلون** پر مقدم کرنے سے حصر کا فائدہ حاصل ہوا۔ توکل کے معنی ابھی پہلے پارہ میں بیان ہو چکے کہ توکل دو قسم کا ہے اسباب کا اور ترک اسباب والا اسباب والے توکل کو یوں بیان کیا جاتا ہے۔

گر توکل می کنی در کار کن ۔۔۔ کسب کن پس تکیہ بر جبار کن

یعنی وہ لوگ اپنے رب پر ہی توکل و بھروسہ کرتے ہیں۔ **الذین یقیمون الصلوۃ** یہ مومنوں کی چوتھی صفت ہے پہلی تین صفتیں دلوں کی تھیں یہ صفات جسم کی ہیں نماز پڑھنے اور نماز قائم کرنے میں فرق ہم پہلے پارے میں **یقیمون الصلوۃ** کی تفسیر میں عرض کر چکے ہیں نماز ہمیشہ پڑھنا صحیح پڑھنا بروقت پڑھنا دل لگا کر پڑھنا نماز قائم کرنا اللہ نصیب کرے۔ **ومما رزقنھم ینفقون** یہ مومنوں کی پانچویں صفت ہے اس کی تفسیر بھی پہلے پارہ میں اس آیت کے ماتحت ہو چکی ہے اللہ توفیق دے تو ہر روز میں سے اللہ کی راہ میں خرچ کرے صرف مال کی ہی زکوۃ پر کفایت نہ کرے پھر صرف ایک دو بار پر قناعت نہ

www.alahazratnetwork.org

کرے بلکہ ہمیشہ خرچ کرے ایک جگہ میں خرچ نہ کرے بلکہ ہر جگہ ہر اچھے مقام پر خرچ کرتا رہے ہر جگہ دانہ ڈالے۔ معلوم کون دانہ کب اگ جاوے اس لئے اسلام نے صرف زکوٰۃ نہ رکھی بلکہ اس کے ساتھ اور صدقات بھی جاری فرمائے اسی ایک جملہ میں یہ تمام باتیں بیان فرمادیں **اولئک ھم المؤمنون حقا** جن میں یہ پانچ صفات ہوں وہ سچے مومن ہیں حق کے معنی ہیں درحقیقت یا سچے یا پکے یا مضبوط تینوں معنی درست ہیں یعنی یہ لوگ ہی درحقیقت مومن ہیں یا یہ ہی لوگ سچے مومن ہیں یا پکے مومن ہیں حقا کے نصب میں بہت احتمال ہیں یا یہ موصوف کا حال ہے یا الحق پوشیدہ کا مفعول مطلق جیسے رب فرمائے **اولئک ھم الکافرون حقا** اب ان کے تین انعام بیان ہو رہے ہیں۔ **لھم درجات عند ربھم** اس فرمان عالی میں **لھم** کو مقدم فرمانے سے حصر کا فائدہ ہوا اور درجات جمع درجۃ کی عربی میں درجہ کے دو معنی ہیں سیڑھی اور منزلت و طبقہ جب معنی سیڑھی ہو تو اس کی جمع درج بروزن فعل آتی ہے اور جب معنی منزلت و طبقہ ہو تو اس کی جمع درجات آتی ہے یہاں معنی قرب و منزلت ہے (روح البیان) عند سے مراد قرب مکانی نہیں بلکہ قرب رتبی ہے یا تو اس سے مراد جنت کے طبقے ہیں جو بعد قیامت ملیں گے یا دنیا میں ایمانی عرفانی درجے مراد ہیں فرمایا نبی علیہ السلام نے کہ جنت کے سو درجات ہیں ہر دو درجوں کے درمیان فاصلہ اتنا ہے جتنا آسمان و زمین کے درمیان فاصلہ ہے۔ درجات کو رب کی طرف نسبت فرمانا ان کی عزت افزائی کے لئے ہے اور یہ بتانے کے لئے کہ ان کو ان درجات کا ملنا یقینی ہے کہ رب کا وعدہ ہے (روح المعانی) **ومغفرۃ ورزق کریم** یہ عبارت معطوف ہے درجات پر اور دوسرے دو انعاموں کا اس میں ذکر ہے مغفرۃ سے مراد ہے تمام چھوٹے بڑے گناہوں خطاؤں کی بخشش اور رزق کریم سے مراد ہے جنت یا جنت کی نعمتیں عربی میں ہر قابل تعریف کو کریم کہتے ہیں (روح المعانی) اور ہو سکتا ہے کہ رزق کریم سے مراد ہو دنیا میں حلال طیب روزی یا نیک اعمال کی توفیق کہ یہ بھی روحانی روزی ہے۔ سر حال اس عبارت کے بہت معانی ہو سکتے ہیں۔

خلاصہ تفسیر: اس آیت کریمہ میں رب تعالیٰ نے کامل و کامیاب مومنوں کی پانچ صفات بیان فرمائیں تین روحانی اور دو جسمانی اور ان کے تین خصوصی انعام بیان کئے چنانچہ فرمایا کہ پیارے کامل قدر مومن وہ ہیں جن کا حال یہ ہے کہ جب اللہ کا ذکر کیا جاوے خواہ اس طرح کہ دوسرا شخص انہیں ذکر سنائے یا اس طرح کہ وہ دوسروں کو سنائیں یا اس طرح کہ خود اپنے دل یا زبان سے ذکر الٰہی کریں تو ان کے دل ہیبت الٰہی اور جلال کبریائی سے ڈر جاویں اور جب ان کے سامنے آیات الٰہیہ یعنی قرآن مجید کی تلاوت کوئی کرے تو ان کی کیفیت ایمان میں ترقی ہو جاوے ایمان تازہ ہو جاوے اور وہ حضرت ہمیشہ صرف اپنے رب پر ہی بھروسہ کرتے ہیں کبھی اسباب پر عمل کر کے اور کبھی اسباب سے بھی بے پروا ہو کر ان کا توکل حال یہ ہے کہ ہمیشہ صحیح طور پر دل لگا کر ہر وقت نماز ادا کرتے ہیں اور ہماری ہوئی روزی سے ہماری راہ میں خرچ کرتے رہتے ہیں جو ان پانچ صفات سے موصوف ہیں وہی درحقیقت سچے پکے مومن ہیں انہیں رب کے ہاں درجات کی عطا ہے ان سے تمام گناہوں خطاؤں کی بخشش کا وعدہ ہے اور ان کے لئے دار آخرت میں عزت کی روزی ہے۔

حکایت: کسی نے خواجہ حسن بصری سے پوچھا کہ کیا آپ مومن ہیں آپ نے جواب دیا کہ ایمان دو طرح کا ہے ایک تو اللہ تعالیٰ اس کے فرشتوں کتابوں رسولوں قیامت کو مانا اس معنی سے میں مومن ہوں دوسرا وہ ایمان جو اس آیت میں مذکور ہے **اذا ذکر اللہ وجلت قلوبھم** مجھے پتہ نہیں کہ میں اس ایمان سے موصوف ہوں یا نہیں (تفسیر کبیر) یہ ہے خوف

www.alahazratnetwork.org

الٰہی۔

فائدہ سے اس آیت کریمہ سے چودہ فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ** اللہ تعالیٰ کی ہیبت اور خشیت سے خوف علامت ایمان ہے۔ اس قدر ایمان قوی اس قدر خوف زیادہ۔ یہ فائدہ **وجلت قلوبھم** سے حاصل ہوا۔ **دوسرا فائدہ** اگرچہ مومن کو ہر وقت کی خوف خدا رہتا ہے مگر یہ مصراب کا کام ہے کہ اس وقت اس خوف کا ظہور ہوا ہے طبور میں ستار میں تار ہر وقت سے ریکارڈ میں تار بھری ہے مگر مصراب یا سوئی لگانے پر اس تار کا ظہور ہوتا ہے یہ فائدہ **اذا ذکر اللہ** سے حاصل ہوا۔ اس سے ذکر اللہ کی بہت تاکید ہے۔ **تیسرا فائدہ** اللہ کی ہیبت اور خوف و خشیت دیا سے بے خوفی اور اطمینان قلب کا ذریعہ ہے۔ دیکھو یہاں ارشاد ہے **وجلت قلوبھم** مگر دوسری جگہ ارشاد ہے **لاخوف علیھم** اور ارشاد ہے **الا بذکر اللہ تطمئن القلوب** یعنی محبت ہی سے بے چینی یا کاہیں ہے محبت کا فیم ایں خوشی ست

ن صیب حق ہلی قہقہ لہ بو درج و محش ماہیہ شادی و خوشی

چوتھا فائدہ قرآن مجید خود پڑھنا بھی اچھا ہے اور دوسرے سے پڑھوا کر سننا بھی اچھا ہے یہ فائدہ **واذا تلیت علیھم** سے حاصل ہوا حضور پرنور نے حضرت ابی ابن کعب سے فرمایا کہ مجھے رب نے حکم دیا کہ تم سے قرآن مجید پڑھوا کر سنوں اس پر حضرت ابی رو پڑے کہ رب نے میرا نام لیا مطلوبہ یہ بھی ثابت ہے کہ حضور انور نے قرآن مجید پڑھوا کر سنا اور اس آیت کریمہ پڑھی۔ **وجئنا بک علی ھؤلاء شھیدا** قرآن سنا سنانا بہترین مشغلہ ہے۔ **پانچواں فائدہ** ایمان میں زیادتی ہوتی ہے یہ فائدہ **زادتھم ایمانا** سے حاصل ہوا اگر یہ زیادتی بحیثیت ایمان میں ہوئی ہے کہ مقلد ایمان میں تمام اولیاء مسلمان سے سارے مسلمان پورے مسلمان میں کمزوری ناقص ہے۔ اس سے اولیاء اہل حضرت قدس سرہ سے ایمان زیادہ ہوں مسلمان کو پورے ناقص ہی کہی اب فلاح حاصل پانی ہے کہ میں مرکز تم میں **چھٹا فائدہ** مومن اگرچہ اسباب اختیار کرتا ہے مگر توکل صرف خالق اسباب پر ہی کرتا ہے یہ فائدہ **علی ربھم یتوکلون** سے حاصل ہوا دوسری جگہ فرمان ہے **خذوا حذرکم ساتواں فائدہ** مومن کسی وقت میں بھی کسی سے بے نیاز نہیں ہو سکتا بلکہ اہل صلوٰۃ اہل ایمان اور یہ ہیں یہ فائدہ **الذین یقیمون الصلوٰۃ** سے حاصل ہوا۔ **آٹھواں فائدہ** عشق و محبت یوں ہی خوف و خشیت والا ایمان پکا ہے اور انشاء اللہ اور کامل صرف اطاعت والا ایمان ہوا اس صفت سے خالی ہو وہ خطرہ میں ہے یہ فائدہ **ھم المؤمنون حقا** سے حاصل ہوا جبکہ حق کے معنی ہوں پکا مضبوط۔ **فائدہ نمبر ۹ ومما رزقنھم ینفقون** سے پانچ فائدے حاصل ہوئے اہل اللہ کی راہ میں خرچ کرنا چاہیے کہ ہمارے حلال مال خرچ کرنے سے حرام بعض مال خیرات کرے۔ کہ کل ہر کار خیر میں مال خرچ کرے صرف روٹی پر قناعت نہ کرے خیرات ہمیشہ کرتا رہے ایک بار پر قناعت نہ کرے ہم اس کی تفصیل پارہ الم کے شروع میں اسی آیت کے تفسیر میں عرض کر چکے ہیں۔ **چودھواں فائدہ** اللہ تعالیٰ اپنے مقبول بندوں کو دنیا میں بھی درجات عطا فرماتا ہے اور آخرت میں بھی۔ ان درجات کی عظمت وہی جانے یہ فائدہ درجات کی جمع سے کثرت کے معنی ہونے اور مطلق ہونے سے حاصل ہوا دیکھو تفسیر پندرھواں فائدہ۔ اللہ تعالیٰ اپنے مقبولوں کو آخرت کی روزی عطا فرماتا ہے دنیا میں بھی آخرت میں بھی یہ فائدہ **رزق کریم** سے حاصل ہوا رب تعالیٰ نصیب کرے۔

www.alahazratnetwork.org

پہلا اعتراض اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ اللہ کے ذکر سے مومنوں کے دل ڈر جاتے ہیں مگر دوسری جگہ ارشاد ہوا **الا بذکر اللہ تطمئن القلوب** اللہ کے ذکر سے دل چین پاتے ہیں ان دونوں آیتوں میں تعارض ہے۔ **جواب** اس اعتراض کے دو جواب ہیں ایک علماء دوسرا صوفیاء نے۔ جواب صوفیاء تو ہم تفسیر صوفیاء میں عرض کریں گے جواب علماء یہ ہے کہ اللہ کے ذکر سے اللہ کا خوف آخرت کا خوف پیدا ہوتا ہے مگر دنیاوی تکلیف سے امن و چین حاصل ہوتا ہے رب سے خوف دنیا سے بے خوفی کا ذریعہ ہے اس آیت میں دنیاوی امور میں مومن کا اطمینان مراد ہے اور اس آیت میں اللہ کا خوف مراد۔ **دوسرا اعتراض** اس آیت سے معلوم ہوا کہ اللہ کے ذکر سے مومنوں کو خوف حاصل ہوتا ہے مگر دوسری آیت میں ہے **لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون** اللہ والوں کو نہ خوف ہے نہ غم دونوں آیتوں میں تعارض ہے۔ **جواب** اس اعتراض کا جواب پہلے اعتراض کے جواب سے حاصل ہو گیا اللہ والوں کو اللہ کا خوف ہوتا ہے انہیں دنیا اور دنیا والوں کا خوف نہیں ہوتا خدا کا خوف غیر خدا کے خوف سے نجات کا ذریعہ ہے۔ **تیسرا اعتراض** مگر موسیٰ علیہ السلام کو فرعون سے اور طور پر سانپ سے ڈر ہوا کہ انہوں نے عرض کیا **بنا انا نخاف ان یفرط علینا** اللہ والے ڈرتے بھی تھے اور اللہ سے ڈرتے بھی۔ **جواب** دو خوف ایک اتنا کہ خوف اطاعت **لا خوف** میں اس کی نفی تحقیق دوری کتاب ثمار صبیب مرحوم کے صفحہ میں ملاحظہ ہو۔

چوتھا اعتراض اس آیت سے معلوم ہوا کہ تلاوت قرآن سے مومن کے ایمان زیادہ ہوجاتے ہیں مگر متکلمین فرماتے ہیں کہ ایمان میں زیادتی کمی نہیں ہوتی وہ تو ایک بسیط چیز ہے چنانچہ امام ابو اللیث سمرقندی نے اپنی تفسیر میں سیدنا ابو ہریرہ سے روایت کی کہ نبی تصنیف کائنات کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر پوچھا یا رسول اللہ کیا ایمان میں زیادتی کمی ہوتی ہے فرمایا ہیں ایمان دل میں عمل ہی تک متصل بیان کرنے آیت و حدیث میں تعارض ہے (روح المعانی) **جواب** اس کا جواب ابھی تفسیر میں گزر گیا کہ ایمان مقدار میں نہیں زیادہ ہو سکتا کوئی شخص تو حضرات مومن نہیں ہوتا سارے قرآن کا منکر بھی پورا کافر ہے اور ایک آیت کا منکر بھی پورا کافر ہے۔

ہاں کیفیت میں زیادتی کمی ہوتی ہے ایمان ہمارے اللہ رسول پر یقین کا اور یقین کے کئی مرتبے ہیں علم الیقین عین الیقین حق الیقین اس لئے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے عرض کیا تھا کہ مجھے مردے زندہ کر کے دکھا دے فرمایا کیا تمہارا اس پر ایمان نہیں تو فرمایا **بلی ولکن لیطمئن قلبی** یہاں کیفیت ایمان کی زیادتی مروی ہے لہٰذا کوئی نہیں کہہ سکتا کہ میرا ایمان ابی یا جبریل کے ایمان کی طرح ہے اس کی برابر ہے فرمایا ہی ﷺ نے کہ اگر سارے زمین والوں کا ایمان ابوبکر میں رکھ دیا جائے تو ابوبکر کا ایمان زیادہ ہوگا (تفسیر کبیر) یعنی حضرت صدیق کی معرفت ایسی بہت قوی ہے **پانچواں اعتراض** اس آیت سے معلوم ہوا کہ بندوں کو صرف رب تعالیٰ ہی عطا کرنا چاہئے تو یوں نعمتوں کے دروازوں پر جانا مگر یہ چاہئے کہ یہ توکل علی اللہ کے خلاف ہے۔ **جواب** اس کے کئی جواب ہیں جواب الزامی تو یہ ہے کہ پھر تم کو بھی ساری قوس داری مظلومیت میں حکیموں امیروں حاکموں کے پاس نہ جانا چاہئے۔

تیری انگلے تو حکیموں سے کرے استدلال ۔۔۔ یا محمد سے بگڑتی ہے طبیعت تیری

دوسرا جواب یہ ہے کہ ان کے دروازوں پر خود رب بھیج رہا ہے **ولو انہم اذ ظلموا انفسہم جاءوک** تیسرا جواب

www.alahazratnetwork.org

یہ ہے کہ نبیوں ولیوں کے آستانے خدا تعالیٰ کے دروازہ ہیں ان کے پاس جانا اللہ تعالیٰ کے پاس جانا ہے۔

ہر کہ خواہد ہم نشینی با خدا ۔۔۔ نوشیند در حضور اولیاء

چوں شدی در راہ حضور اولیاء ۔۔۔ آں چناں داں دور گشتی از خدا

خیال رہے کہ توکل دو طرح کا ہے ترک اسباب والا توکل کوئی کرتے کبھی کبھی حضور انور سید عالم ﷺ بھی فرماتے مگر حضور نے اسباب اختیار فرمائے دوسرا اسباب والا توکل اسباب پر عمل ہو مگر اسباب پر نظر ہو حضور انور نے میدان بدر میں مجاہدین کو پہنچایا پھر رب پر توکل فرمایا۔ چھٹا اعتراض اس آیت سے معلوم ہوا کہ ان پانچ صفت سے جو موصوف ہوں وہ سچے مومن ہیں **هم المؤمنون حقا** یہ ولی محمد صاحب مومن بھی ہوتے سارے مومن ہی سچے مومن ہیں۔ **جواب** اس شبہ کا بھی تفسیر میں گزر گیا کہ حقا کے بہت معنی میں ایک معنی یہ بھی ہیں یعنی ان حضرات کا ایمان اللہ تعالیٰ پاتے اور روس ہے جنت منزل مقصود پر پہنچے گا اس کے لیے ایمان حضور میں ہے ہر مومن دو قسم کے ہیں قوی مومن اور ضعیف مومن ضعیف مومن ہیں جیسے منافقین نہ قوی وہ مومن تھے اس لئے ان پر جہنم ہوا حضرات صحابہ قوی مومن بھی ہیں اور ضعیف بھی مومن بھی یہاں حقا سے یہ بتایا مومن مراد ہیں۔

تفسیر صوفیانہ نور ایمان کی مثال یہ ہے کہ دل کو نرم آنکھوں کو تر رونگٹے کھڑے کر دیتا ہے اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ مومن تلاوت قرآن پر روتے ہیں **ترى اعينهم تفيض من الدمع** اس کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں **تقشعر منه جلود الذين يخشون ربهم** ان کے ایمان کی کیفیت میں زیادتی ہو جاتی ہے مگر یہ حال ابتدائی ہے انتہا والوں کا حال اس کے علاوہ ہوتا ہے انہیں اطمینان قلب سکون چین عطا ہوتا ہے وہ تلاوت قرآن ذکر اللہ کی تب رکھتے اس کا تحمل کرتے ہیں ان کے لئے فرمایا گیا **الا بذكر الله تطمئن القلوب** تالاب میں پتھر پھینکو تو اس میں تلاطم پیدا ہو جاتا ہے وہ پتھر سمندر میں ڈالو تو وہاں جنبش بھی نہیں ہوتی پتھر ایک ہے مگر پانی کی گہرائیوں میں فرق ہے۔

حکایت ایک صحابی حضور کی خدمت حاضر ہوئے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ ہم نے قرآن سنا تو تڑپ گئے تھرتھرا گئے ہو بکر صدیق نے فرمایا یہ شروع اسلام میں ہم بھی ایسے تھے **ثم قست قلوبنا** پھر ہمارے دل پختہ و مصمود ہو گئے (روح البیان) اس فرمان عالی میں دو حرفی اشارہ ہے۔

موسیٰ رسول رفت بہ میقات ۔۔۔ تو ہیں دات ای نگری و در تسکی

ابتداء میں تلاطم و شور ہے انتہاء میں سکون و اطمینان ہے۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ ایمان ایک نور ہے وہ مومن کے دل میں روز بروز کی بقدر بڑھتا ہے قرآن پڑھنے کے وقت اس کو وسیع کر دیتا ہے جس سے نور ایمان زیادہ داخل ہوتا ہے یہ معنی ہیں **زادتهم** سے ایمان کے اس مقام پر پہنچ کر مومن اسباب سے بے زار ہو جاتا ہے۔

ہر کہ نور بحر متحقق شود ۔۔۔ فارغ از کشتی و از زورق شود

غرقہ دریا بجز دریا نہ دید ۔۔۔ غیر دریا ہست مرے را نہ دید

کشتی پر نظر اس کی ہوتی ہے جو سمندر کے اوپری سطح پر ہو جو اس میں غوطہ لگا کر تہہ کو پہنچ جاوے وہ کشتی کا محتاج نہیں (روح

سبحان اللہ **وعلی ربھم یتوکلون** یہاں دو طریقے ہیں عقلی اور عشقی عقلی یہاں اور وہاں کا خطرہ ہے یہ عقل اس کی بنیادوں پر ہے عقل اور ایمان کی عمارت بھی مضبوط ہوتی ہے مگر عشقی ایمان دوست اور دوست کے کہ اس کی بنیادوں پر ہے عقل سے بلکہ اس کے ایمان سے بھی فنا ہو جاتا ہے

عقل و خرد سے دوست میں حق پہ ایمان کی بنیاد رکھ

ان دونوں والوں کے لئے رب نے فرمایا **اولئک ھم المؤمنون حقا** اللہ و اللہ رسول کو دل سے مانو انہیں دل میں رکھو دل میں سوا ان کے کوئی نہ رہے۔

عشق آمد عقل رفت چو شد صبح آمد شمع خود ناکارہ شد

عشق وہ خوف خدا یہ دونوں وہ چیزیں ہیں جس کے آنے سے تمام ظلمتیں خود بخود دور ہو جاتی ہیں علامہ اپنی انانیت بھی عشق سے ہی ختم ہوتی ہے

آپ آمد وہ ہے اور میں تیمر برخاست مشعلہ خاک اپنی ہوا اور نور کا ہالہ تھا

كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ
جیسے اچھا کام کیا تمہارے رب نے تمہارے گھر سے تمہارے ساتھ حق کے اور بیشک ایک گروہ مسلمانوں کا ہے
جس طرح اے محبوب یہ حق تمہارے گھر سے حق کے ساتھ برآمد کیا اور بیشک مسلمانوں کا ایک
لَكٰرِهُوْنَ ۙ يُجَادِلُوْنَكَ فِى الْحَقِّ بَعْدَمَا تَبَيَّنَ كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى
اللہ ناپسند کرتے وہ تھا جھگڑا کرتے تھے تم سے سچی بات میں بعد اس کے کہ ظاہر ہو چکی گویا وہ ہے
کراہت میں رہے، خوش تھا سچی بات میں تم سے جھگڑتے تھے بعد اس کے کہ ظاہر ہو چکی گویا وہ
الْمَوْتِ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ۚ
جائے ہیں طرف موت کے حالانکہ وہ دیکھتے ہیں
آنکھوں دیکھی موت کی طرف ہانکے جاتے ہیں

تعلق اس آیت اور پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق گزشتہ پچھلی آیت میں غازیوں اور نہ جانے والوں کا اختلاف تھا جو غزوہ سے فارغ ہونے کے بعد تقسیم غنیمت میں واقع ہوا کہ بعض نے کہا کہ صرف لڑنے والوں کو ہی ان غنیمت میں سے حصہ ملنا چاہیے غیر حاضر والوں کو نہیں ملنا چاہیے اس میں غازیوں کے اس اختلاف کا ذکر ہے جو غزوہ بدر سے پہلے واقع ہوا بعض نے کہا کہ ہم عنقریب ہی جائیں گے قافلہ پر حملہ کریں گے لہٰذا ہمیں غنیمت ملنی چاہیے جو جماعت نہ جا سکی اس نے کہا کہ ہمیں معلوم ہو گیا ہے

www.alahazratnetwork.org

بعض لوگ اس جنگ سے مختلف تھا مگر متوکلین نے توکل علی اللہ کیا کفار پر غالب آئے اور اختلاف کرنے والوں کو بھی ذلت اٹھانی پڑی حضرت صدیق اکبر و فاروق اعظم اور مقدادؓ ان دونوں معاذ اللہ جیسا کہ آگے معلوم ہوگا۔ **تیسرا تعلق** بھی پہلی آیت سے ہے جس میں بتایا تھا کہ فتح مومنوں کو اللہ کی طرف سے رزق ہے یعنی غیب سے روزی عطا ہوتی ہے اب عرض کرتا ہے کہ یہ فتح و نصرت اللہ کی طرف سے ہے اللہ تعالیٰ نے ان حضرات کو ملائکہ سے مدد دی اور مقدمہ کے تیسرے حصہ میں عطا فرمائی

نزول یہ آیت یہ تینوں واقعہ بدر سے متعلق ہیں ہوں **واقعہ یہ تھا** قریش کا قافلہ ابوسفیان کی سرکردگی میں مکہ معظمہ سے شام تجارت کے لیے گیا ہے ابوسفیان قافلہ سمیت ہی مع سوا لاکھ تولے چاندی کے مسلمانوں سے مقابل حق تیار ہوئے خرچ کرتا تھا قافلہ تجارت لے کر مکہ معظمہ واپس ہوا تو حضور پرنور ﷺ مسلمانوں کو ان کی خبر دی اور فرمایا کہ اس میں صرف چالیس آدمی ہیں ان میں ابوسفیان عمرو بن عاص مخرمہ بن نوفل جیسے سردار بھی ہیں ان کا مال تجارت لے کر واپس جا رہے ہیں مسلمانوں کا قافلہ تجارت نہیں ہے یہ مال ان قافلہ والوں کا ہے اور ان کے ساتھ مال بہت تھوڑا ہے اور ان کے ساتھ مال بہت تھوڑا ہے اور ان کے ساتھ مال بہت تھوڑ

www.alahazratnetwork.org

جماعت سے اکثر نے عرض کیا کہ ہم یہ چاہتے ہیں کہ تم جنگ کی تیاری کر کے مدینہ منورہ سے نہیں چلے حضور نے فرمایا کہ عیر تو گیا لب فعیر سے دو دو ہاتھ کرنا ہیں ہی پڑیں گے یہ سنا کہ حضور عیر کے پیچھے چلے عیر کو چھوڑ دیئے حضور پر ناراض ہوئے حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما نے ان لوگوں سے بہت ہی دل شکن اور سخت تقریر کی پھر حضرات کو جوش آیا حضرت مقداد بن اسود کھڑے ہو کر بولے یا رسول اللہ آپ کو جہاں رب لے چلے ہم آپ کے ساتھ ہیں حضرت موسیٰ کے ساتھی نہیں جو آپ سے کہہ دیں کہ **اذھب انت وربک فقاتلا انا ھھنا قاعدون** آپ اور آپ کا رب جائیں دونوں جہاد کریں ہم تو یہاں ہی بیٹھے رہیں گے بلکہ ہم تو یہ کہتے ہیں کہ **اذھب انت وربک فقاتلا انا معکما مقاتلون**۔ آپ اور آپ کا رب جنگ کے لئے جائیں ہم آپ کے ساتھ جہاد کریں گے اس پر حضور انور بہت خوش ہوئے پھر حضرت سعد ابن معاذ اٹھ کر بولے۔

تعالیٰ اللہ یہ شیوہ ہی نہیں ہے بادلوں کا پانی ہے دودھ ہم لوگوں نے بیعت عقبہ میں یا رسول اللہ اگر حضور ہم کو سمندر میں کود جانے کا حکم دیں تو ہم کو کوئی عذر نہ ہوگا ہے ہمارے ہتھیار کو جائیں گے اس پر حضور انور بہت خوش ہوئے اور فرمایا کہ چلو اللہ پر توکل کرتے ہیں کفار انشاء اللہ فتح شکست پائیں گے میں کفار کے قتل گاہ دیکھ رہا ہوں پھر جنگ بدر کا واقعہ پیش آیا جو ہم پہلے پارہ میں تفصیل وار لکھ چکے ہیں اس آیت کریمہ میں اس واقعہ کا اس سے متعلق یہ آیت نازل ہوئی دیکھو تفسیر روح البیان روح المعانی وغیرہا خازن مدارک وغیرہ۔

تفسیر کما اخرجک ربک اس عبارت کی بہت ترکیبیں کی گئی ہیں آسان ترکیب یہ ہے کہ **کما** میں کاف تشبیہ کا ہے ما موصولہ ہے یا مصدریہ اور یہ عبارت یک پارچہ عبارت کی خبر ہے مطلب یہ ہے کہ غنیمت بدر میں آپ نے جو تقسیم کی ہے وہ ایسے ہی حق ہے جیسے آپ کا خروج بدر کے لئے اپنے گھر سے نکلنا برحق تھا اور ان لوگوں کا اس تقسیم کو ناپسند کرنا ایسے ہی ہے جیسے آپ کے بدر کی طرف روانگی کو ناپسند کرتے تھے اور تقسیم غنیمت جو آپ نے کی ہے یا کرنا چاہتے ہیں ایسی فائدہ مند ہے جیسے آپ کی روانگی بدر کی طرف اور عروہ فرمانا مفید ہوا اگر کہ رب تعالیٰ نے تقسیم غنیمت و تنبیہ ہی سے بدر کی روانگی سے یا مفید ہونے میں یا ان لوگوں سے ناخوش ہونے میں یا برحق ہونے میں یہ معنی بالکل واضح اور آسان ہیں آئمہ خازن اور کبیر نے اس کے اور بہت معنی کئے ہیں حتی کہ فرمایا کہ یہاں کاف بمعنی علی ہے یا بمعنی فی قسم کا ہے مگر یہ تکلف ہے خیال رہے کہ حضور علیہ السلام کی مدینہ منورہ سے روانگی طرف روانگی یا تو حضرت جبریل کے عرض کرنے پر تھی یا وحی اپنی سے شریف سے بہرحال تھی رب کی طرف سے یہ وحی حضرت اسرافیل کا عرض کرنا وحی ہے اور حضور انور میں پیدا ہونا الہام و روحی خفی ہے لہٰذا یہ فرمانا بالکل درست ہے کہ آیت کے رب نے روانہ کیا درست فرما کر باریک اشارہ اسی طرف ہے اللہ تعالیٰ اپنے بندے کو نہیں بھیجتا مگر اس سے پہلے کہ وہ کہیں جائے یا کوئی کام کرے وہ رب ہے دیکھ و حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرعون سے بھاگنے والوں کی کیسی شاندار حفاظت فرمائی کہ اس مردود نے جس کی خاطر اسی نالائق نے اسے حوالی کیا یہ رب ہی

شان ربوبیت **من بیتک بالحق** اس فرمان عالی میں من بیتک کا تعلق ہے اخرج سے اور باحق متعلق ہے متعلق کے حال ہے **اخرجک** کے کاف سے روح البیان معالی وغیرہا بیت سے مراد یا تو حضور انور کا مدینہ والا وہ گھر ہے جس میں آپ

www.alahazratnetwork.org

رہے تھے خواجہ صاحب ماشاء صدیقہ فاطمہ وہ بھی ویسی ہی صاحب کمال ہو سکتا ہے کہ خود بے صبر اور ہمدرد حضور اور کا دائمی گھر ہے عربی میں بیت دھل دھی کہتے ہیں (تفسیر بیضاوی) **وان فریقا من المومنین لکارھون** یہ فرمان حال گزشتہ فرمان قال سے بدلا ہوا ہے یعنی فرمایا ہے کہ سارے حضرات ناخوش نہ تھے بلکہ کچھ ہی تھوڑے سے تھے یا کہ فریقا کی تنکیر سے معلوم ہو رہا ہے یہ تھوڑی ہی تھے ہیں حضرت ابو ایوب فرماتے ہیں یہ حضرات اسی ناخوشی کی وجہ سے یہاں سے مدینہ چل دیئے مومن ہیں رسول اور ہمدرد ہیں یہ ناخوشی حضور اور حکم شریعت سے نہ تھی کہ یہ تو حضرت بعد اپنے سب سے بڑھ کر ہیں اور تیار ہو کر ہی تھے یہ جہاد رسول اللہ حضرت حال مقدر ہے یعنی آگے چل کر ناخوش ہونے والے تھے **فادخلوھا خالدین** میں خالدین حال مقدرہ ہے یعنی ان کی ناخوشی ہمیشہ رہنے کی نہ تھی اس وقت تو وہ بہت خوش تھے ابو سفیان کے ساتھ تھوڑے تھے وہ مال غنی سے واپس ہو گئے جب انہیں یہ خبر ملی کہ ابو سفیان کا قافلہ بچ گیا ہے تو حضور سے لڑنے آئے ہیں ناخوش ہوئے کہ ہم کچھ نہ پائے اور بے تیار ہو کر آئے تھے اور یہ ناخوشی بھی تھی جیسے بعض اوقات ماں باپ بچوں کو مصلحتاً پرہیزگی سے **یجادلونک فی الحق** یہ حالت **لکارھون** کی ہے حال سے **کارھون** تک یعنی مرادلہ اور مجادلت کا محل یہی ہے اور معمول عامل کے درمیان رہتا ہے **قد سمع اللہ قول التی تجادلک فی زوجھا** حال ہے ضمیر سے یعنی ناخوش ہونے والے تھے اس حال میں کہ ان کی حضرت میں حق سے جھگڑتے تھے جیسے میرے حق میں کرتے رہتے ہیں حضور سے مراد یہ ہیں کہ مقدر ہے اس کے لئے تیار ہو کر میں روانہ ہوئے ہیں حال یہ ہے کہ یہ لوگ میں ہمارے مقابل ہمت سارے ہو جانے کی وجہ سے لڑنے کے لئے تیار ہو کر مقابل ہی سے چلے فیرے مقابل یہ ہے کہ وہ حضور اور اللہ تعالیٰ حق ہے اس سے فی حق ارشاد ہوئی حق غنیمت تمہارے کچھ پر موقوف نہیں حوالہ کی ہاں حق آپ سے شدید ہی حق ہے تمہاری عقل میں آ رہا ہے **یجادلونک** یہ طرف ہے **یجادلونک** کا اس میں بیان ہے موصول سے یہ حضور سے ظاہر ہونے سے مراد حضور شہید کا حق ہے اسلام میں ہم کو یہ کہنے میں شاید ہو یہ حضور کی غیبت ہو گی ہمیں ان لوگوں کی حق کا پتہ رہا ہے اس لئے بعد میں ان کی قسم کا ذکر ہو رہا ہے قرآن کا فرمان حال ہے **کانما یساقون الی الموت** اس فرمان حال میں ان حضرات کی بے اختیاری بات کہی ہے یہ ساقوں بنا ہے سوق سے پیچھے سے ہانکنے والے کو کہتے ہیں اس سے گاڑی ہانکنے والے اور راہ رو ہوتے ہیں اور گھسٹنے سے کھینچنے والے کو کہتے ہیں یہ حضرات سے مراد ہیں حضور سے **وھم ینظرون** یہ ساقوں کی ضمیر سے حال ہے یعنی اس وقت ان کو ظاہر طور پر موت سامنے نظر آ رہی تھی جیسے کسی پر کوئی ظاہر بین دیکھ رہا ہو اس وقت ان حضرات کی صفائی بیان کی گئی ہے جیسے بچوں میں بعض وقت بے اختیاری سے قے اور رفع حاجت ہو جاتی ہے ایسے ہی ان لوگوں کی یہ بے اختیاری تھی یہ حضرات اس وقت سے واقف اور اس وقت سے ہمدرد تھے اور اس کا مقابلہ کرنے کی تیاری کر کے آئے تھے۔

www.alahazratnetwork.org

خلاصہ تفسیر اے محبوب بدر کی غنیمت کی تقسیم پر غازیوں میں جو کچھ بحث ہوئی ہے یہ بھی ایسی ہی ہے جیسے کہ جب آپ کو رب تعالیٰ نے مدینہ منورہ سے کفار قریش کے مقابلہ کے لئے روانہ فرمایا اور کچھ بعد ابوسفیان سے قافلہ کے ابوجہل کے لشکر سے مقابلہ کی نوبت آئی جماعت صحابہ سے کچھ لوگ اس معاملہ سے کچھ کترائے یہ لوگ اس برحق جنگ میں آپ سے لڑتے تھے حالانکہ ان کو معلوم ہو چکا تھا کہ انشاء اللہ فتح مسلمانوں کی ہوگی آپ نے اس کی پیش گوئی بھی کر دی تھی سردار ان کفر کے قتل ہونے کی جگہ بھی بتا دی تھی اس وقت ان کا حال ایسا تھا جیسے پھانسی والے مجرم کو جلاد کی طرف لے جا رہا ہو جیسے حادثہ موت سے ڈر رہا ہو ایسے ہی یہ لوگ قتل سے ڈر رہے تھے حالانکہ وہاں کا سامان قتل لغنائم اور کفر تباہ ایسے ہی یہ لوگ غنائم تجارت کے سارے سامان سے ڈر رہے تھے۔

فائدے اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ** حضور انور کے سارے کام رب کی طرف سے ہیں اس سے ان پر اعتراض کرنا کفر ہے۔ **دوسرا فائدہ** اس سے یہ حکم حاصل ہوا کہ مدینہ منورہ سے حضور انور کو جدا نہ ہونے دیں گے اسی لئے فرمایا کہ مدینہ سے روانہ کیا۔

کعبہ سے ہے مدینہ سے ہے ملک سے ہے ملک میں ہے تیرا آستاں جہاں سے ہے

دوسرا فائدہ مدینہ منورہ حضور کا گھر ہے حضرت اللہ نے مدینہ بیت رسول اللہ ہونے کا یہ فائدہ **ھی بیتک** فرما کر حاصل ہوا کہ رب نے مدینہ کو حضور کا گھر بنایا تو حضور اس کی دوسری تعمیر مدینہ منورہ میں ان سے عشاق سے اس لئے ہیں کہ یہ محبوب کا گھر ہے۔

میرے آقا مدینہ میں ہے میں ہوں پیارا گدا مدینہ میں ہے

تیسرا فائدہ حضور انور کا ہر فعل ہر ادا برکت و رحمت ہے بلکہ حضور انور خود سراپا حق ہیں یہ فائدہ **بالحق** فرمانے سے حاصل ہوا۔ **چوتھا فائدہ** کفر شرک سے طبعی ناپسندیدگی کا کفر ہے نہ کہ کراہیہ کے اختیاری چیز ہے ورنہ رب تعالیٰ ان حضرات کو مومن نہ فرماتا ابوجہل کی جماعت یعنی تعمیر سے جدا کرنے سے ناخوش تھے ناخوشی اور چیز ہے برا سمجھنا کچھ اور چیز۔ **پانچواں فائدہ** کفر نا کفر کفر پر حضور پر نور سے علانیہ عرض کرنا سے کفر کفر کہنا کفر ہے نہ کہ ورنہ دیکھو صحابہ کے متعلق رب نے فرمایا **یجادلونک** مگر نہیں مومن تھا یہ نہیں تو یہ کافر ہوا لفظ اختلاف قرآن کے موقعہ حضرات صحابہ میں جو اختلاف رائے ہوا وہ نہ کفر نہ گناہ رائے دیے اختلاف گناہ نہیں۔ اسی طرح حضرت علی و معاویہ کا اختلاف گناہ نہیں کہ جب بھی سے اختلاف رائے گناہ نہیں تو حضرت علی سے اختلاف رائے کفر گناہ کیسے ہو سکتا ہے اس کی پوری بحث ہماری کتاب امیر معاویہ میں دیکھو۔ **چھٹا فائدہ** رب تعالیٰ اپنے خاص بندوں پر عتاب فرماتے ہوئے بھی ان کی حمایت نہ چھوڑے ان پر عتاب بھی کرم ہوتا ہے یہ فائدہ **کانما یساقون الی الموت** سے حاصل ہوا کہ رب نے اس فرمان میں ان کی براءت کی دو بیت بیان فرمائی وہ ایسی تھی جیسے موت کا سامان۔ پھر کراہت غیر اختیاری ہوتی ہے اس لئے قرآن میں رب حمایت فرمائے۔ **ساتواں فائدہ** اس موقعہ پر سارے صحابہ سے اختلاف رائے نہ تھا بلکہ بہت تھوڑے حضرات نے یہ **فائدہ وان فریقا من المؤمنین** سے حاصل ہوا اس کی تیسویں آیتیں چاہئے ان میں سے بہت حضرات نے ان لوگوں کو سمجھا

www.alahazratnetwork.org

پہلا اعتراض اس آیت سے معلوم ہوا کہ صحابہ حضور انور کے فرمان پر عمل سے عزت رکھتے تھے یہ عزت عرب سے بعد دوسرے مومن نہ تھے رہا دوسرا اعتراض **لکرھون رواھن** جواب یہ ہے کہ اس قبیل سے ہے **فریقامن المؤمنین** اس سے معلوم ہوا کہ عزت اور عزت میں فرق ہے یہ عزت سے بھی ہے اور عزت سے بھی ہے اس قسم کی آیات میں شرعی حکم سے عزت مراد ہے جبلی یعنی اختیاری ناخوشی یہ عزت نہیں ہوتی اس سے علماء نے فرق کیا ہے اور کہا ہے عزت موت عزت ہے اور عزت موت عزت نہیں تیسرا اعتراض **کانما یساقون الی الموت** دوسرا اعتراض اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ صحابہ اس جنگ کے واقعہ عارضہ معاندی ہوتے تھے جواب حضور کے صحابہ جیسے عاشق جاں نثار تھے ویسے ہی بہادر تھے ان سے دیکھے ہی صحابہ تھے ان میں سے بدر و احد میں بہت سے صحابہ تھے جنہوں نے بڑے بڑے بہادروں کو قتل کیا تھا جن میں عادت ہو گئی تھی کہ میدان جنگ میں وہ سامنے سے آتی ہوئی موت کو دیکھتے تھے محبوب کی ملاقات کے شوق میں اس کو کچھ نہ سمجھتے تھے اس لئے اعتراض نہ تھا یہ ان کے لئے ایسا ہی تھا جیسا کہ ہم لوگ ریل میں سفر کرتے ہیں اور ریل کے حادثہ کا خیال نہیں کرتے چوتھا اعتراض **لیحق الحق** اس سے معلوم ہوا کہ حق اور باطل میں ملا ہوا ہے یہ جواب ہے کہ **وانتم اذلۃ** سے یہ بتایا گیا ہے کہ حضور انور سے فتح کی شرط سے دین حق کی مدد کرنا اس طرح فتح کی حد ہے ستانوے تھیں ہے حضور انور نے ایک مٹھی سے میدان میں خاک پھینکی تھی جس سے ہر کافر کی آنکھ میں خاک پڑی تھی اس لئے ان کو بھاگنا پڑا تھا اس سے معلوم ہوا کہ اولیاء اللہ کی مدد سے فتح ہوتی ہے اور اولیاء اللہ کی مدد سے فتح نہیں ہوتی یہ ان کی شان نہیں ہے

تفسیر صوفیانہ اے مومنو! جب تم کو دنیا کی محبت اور دنیا کی محبت میں میدان جنگ میں لڑنے سے موت نظر آتی ہے تو تم کو اللہ کی راہ میں جہاد کر

www.alahazratnetwork.org

ہر نہ ندر وجہ ہ باشد فنا کل شیء ھالک سہ وہ جز

واقعہ اور ا ست ہا گذشت مکہ ت ا ت و فانی گشت

(یہ حاشیہ یہاں ناکارہ اور ہے ہ ر وجہ پر آیت کریمہ ہاتھ آرہی اور رفتہ رفتہ ہوتے ہوتے اس قابل نہ رہا یہاں یہ ہے کہ وہ اس فنا کی شمع پر دانہ کی طرح قربان ہو جاتے ہے پھر اس پر کل شیء ھالک کا قانون جاری نہیں ہوتا جو فنا فی اللہ ہوا ہے بقا باللہ ہو گیا)

کون کہے جو اللہ میں پہنچ گیا اس کی ہستی سے گزر گیا جو اللہ میں گم ہو وہ کبھی فنا ہو اسکتا اللہ اس میں مو ماننے **بل احیاء و لکن لا تشعرون** کا نقشہ کھینچ دیا۔ فنا کی کنی ثبوت بن جاتی ہے موت فنی سے اور فنا فی اللہ فنی کی فنی ہے اللہ والے فنا فی اللہ ملنے کی صوبیاء فرماتے ہیں کہ یہی خصوصاً حضور پر نور ﷺ ذات خود بھی حق ہیں ان کا ہر قول و فعل حق ہے حتی کہ گذشتہ انبیاء کرام سے جو عہد شیں یا خطائیں صادر ہوئیں وہ بھی حق تھیں رب کی طرف سے تھیں جن پر بہت اچھے نتیجے برآمد ہوئے سارے عالم کا ظہور حضرت آدم کی خطاء ہی سے ہے اب پڑھو **ویعلمون انک فی الحق**۔

وَإِذْ يَعِدُكُمُ اللَّهُ إِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ أَنَّهَا لَكُمْ وَتَوَدُّونَ أَنَّ غَيْرَ ذَاتِ

اور جب وعدہ فرماتا تھا تم سے اللہ دو ٹولیوں میں سے ایک کو کہ شک وہ تمہارے واسطے ہے اور

اور یاد کرو جب اللہ تم سے وعدہ فرماتا تھا کہ ان دونوں گروہوں میں ایک تمہارے لئے ہے اور تم یہ چاہتے

الشَّوْكَةِ تَكُونُ لَكُمْ وَيُرِيدُ اللَّهُ أَنْ يُحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ وَيَقْطَعَ

پسند کرتے تھے تم یہ کہ تحقیق غیر کانٹے والا سو تمہارے لئے اور ارادہ کرتا تھا اللہ کہ حق کر دکھائے

قطع کر تمہیں وہ طے جس میں کانٹے کا کھٹکا نہیں اور اللہ یہ چاہتا تھا کہ اپنے کلام سے سچ سچ کر دکھائے اور کافروں

دَابِرَ الْكَافِرِينَ ۝ لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ ۝

حق کو اپنے فرمانوں سے اور کاٹ دے جڑ کافروں کی تاکہ حق کو ثابت کر دے اور باطل کو اٹھا دے اگرچہ برا مانیں

کی جڑ کاٹ دے کہ سچ کر دے اور جھوٹ کو جھوٹا بنا دے چاہے یہ مجرم ناخوش ہوں

تعلق ان آیات کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق پچھلی آیت میں غازیان بدر سے خطاب تھا وہاں یہ فرمایا تھا کہ تم تھوڑے تھے مسلمان میں کم سے اللہ نے بڑی مدد فرمائی تم لڑنے نہیں نکلے تھے اللہ نے تمہیں فتح دینا چاہی تم سے اب رب تعالیٰ سے بدر کی فتح کا تذکرہ فرما رہا ہے جو صحابہ کے وقت سے بعد خوف والے مسلمانوں کو بھی ہر وقت ہر جگہ ہر حال میں یاد رکھنا چاہیے۔ دوسرا تعلق پچھلی آیت میں فرمایا تھا کہ اللہ صحابہ کے ہاتھ سے کفار کو قتل کرواتا ہے اپنے سے موت کھلوا کر ان سے کہتا ہے کہ تم نے نہیں مارا ہم نے مارا اب یہ فرماتا ہے کہ ہم نے بدر میں کفار سے موت دلوائی تم سے نہیں ہو سکتی تھی۔ تیسرا تعلق پچھلی آیت میں حضور پر نور ﷺ کی حفاظت کا ذکر ہوا کہ آپ کا ہر عمل ہر قول بلکہ ہر خیال حق ہے اب ان کی حفاظت کی

www.alahazratnetwork.org

وعدہ ارشاد ہو رہی ہے کہ فتح کا ہر عمل رب کے راضی سے ہوتا ہے اس کا انجام محمود بلکہ ساری تحقیق کے لئے اچھا ہوتا ہے۔ **چوتھا تعلق** پچھلی آیت میں ارشاد ہوا تھا کہ حق ظاہر ہونے کے بعد یہ لوگ آپ سے جھگڑتے ہیں اب حق غالب ہونے کی تفصیل ارشاد ہو رہی ہے کہ اللہ نے ان سے وعدہ فتح فرمایا اگرچہ یہ وعدہ حضور نے کیا تھا مگر حضور کا وعدہ رب کا وعدہ اس لئے ظہور قرار دیا گویا یہ آیت پچھلی آیت کی شرح اس کی تفصیل ہے۔

تفسیر واذ یعدکم اللہ اس فرمان میں جو فکر ہے وہ یہ عبارت **اذکروا** پوشیدہ کا مفعول ہے یا معمول اس لئے اس میں واو اعتنائیہ ہے **یعد** باب وعد سے کسی اچھی چیز کا امید دلانا وعدہ ہے بری اور خطرناک چیز سے ڈرانا **وعید** اللہ تعالیٰ کے وعدے ایسے ہیں کہ ان کا خلاف ہونا بالکل ناممکن ہے اگرچہ وعدہ عام دیں مدرسے حضور مخاطب ہے یہ تھا مگر چونکہ حضور اور کا وعدہ رب تعالیٰ کا وعدہ ہے اس لئے **یعدکم اللہ** ارشاد ہوا **احدی الطائفتین** یہ عبارت **یعد** کا دوسرا مفعول **احدی** موث ہے وعدہ کا خلاف قیاس دونوں سے مراد عیر اور نفیر ہیں عیر ابوسفیان کا قافلہ جس میں صرف چالیس آدمی تھی اور نفیر ابوجہل کی جماعت جس میں ایک ہزار آدمی ہو گئے تھے جو سارے مسلح تھے دونوں میں سے یہ سے مراد نفیر ہے یعنی رب تعالیٰ نے آپ محبوب کے ذریعہ تم سے دونوں میں سے ایک یعنی نفیر کا وعدہ کیا تھا کہ **انہا لکم** یہ عبارت بدل اشتمال ہے **احدی الطائفتین** کا **لکم** میں مستلزم کا ذکر یا خصوصیت کا بیان ابوجہل کی یہ جماعت تمہارے لئے کہہ دی گئی ہے تمہارے پورے طور پر مسلط ہو گے کہ ان کے چوٹی کے سرداروں کو قتل کرو گے اور بہت کو قید اور ان قابل غنیمت بنا کر رکھو گے یہ مطلب خوب سمجھ میں آ رہے کہ رب نے تم سے ان دونوں میں سے ایک یعنی نفیر کا وعدہ کیا مگر تمہارا یہ حال تھا کہ اس وعدہ کے باوجود **تودون ان غیر ذات الشوکۃ تکون لکم** یہ عبارت معطوف ہے **یعدکم تودون** سے **ودّ** کے معنی چاہنا پسند کرنا رغبت کرنا ذات موث ہے ذو کا شوکت بنا ہے شوک سے معنی کانٹا یا کانٹے دار درخت کو بھی شوک کہتے ہیں یہ ہری لوک کو بھی شوک کہا جاتا ہے کہ وہ کانٹے کی مشابہ ہے اصطلاح میں تیزی اور تعبیر کو شوک کہتے ہیں ذات الشوکۃ تو ابوجہل کی جماعت یعنی نفیر تھی اور غیر ذات الشوکۃ ابوسفیان کی جماعت یعنی عیر تھی یہاں بھی لکم میں مستلزم کا ذکر ہے یعنی اس وعدے کے باوجود تم یہی پسند کرتے تھے کہ تمہارا قافلہ ابوسفیان کے قافلہ سے جو اس سے پہلے سے عیر میں ہے زیادہ تعداد کا نہ تمہیں تکلیف نہ پہنچے **ویرید اللہ ان یحق الحق** اس فرمان عالی میں رب تعالیٰ کے ارادے اس کے وعدے کی حکمت کا بیان ہے۔ **یحق** باب افعال سے معنی حق ظاہر کر دینا اس کی حقانیت لوگوں کو دکھا دینا حق سے مراد اسلام اور اس کی حقانیت ہے یعنی اگر تم ابوسفیان کے قافلہ پر قابو لیتے تو اسلام کی حقانیت ظاہر ہوتی یعنی مسلمان کا وہ قلیل سا قافلہ چھوٹا سا تھا اس کے پاس سامان جنگ تھا نہیں اس سے مقابلہ کرنا اب اس کے برعکس ہو کہ تم بے باوجود اپنی بڑی اور بے سامانی کے ایسے لشکر جرار کو تہ و بالا کر دو اس میں شان الٰہی پتہ چلا کہ تمہارے پاس روحانی طاقت ہے **بکلماتہ** یہ فرمان متعلق ہے حق کے کلمات سے مراد وہ وعدے الٰہی ہے جو حضور اور کو اس کے متعلق کئے گئے یا حضور اور کے فرمان عالیہ کہ کل فلاں یہاں مارا جوئے گا اور فلاں کافر یہاں یا وہ احکام یہ مراد ہیں جو غزوہ میں مدد کرنے والے فرشتوں کو دیئے گئے جس کا ذکر اگلی آیت میں ہے **ویقطع دابر الکافرین** یہ عبارت

www.alahazratnetwork.org

معطوف ہے **یحق الحق** اور یہ اس کا مفعول۔ اور یہ اس سے دور ہے مفعول پیچھے اور یہ پیچھے سے دال چیز استعمال میں جز ہوتے ہیں یہ اس وقت ہوتا ہے جب تاکید کے طور پر پہلے شخص مانے ہیں تو پہلے شخص مانے میں پھر تاکید پھر سب سے پیچھے جو کافروں سے کہا علماء نے ہم چاہتے تھے کہ تمہارا قافلہ جو سب سے آگے تھا اور جس کے ساتھ ابوسفیان اور ان کے ساتھی تھے اس تو کفار مکہ کے پاس سے سلامت رہے گا اور قیدی ہو جائیں گے **لیحق الحق** یہاں حق اور باطل کا مفعول تھا یعنی ہم نے حق کو ظاہر کرنے کا ارادہ کیا اور یہ ارادہ کیا کہ حق کو غالب کریں اور باطل کو مٹا دیں یہ اس حق و باطل میں فیصلہ کن جنگ ہوئی جس کا ذکر سورت میں کئی بار گزرا ہے **ویبطل الباطل** یہ معطوف ہے پہلے باطل سے مراد ہے جھوٹا دین اور جھوٹا مذہب اور باطل سے مراد ہے کفار مکہ کا شرک اور ان کے جھوٹے معبود ظاہر کا تقاضا یہ ہے کہ یہ اسی صورت میں ہو کہ تم کو ابوجہل جماعت سے علیحدہ کیا جائے **ولو کرہ المجرمون** یہاں مجرموں سے مراد کفار مکہ ہیں **کرہ** سے مراد ہے ان کا ارادہ اور خلاف توقع شکست ہاں اگرچہ کفار مکہ تمہاری فتح اور اپنی شکست سے بہت ناخوش تھے یہ وہ لوگ ان کی امید کے خلاف ہوا وہ تم کو شکار کرنے شراب پینے رقص و سرود کی محفلیں گرم کرنے کے خواب دیکھ رہے تھے مگر ہوا یہ کہ پہلے ہی حملہ میں ان کی دونوں کے ہاتھوں ابوجہل قتل ہوا۔

خلاصہ تفسیر اے مسلمانو وہ وقت بھی یاد کرو جب اللہ تعالیٰ تم سے وعدہ فرماتا تھا کہ دو گروہوں میں سے ایک تمہارے ہاتھ آئے گا یعنی ابوجہل کی جماعت یا ابوسفیان کا قافلہ اور تم یہ چاہتے تھے کہ تمہارے ہاتھ بغیر کسی مسلح جماعت سے مقابلہ کئے ہوئے قافلہ ہی آجائے اور اللہ تعالیٰ یہ چاہتا تھا کہ اپنے کلمات کے ذریعہ سے حق کو ثابت کر دے اور کافروں کی جڑ کاٹ دے تاکہ اسلام کی حقانیت اور کفر کا بطلان خوب ظاہر ہو جائے اگرچہ مجرم لوگ برا ہی مانیں۔ یہ اس وقت کا ذکر ہے جب تم مدینہ سے چلے تھے اور ابوسفیان کا قافلہ شام سے آ رہا تھا اور ابوجہل اس کی حفاظت کے لئے مکہ سے آ رہا تھا اور ابوسفیان کو راستہ ہی میں اس کی اطلاع مل گئی تھی اس نے ضمضم غفاری کو مکہ بھیج دیا تھا کہ وہ جا کر قافلہ کی خبر گیری کے لئے مکہ والوں کو بلا لائے چنانچہ وہ مکہ پہنچ کر اپنے روایتی طریقہ پر چیخا چلایا تھا کہ اونٹ کی پیٹھ پر سوار ہو کر اس کا منہ چیر دیا تھا کجاوہ الٹ دیا تھا اور کرتہ پھاڑ ڈالا تھا اس کی اس حرکت سے مکہ میں کہرام مچ گیا تھا اور ابوجہل کی جماعت کے ساتھ ہی ابوسفیان کا قافلہ بھی بچ کر نکل گیا تھا اور ابوجہل کی جماعت سے تمہارا مقابلہ ہو گیا تھا اور تم نے ان کو شکست دے دی تھی اور ان کے ستر آدمی قتل کر دیئے تھے اور ستر قید کر لئے تھے اور ابوجہل کی جماعت کے ساتھ ہی ابوسفیان کا قافلہ بھی بچ کر نکل گیا تھا اور تم نے ابوجہل کی جماعت سے بھڑ کر یہ چاہا تھا کہ حق کا حق ہونا اور باطل کا باطل ہونا ظاہر ہو جائے اگرچہ یہ شکست کفار کو بڑی ہی بری معلوم ہوئی اور ان کی یہ شکست ان کی توقع کے بالکل خلاف ہوئی۔

حکایت جب ابوجہل نے مکہ معظمہ میں مدد کے لئے اپنی جماعت جمع کی تو بڑے بڑے سردار اس لشکر میں شامل کیا ابولہب کے سوا بنی قریبا سارے ہی سردار لشکر میں شامل ہو گئے۔ ابولہب نے اپنی طرف سے عاص بن ہشام بن مغیرہ کو بھیج دیا تھا اس نے یہ کہلا بھیجا تھا کہ وہ اگلی قسط سے ادا کر دے گا تمہارے سردار تو چل دیئے مکہ خالی ہے ہو سکتا ہے تمہارے پیچھے مکہ پر قبیلہ ہی بنو خزاعہ ان کے خون کے پیاسے ہیں اور تمہارے گھروں بچوں بیویوں پر حملہ کر دیں اس سے ہماری پوری قوم سے قریب تھا یہ شعر تر ہو جائے کہ ابلیس سراقہ بن مالک بن جعشم کی مخصوص شکل میں آیا اور سراقہ قبیلہ بنی بکر کے سردار تھے اور بولا کہ تم ایک بڑے کام کے لئے جا رہے ہو میں تم کو ضمانت دیتا ہوں کہ میرا قبیلہ بنی بکر تمہارے پیچھے مکہ پر کوئی حملہ نہ کرے گا بلکہ تمہاری مدد کرے گا یہ سنتے ہی ان لوگوں نے خوشی سے نعرے لگائے اور حملہ کے لئے تیار ہو گئے (تفسیر خازن) اور حقیقت ان سب کے سروں پر موت سوار تھی یہ ہی ابلیس اسی جنگ بدر کے موقعہ پر خاص بدر

www.ahazratnetwork.org

کی رات تیغ بھدی کی شکل میں کفار مکہ کے دل پر اتاری رات بھر اسی جنگ کی چھیں سکھاتا رہا جس کا پورا واقعہ قرآن مجید میں مذکور ہے صبح کے وقت کفار کو میدان جنگ میں ساتھ لایا مگر فرشتے نازل ہوتے دیکھ کر بھاگنا چاہا کفار سے روکا چاہا نہ رکے تو ان معون ہتا تھا ب وقت پر کہاں بھاگا جاتا ہے تو بولا **انی اری مالاترون انی اخاف اللہ رب العلمین**

فائدے۔ اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ**: حضور علیہ السلام رب تعالیٰ کے نائب ہیں سے کفار سے جو کہ حضور کا وعدہ رب تعالیٰ کا وعدہ ہے یہ فائدہ **یعدکم اللہ** سے حاصل ہوا کہ یہ وعدہ ان حضرات سے حضور علیہ السلام نے فرمایا تھا مگر رب تعالیٰ فرمایا **یعدکم اللہ** اللہ تعالیٰ نے تم سے وعدہ کیا۔ **دوسرا فائدہ** طبیعت انسانی طالب عیش و آرام چاہتی ہے حقیقت پر نظر کسی کسی کی ہوتی ہے یہ خواہش جرم نہیں اور نہ اس پر پکڑ ہے یہ فائدہ **وتودون** سے حاصل ہوا کہ رب تعالیٰ نے ان غازیوں بدر کی یہ خواہش بیان فرمائی مگر اسے جرم قرار نہ دیا بلکہ اسی سے اتنا بڑا کارخیر کرایا۔ **تیسرا فائدہ** کبھی ظاہری معصیت و تکلیف کا انجام پرشاندار ہوتا ہے معصیت پر جلد گھبرانا نہیں چاہئے انجام کا انتظار کرنا چاہے یہ فائدہ **یحق الحق** سے حاصل ہوا۔ **چوتھا فائدہ**: غزوہ بدر اللہ تعالیٰ کی قدرت اور حضور علیہ السلام کے معجزے کا بڑا نمونہ تھی اس میں چند باتیں بے مثل ہوئیں (1) مسلمانوں کا جنگ کے لئے بالکل تیاری نہ کرنا کفار کا پوری تیاری سے میدان میں آنا (2) مسلمانوں کی تعداد بہت تھوڑی ہونا کفار کی تعداد لوگنی سے بھی زیادہ ہونا (3) مسلمانوں کا بالکل بے سروسامان ہونا کفار کا ہر طرح سازوسامان آلات جنگ سے مسلح ہونا (4) مسلمانوں میں اکثر کا ناتجربہ کار ہونا کفار کا تجربہ کار جنگ آزمودہ ہونا (5) حضور علیہ السلام کا پہلے ہی فتح کی بشارت دے دینا (6) حضور علیہ السلام کا ایک دن پہلے خط کھینچ کر ہر کافر کے قتل گاہ تعین فرما دینا پھر اس کافر کا اس جگہ مارا جانا ایک انچ ادھر ادھر نہ ہونا (7) جنگ شروع ہونے سے پہلے ابوجہل کا دو ناتجربہ کار بچوں کے ہاتھ قتل ہونا اور نقشہ جنگ کا موسموں سے موافق ہو جانا (8) اس جنگ میں بڑے بڑے سرداروں کفار کا مارا جانا (9) مسلمانوں کے ہاتھوں ستر کفار کا مارا جانا ستر کا قید ہو جانا (10) مسلمانوں کی مدد کے لئے آسمان سے فرشتوں کا اترنا وغیرہ وغیرہ ان وجوہ سے قرآن کریم نے اس غزوہ کو بڑا جگہ جگہ کہہ کر اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانی قرار دیا۔

پہلا اعتراض اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ حضرات صحابہ آرام طلب عیش پسند تھے دیکھو ایسے نازک موقعہ میں بھی طلب تھی جس میں تکلیف ہے اور فرماتا ہے **وتودون ان غیر ذات الشوکۃ تکون لکم** جواب اگر یہ حضرات آرام طلب عیش پسند تھے تو بدر کی جنگ اس کے علاوہ بڑی بڑی جنگیں جن کی کس سے کہیں اسوں سے بھی کہیں بدر کی آرام طلبی نہ تھی بلکہ تیاری جنگ نہ کرنے کی وجہ سے عرض کیا تھا کہ ہم کوئی اچھی موقعہ تیاری کا یا جتھے علم ہو کہ ہمیں جانوروں سے فتح ہے دوسرا اعتراض کیا رب تعالیٰ نے غازیان بدر کو اختیار دیا تھا کہ چاہیں تو عیر یعنی ابوسفیان کے قافلہ سے لڑیں اور چاہیں تو نفیر یعنی ابوجہل کے جنگجو سرداروں سے، اگر نہیں دیا تو اس کے کیا معنی کہ **اذیعدکم اللہ احدی الطائفتین** اور اگر اختیار دیا تھا کہ وہ حضرات تو عیر سے جنگ چاہتے تھے انہیں نفیر سے لڑنے پر مجبور کیوں کیا گیا اختیار و جبر میں تعارض ہے۔ جواب اس آیت سے اختیار دینا ثابت نہیں ہوتا۔ آیت کے معنی ہی ہیں کہ ہم تو تم سے ایک وعدہ کرتے تھے یعنی نفیر کا اور تم دوسرے تو کو چاہتے تھے یعنی عیر کو جس میں تم کو کوئی دشواری نہ ہو۔ **تیسرا اعتراض** غزوہ بدر سے حق

دو باطل میں فرق کیسے ہو اور رسمیں جنتیں ہوتی رہتی ہیں جن میں بعض کو فتح بعض کو شکست ہوتی ہے پھر اس کفار سے شکست سے کیوں ہوتا ہے ابھی جنگ عظیم میں جو جرمن اور انگریزوں میں ہوئی ہوا ہوائی ہوئی مارے گئے بھی مریدہ دونوں میں جنگ ہو رہی ہے روزانہ سینکڑوں مارے جا رہے ہیں۔ **جواب** جنگ بدر کی اہمیت اور اس کی بے مثل اہم کئی چوتھے فائدے کے ماتحت عرض کر چکے ہیں۔ تھوڑے سے تجربہ کاروں سے بہادر لوگوں کا کہ تیاری کر سکتے تھے ایسے تجربہ کار تیار لشکر جرار سے مقابلہ پھر دو چوں کا ابو جہل کو مارنا یہی فرشتوں فلدوں کے بڑے بڑے سرداروں کا جہنم حق و باطل کا فیصلہ نہیں تو اور کیا ہے۔ **چوتھا اعتراض** جنگ بدر سے کفار کی جڑ تو نہیں کٹی کفار تو اب تک موجود ہیں پھر یہ فرمان کیونکر درست ہوا۔ **ویقطع دابر الکافرین** رب تعالیٰ کافروں کی جڑ کاٹ دے۔ **جواب** کافرین سے مراد مکہ ہیں واقعی اس جنگ میں ان کی جڑیں کٹ گئیں کہ بڑے بڑے سردار مارے گئے جو بچے وہ آخر ایمان لے آئے بہت وہ تھے جو جنگ بدر کا حال یکھ کر دل سے ایمان لے آئے مگر اس کا اظہار بعد میں کیا جیسے حضرت عباس **پانچواں اعتراض** اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ صحابہ خصوصاً انصاری مدد مجرم لوگ تھے فرماتا ہے **ولو کرہ المجرمون** انہوں نے ہی کراہت کی تھی۔ **جواب** یہ ترجمہ ہی غلط ہے مجرموں سے مراد کفار مکہ ہیں جو مسلمانوں سے لڑنے آئے تھے انہیں یہ شکست بہت ناپسند ہوئی کہ وہ بھوکے بھوکے تھے اور ہو گیا پیٹ اور حق و باطل کا فیصلہ مومنوں کے ہاتھ ہی ہوئی کاش ہوا وہ لوگ اس فتح سے کراہت کیوں کرتے۔

تفسیر صوفیانہ۔ جیسے عالم ظاہر میں روئی کھانے وغیرہ کے مختلف ڈبے ہیں کہ پانی کنوئیں تالاب دریا وغیرہ سے ملتا ہے مگر آگ کے لئے قدرت نے کوئی ڈبہ پیدا نہیں کیا آگ خانہ کیسی کنوئیں سے تالاب نہ سمندر بلکہ یہ ہر جسم میں قدرت نے ودیعت رکھی ہے کوئی تیلی لگانے والا ملے اس کے لگتے ہی وہ چیز آگ بن جاتی ہے یوں ہی عالم روحانیات میں اطاعت کا روحانی پانی ہے جس کا ڈبہ علماء دین اور نبی لوگ یا اور مقدس مقامات ہیں مگر عشق رسول کی آگ کے لئے یہ تمام ہیں مدرسے نہ معلمین یہ تو قدرت نے ہر دل میں رکھی ہے **وفی انفسکم افلا تبصرون** ان سے نئے دل تیلی لگانے والی نگاہ چاہئے تو دل جو ہی عزیز فقیر ہے یہ حضرت مدینہ رسول دیکھ کے مطیع تھے فرمانبردار تھے مگر جب میدان بدر میں پہنچے تو ان میں عشق رسول کی آگ لگی ہوئی تھی انہوں نے اطاعت کی نگاہ سے میدان اور لشکر کو دیکھا اور عشق کی نگاہ سے حبیب خدا کے ایک لفظ اور ایک نظر نے تیلی کا کام دیا دلوں میں لگی آگ بھڑک اٹھی جنگ بدر کا نقارہ بجا اور بدر کے میدان میں سب جہنم کر کے رکھ دیا عقل میں اگر مگر ہے عشق ان جھگڑوں سے آزاد ہے۔

ع خطر کود پڑا آتش نمرود میں عشق عقل ہے محو تماشائے لب بام ابھی

اس عقل و عشق کی جنگ میں بدر کی جڑ کٹ گئی اور مومنوں کی جڑ اور بھی قائم ہو گئی یہ آیت یہ عقل و عشق کی جنگ

www.alahazratnetwork.org

إِذْ تَسْتَغِيثُونَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ أَنِّي مُمِدُّكُمْ بِأَلْفٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ

جب کہ مدد مانگتے تھے تم اپنے رب سے پس قبول کرلی رب نے تمہاری (کہ) میں مدد دینے والا ہوں تم کو

جب تم اپنے رب سے فریاد کرتے تھے تو اس نے تمہاری سن لی کہ میں تمہیں مدد دینے والا ہوں ہزار

مُرْدِفِينَ وَمَا جَعَلَهُ اللَّهُ إِلَّا بُشْرَىٰ وَلِتَطْمَئِنَّ بِهِ قُلُوبُكُمْ وَمَا

یکے بعد دیگرے فرشتوں سے آئے پیچھے اور نہیں جعلا اس کو اللہ نے مگر بشارت اور تاکہ مطمئن ہو جائیں دل تمہارے

فرشتوں کی قطار سے اور یہ تو اللہ نے نہ کیا مگر تمہاری خوشی کو اور اس لیئے کہ تمہارے دل میں پائیں

النَّصْرُ إِلَّا مِنْ عِنْدِ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝

اور نہیں ہے مدد مگر اللہ کے پاس سے بیشک اللہ غلبہ والا حکمت والا ہے۔

اور مدد نہیں مگر اللہ کی بیشک اللہ غالب حکمت والا ہے۔

تعلق اس آیت کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق پچھلی آیات میں جنگ بدر کا مقصد بیان ہوا حق کی حقانیت اور باطل کے بطلان کا اظہار اب اس کی صورت بیان ہو رہی ہے کہ یہ کیسے ہوا ان ہزاروں کی دعا اور آسمانی مدد بھی اس میں شامل تھی۔ دوسرا تعلق پچھلی آیت میں مادی مدد کی مدعی نکچیاہٹ کا ذکر تھا کہ کفار کی ظاہری شان دیکھ کر سہم گئی تھی اب ان کے اصلی ذاتی استقلال اور اس اشتعال پر رحمت خداوندی کا تذکرہ ہے یعنی غیبی آسمانی مدد کا تیسرا تعلق پچھلی آیت میں اللہ تعالیٰ کے وعدہ کا ذکر ہوا **واذ یعدکم اللہ احدی الطائفتین** اب اس وعدہ کے پورا ہونے کا ذکر ہے کہ یہ وعدہ آسمانی امداد سے پورا کیا گیا۔

نزول: مسلم شریف احمد ابوداؤد ترمذی نے حضرت عبداللہ ابن عباس سے روایت کی وہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت عمر ابن خطاب نے خبر دی کہ غزوہ بدر کے موقعہ پر حضور پرنور نے اپنے صحابہ کی قلت اور بے سروسامانی ملاحظہ فرمائی اور کفار کی کثرت اور ان کے سازوسامان کو دیکھا تو آپ عریش میں قبلہ رو ہو کر دعا کی الٰہی تو نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے وہ پورا کر اے میرے رب اگر تو نے میری اس چھوٹی جماعت کی مدد نہ فرمائی تو تیری عبادت کبھی نہ ہوگی ہاتھ پھیلائے ہوئے یہ عرض کرتے رہے حتی کہ کندھے مبارک سے چادر شریف گر گئی۔ حضرت ابوبکر صدیق نے چادر کندھے شریف پر ڈالی اور حضور سے لپٹ گئے عرض کی یا رسول اللہ آپ سے اطمینان کریں رب تعالیٰ ضرور مدد فرمائے گا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی (روح البیان معالم التنزیل خازن خازن بیضاوی صاوی وغیرہ) جس سے حضور اور حضور کے پاس حضرت ابوبکر صدیق بہت گئے۔ حضور اور پر یہ غنودگی کی طاری ہوئی پھر بیدار ہوئے اور فرمایا اے ابوبکر مژدہ ہو تمہیں یہ جبریل امین اپنے گھوڑے کی لگام تھامے آرہے ہیں (خازن)

تفسیر: اذ تستغیثون ربکم اس مدد کی دو تفسیریں ہیں اول تو یہ کہ حق تعالیٰ کا نظر سے **اذ یعدکم اللہ** کا بیان ہے۔ مگر قوی یہ ہے کہ یہ **اذکروا** محذوف کا معمول بہ ہے یعنی اس وقت کو یاد کرو جب کہ **تستغیثون** سے

www.alahazratnetwork.org

